صداقت ثقافت اور قومی شعور کا ترجمان

کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA

MEMBER A.P.N.S

روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ

رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

www.dailyakskar.com.pk Dailyaskarisb@gmail.com

جلد نمبر 24 | بروز جمعہ 20 نومبر 2026ء / 09 جمادی الثانی 1448 ہجری / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 25

کارکردگی جانچنے کے لیے پی ایم او ایس کی شکل میں ایک انتہائی مؤثر نظام تشکیل پا چکا ہے زرعی شعبے کی پائیدار ترقی اور معیشت کی مضبوطی میں جدید تحقیق کو بنیادی اور کلیدی حیثیت حاصل ہے

وزیراعظم: پاکستان آگے بڑھے گا

عام آدمی نے قربانیاں دیں، اب ریلیف کا وقت آ گیا ہے، کمزور طبقات کو سبسڈی ملے گی

حکومت زراعت میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے بھرپور مالی معاونت فراہم کرے گی، فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کے لیے جدید مشینری ناگزیر ہے، شہباز شریف کا امریکن بزنس کونسل سے خطاب

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت نے معاشرے کے کمزور طبقات کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے سبسڈی پروگرام وضع کیا، معاشی استحکام کے حصول کے لیے عام آدمی نے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ امریکن بزنس کونسل سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے معاشی مفادات کے فروغ میں امریکی سرمایہ کاروں کا اہم کردار ہے، امریکی سرمایہ کاروں نے صنعت، زراعت اور (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبوں کے آل پاکستان اسلحہ لائسنس جاری کرنے پر پابندی عائد

پہلے سے جاری آل پاکستان لائسنسوں کی بھی دوبارہ جانچ اور وفاقی توثیق لازمی قرار، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزارت (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا وفاقی محتسب دفتر کا دورہ

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) سپیکر قومی اسمبلی (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

شہباز شریف کی آسیان سیکرٹری جنرل سے ملاقات، اقتصادی تعاون پر تبادلہ خیال

وزیراعظم کا آسیان اور جنوب مشرقی ایشیائی خطے کے ساتھ پاکستان کی دیرینہ شراکت داری مزید مستحکم کرنے کے عزم

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)



وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اہم اجلاس، قطر کے وزیر داخلہ سے بڑی ملاقات، سیکیورٹی تعاون اور معاشی شراکت داری پر بڑے فیصلے، پاکستان اور قطر کے برادرانہ تعلقات نئی بلندیوں پر

اورماڑہ میں قیامت خیز حادثہ، بس اور گیس باؤزر ٹکرا گئے، 12 جاں بحق، 27 زخمی

زخمیوں میں سے 20 افراد جن میں 15 مرد، 4 خواتین اور ایک بچہ شامل ہیں کو پی این ایس درمان جاہ ہسپتال اور ماڑہ جبکہ 7 زخمیوں جن میں 3 مرد، 2 خواتین اور 2 بچے شامل ہیں کو پسنی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

تصادم اتنا شدید تھا کہ دونوں گاڑیوں میں فوری طور پر آگ لگ گئی، جاں بحق افراد میں 10 بس مسافر اور باؤزر کا عملہ شامل، پاک بحریہ اور ریسکیو 1122 نے مشترکہ امدادی کارروائیاں کیں، ہسپتالوں میں

اورماڑہ (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) اورماڑہ بسول کے قریب چاھی کے مقام پر مسافر بس اور ایل پی جی (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

سیکیورٹی فورسز کا خوارج پر قہر ٹوٹ پڑا، 22 دہشتگرد جہنم واصل

پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، وفاقی وزیر داخلہ کا خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا

ہلاک دہشت گرد علاقے میں متعدد دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے، علاقے میں موجود دیگر خوارج کے خاتمے کے لئے کلیئرنس اور سرچ آپریشنز جاری، اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

راولپنڈی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) خیبرپختونخوا میں سیکیورٹی فورسز نے مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گرد ہلاک کر دیئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 16 اور 17 نومبر کو خیبرپختونخوا کے مختلف اضلاع میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کامیاب کارروائیاں کی گئیں۔ جنوبی وزیرستان میں خوارج کی موجودگی کی (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان تنہا نہیں، پاک فوج عوام کے ساتھ کھڑی ہے: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

مشکل آپریشنل حالات میں پاک فوج کے جوانوں کا مادر وطن کے دفاع کے لئے غیر متزلزل عزم قابل تحسین ہے

فوج بلوچستان کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، سید عاصم منیر کا تربت کا دورہ، شہدائے وطن کی یادگار پر حاضری، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

راولپنڈی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن، خوشحالی، پائیدار ترقی کیلئے پاک فوج کا غیر متزلزل عزم برقرار ہے، پاک فوج بلوچستان کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے تربت کا دورہ کیا، شہدائے وطن کی یادگار پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ فیلڈ مارشل کو کو آپریشنل تیاریوں اور بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خلاف (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)



آرمی چیف کا جوانوں سے تاریخی خطاب، دشمن کو دوٹوک پیغام دے دیا، پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والے کو نیست و نابود کر دیں گے

ایشیا کے مالیاتی نظام میں بچوں کے حقوق اور ضروریات کو مرکزی حیثیت دی جائے، گیلانی

ایشیا اور بحرالکاہل کا خطہ ایک ارب سے زائد بچوں کا مسکن ہے، پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) چیئرمین سینیٹ نے حکومتوں، پارلیمانوں اور کثیرالجہتی ترقیاتی بینکوں پر زور دیا کہ وہ قومی مالیاتی پالیسیوں اور بجٹ سازی کو بچوں کے حقوق سے ہم آہنگ بنائیں اور وعدوں کو عملی سرمایہ کاری میں تبدیل کریں۔ بنکاک، 19 نومبر 2026ء: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بنکاک میں سیو دی چلڈرن کے زیر اہتمام پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتوں، پارلیمانوں (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)

قطر کے وزیر داخلہ شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (اے این این) قطر کے وزیر داخلہ اور داخلی سلامتی فورس کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی پاکستان کے سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے۔ اسلام آباد ایئرپورٹ آمد پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطری ہم منصب کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزارت داخلہ کے بیان کے مطابق اس موقع (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بیریک اور ڈی ایم سی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے میں فارغ التحصیل گریجویٹس ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی: بلوچستان کے بیٹوں نے دنیا میں لوہا منوا دیا، 18 ہیرو، 2 ملک، ایک ہی نام بلوچستان

نوجوان انجینئرز کی عالمی سطح پر کامیابی بلوچستان کے روشن مستقبل کی عکاس ہے مقامی نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتوں سے آراستہ کرنا اہم ہے

ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے جدید مہارتوں، پیشہ ورانہ ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کا ذریعہ بن رہا ہے، گفتگو

کوئٹہ (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) بلوچستان کے 18 نوجوان انجینئرز نے ارجنٹائن اور زیمبیا میں عالمی (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلاول کا بیان تضادات سے بھرپور، اتحاد کا حصہ ہیں، احسن اقبال

حکومتی فیصلوں کی ذمہ داری بھی قبول کریں، وفاقی وزیر ترقی و منصوبہ بندی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کا بیان تضادات سے بھرپور ہے، اتحادی حکومت میں شامل ہو کر حکومتی فیصلوں پر تنقید کرنا دوہرا معیار ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ آپ نے خود جو فیصلے کیے، اب انہی پر تنقید کیوں کر رہے ہیں؟ حکومت کا حصہ بھی رہنا اور اپوزیشن کا کردار بھی ادا کرنا، بیک وقت یہ رویہ نہیں چل سکتا۔ لیگی رہنما نے کہا کہ (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

چیف جسٹس پاکستان نے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 23 نومبر کو طلب کر لیا

ہائیکورٹس ججز کی سالانہ کارکردگی جانچنے کے طریقہ کار کیلئے قواعد مرتب کرنے پر غور ہوگا

اسلام آباد (اے این این) چیف جسٹس پاکستان (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستانی تجارتی وفد دسمبر میں مالدیپ کا دورہ کرے گا، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر پاکستانی تجارتی وفد دسمبر میں مالدیپ کا دورہ کرے گا جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کو 20 کروڑ ڈالر تک بڑھانے کے ہدف پر پیش رفت کرنا ہے۔ وزارتِ تجارت جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر تجارت کی قیادت میں دورہ کرنے والے وفد میں سرکاری حکام اور کاروباری نمائندے شامل ہوں گے یہ دورہ دسمبر (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

2035 تک اسلام دنیا کا سب سے بڑا مذہب بن سکتا ہے، پیو ریسرچ سینٹر

دنیا کی مذہبی آبادی میں بڑی تبدیلی متوقع، 2035 تک مسلمانوں کی تعداد عیسائیوں سے بڑھ سکتی ہے، رپورٹ

واشنگٹن (اے این این) امریکی ادارے پیو ریسرچ سینٹر کی تحقیق کے مطابق دنیا کی مذہبی آبادی میں بڑی تبدیلی متوقع ہے، 2035 تک مسلمانوں کی تعداد عیسائیوں سے بڑھ سکتی ہے اور اسلام دنیا کا سب سے بڑا مذہب بن سکتا ہے۔ ریسرچ سینٹر کی (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

میرے بھتیجے کو ناحق 60 سال سزا دی گئی، مہربانی کی جائے، شیخ رشید

انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کی

راولپنڈی (اے این این) سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ میرے بھتیجے شیخ راشد کو ناحق 60 سال سزا دی گئی ہے اس پر مہربانی کی جائے۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

الیکشن کمیشن کا 13 یونیورسٹیز کے ساتھ کنسورشیم کا قیام، مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 13 یونیورسٹیوں کے ساتھ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کر کے کنسورشیم کا باضابطہ آغاز کر دیا۔ الیکشن کمیشن اور پاکستان کے تعلیمی و تحقیقی اداروں کا یہ اقدام کے ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، جس کا مقصد انتخابی عمل میں تحقیق کا فروغ، اور سیاسی عمل میں جمہوری شعور کو اجاگر کرنے کیلئے تمام طبقات کی شمولیت کو یقینی بنانا ہے۔ مفاہمتی یادداشتوں کی تقریب کے دوران (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قلعہ عبداللہ میں امن امان کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے جماعت اسلامی کے وفد کی اہم ملاقات، پیٹرولیم قیمتوں اور فیول سبسڈی کا دائرہ بڑھانے پر مشاورت، اپریل سے اب تک پیٹرول 133 روپے اور ڈیزل 162 روپے فی لیٹر سستا، عوام کو مزید ریلیف دینا حکومت کی اولین ترجیح قرار



فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے قطر کے وزیر داخلہ کی اہم ملاقات، دوطرفہ سیکیورٹی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق، مشترکہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے قریبی تعاون جاری رکھنے کا عزم

جنگ کے طریقے تبدیل، مسلح افواج جدید تقاضوں کے مطابق تیار ہیں: نیول چیف

پاک فضائیہ کی تابناک تاریخ ہے جو اسے ورثے میں ملی ہے، قوم کا اعتماد افواج پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہے، پاکستان اور ترکیے کے درمیان دیرینہ دفاعی شراکت داری قائم ہے

مسلح افواج جنگ کے نئے رجحانات اور تقاضوں سے بخوبی آگاہ اور نمٹنے کیلئے تیار ہیں، ایڈمرل نوید اشرف کا رسالپور پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن پریڈ کی تقریب سے خطاب

رسالپور (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے کہ جنگ کے طریقے تبدیل ہو چکے ہیں، مسلح افواج نئے تقاضوں سے بخوبی آگاہ اور نمٹنے کیلئے تیار ہیں۔ رسالپور پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن پریڈ کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران پر مشترکہ حملوں کے لئے موساد چیف کا امریکا میں گٹھ جوڑ بے نقاب

ایران پر حملہ کرنے کا موقع تیزی سے ہاتھ سے نکل رہا ہے، اسرائیلی خفیہ ایجنسی کے سربراہ کی ٹرمپ کو قائل کرنے کی کوشش

واشنگٹن، لندن (اے این این) ایران پر مشترکہ حملوں کیلئے موساد چیف کا امریکا میں گٹھ جوڑ بے نقاب ہو گیا، برطانوی خبر رساں ادارے نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد کے سربراہ رومن گوفمین نے گزشتہ ہفتے امریکی حکام کے ساتھ ہونے (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

حوثیوں کی سعودی عرب پر میزائل حملے کی کوشش ناکام، 4 بیلسٹک اور ایک کروز میزائل تباہ

میزائل کا ملبہ ایک رہائشی علاقے میں گرنے سے نقصانات کی تصدیق ہوئی ہے، جائزہ لیا جا رہا ہے، سعودی اتحاد

ریاض، صنعا (اے این این) سعودی عرب کیخلاف یمن کے حوثی ملیشیا کی ایک اور جارحیت، سعودی اتحاد نے جنوبی ریجن کی جانب داغے گئے چار بیلسٹک میزائل تباہ کر دیئے، جبکہ حوثیوں کا ایک کروز میزائل بھی مار گرایا گیا۔ سعودی اتحاد کے مطابق حوثیوں (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان آسیان کیساتھ تجارت، سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کا خواہاں ہے: اسحاق ڈار

دنیا میں مکالمے کے فروغ کیلئے آسیان کی کوششوں کو اہمیت دیتے ہیں، امن، استحکام اور مشترکہ ترقی کیلئے اجتماعی کوششیں ضروری ہیں،، نائب وزیراعظم

تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی ترقی میں تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے، عوامی روابط، ثقافتی تبادلوں اور نجی شعبے کی ترقی میں تعاون ناگزیر ہے، کاؤ کم ہورن

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان آسیان کے ساتھ تجارت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کا خواہاں ہے۔ آسیان کے سیکرٹری جنرل کاؤ کم ہورن کے ساتھ ملاقات کے موقع پر نائب وزیراعظم نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا میں مکالمے کے فروغ کیلئے آسیان کی کوششوں کو اہمیت دیتا ہے، امن، استحکام اور مشترکہ ترقی کیلئے (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)



وزیراعظم شہباز شریف کا آسیان ممالک کے ساتھ دیرینہ شراکت داری مزید مضبوط بنانے کا اعادہ، جنوب مشرقی ایشیا سے تعلقات کو نئی بلندیوں پر لے جانے کا عزم

عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے: خواجہ آصف

اقوام متحدہ کے امن مشنز میں 183 پاکستانی اہلکاروں نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، پاکستان کی خدمات اور قربانیاں اس کے فعال بین الاقوامی کردار کا ثبوت ہیں

عالمی سطح پر وقارِ انسانیت، انصاف اور پائیدار امن کے فروغ کے لئے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا، وزیر دفاع کا شومان سیکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم سے خطاب

برسلز (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عالمی امن کیلئے اجتماعی شعور، مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے، امن صرف جنگ نہ ہونے کا نام نہیں بلکہ پائیدار استحکام کیلئے انسانی سلامتی کو ترجیح دینا ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یورپی پارلیمنٹ برسلز میں شومان سیکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ خواجہ آصف نے کہا (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)



گوادر، بسول کے قریب کراچی جانے والی مسافر کوچ کے مائع پٹرولیم گیس (ایل پی جی) باؤزر سے ٹکرانے اور آگ لگنے کا منظر

اداروں کی کارکردگی جانچنے کیلئے نظام تشکیل پا چکا، وزیراعظم

اہداف میں تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پی ایم او ایس کی شکل میں وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور اداروں کی کارکردگی جانچنے کے حوالے سے انتہائی مؤثر نظام تشکیل پا چکا ہے، سسٹم کے تحت دیئے گئے اہداف اور ٹائم لائنز میں (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت ایک بار پھر ملتوی، مسلسل 15 ماہ سے زیر التوا

بھتیجے نے فیصل آباد آج تک دیکھا نہیں اور اسے 60 سال کی سزا دے دی گئی، شیخ رشید کی پیشی کے موقع پر گفتگو

راولپنڈی (اے این این) انسداد دہشت گردی عدالت نے سانحہ 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت ایک مرتبہ پھر ملتوی کر دی۔ جی ایچ کیو حملہ کیس 15 ماہ سے مسلسل زیر التوا ہے جبکہ کیس کی سماعت کے لئے وڈیو لنک سسٹم 15 ماہ میں بھی (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

کواڈ اجلاس، مودی ٹرمپ سے براہ راست ملاقات سے محروم

امریکی صدر نے محض رسمی ملاقات اور بات چیت تک ہی اکتفا کیا

نئی دہلی (اے این این) کواڈ اجلاس میں امریکی صدر نے مودی سے براہ راست ملاقات کے بجائے محض رسمی ملاقات اور بات چیت تک ہی اکتفا کیا۔ بھارتی جریدہ بزنس اسٹینڈرڈ کے مطابق برسوں تک ٹرمپ کی خوشامد اور قریبی شراکت دار بننے کی کوششوں کے باوجود مودی کواڈ اجلاس میں امریکی صدر سے براہ راست ملاقات یقینی نہ بنا سکا۔ جون 2026 میں جی سیون سربراہی اجلاس کے بعد سے بھارتی وزیراعظم کی امریکی صدر ٹرمپ سے ملاقات نہیں ہوئی۔ بھارتی جریدہ دی ویک کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ کے بھارت آنے پر آمادہ نہ ہونے کے باعث کواڈ سربراہی اجلاس بھارت کے بجائے فلپائن میں منعقد کیا گیا۔ امریکہ (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

یوکرین کے تاریخی مرکز پر روسی حملوں میں چار افراد ہلاک، 13 زخمی

فرانس یوکرین میں اپنے فوجی اہلکاروں کی موجودگی کے ساتھ کھڑا ہے، وزارت خارجہ

کیف، پیرس (اے این این) یوکرین کے خطے اوڈیسا میں تاریخی مرکز پر روسی حملوں میں چار افراد ہلاک اور کم از کم 13 زخمی ہوئے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق علاقائی فوجی انتظامیہ کے گورنر اولیہ کیپر نے بتایا کہ تین الگ الگ روسی حملے صبح کے وقت ہوئے جس میں ضلع کو نشانہ بنایا گیا اور اپارٹمنٹ کی عمارتوں، کیفے، دکانوں اور کھڑی کاروں کو نقصان پہنچا۔ ریاستی ایمرجنسی سروس کی طرف سے شائع کردہ رپورٹ میں عملے کو گرے ہوئے ڈھانچے کے اندر آگ کے شعلوں سے لڑتے ہوئے اور دھواں دھار گاڑیوں کو بجھانے والا بتایا گیا، جب طبی عملے زخمی شہریوں کو اسٹریچر پر ایمبولینسوں کی طرف لے جا رہے تھے۔ حکام نے نوٹ کیا کہ تباہی کی اصل حد (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال مالدیپ کے وزیر تجارت محمد سعید کے ساتھ ورچوئل میٹنگ میں پاکستانی وفد کی قیادت کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد تین آئل ٹینکرز میں آگ لگ گئی

بحری بارودی سرنگیں آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکروں کیلئے خطرہ بن گئیں، ایرانی پاسداران انقلاب

تہران، مسقط (اے این این) آبنائے ہرمز میں بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد تین آئل ٹینکروں میں آگ لگنے کا دعویٰ سامنے آیا ہے۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز (یو کے ایم ٹی او) کے مطابق آبنائے ہرمز سے گزرنے والے ایک آئل ٹینکر کو نامعلوم سمت سے آنے والی چیز نے نشانہ بنایا، جس سے جہاز کے انجن روم کو نقصان پہنچا۔ یو کے ایم ٹی او نے واقعے کی اطلاع دیتے ہوئے سمندری جہازوں کو محتاط رہنے کی ہدایت کی ہے۔ یو کے ایم ٹی او کے مطابق یہ واقعہ گزشتہ روز عالمی وقت کے مطابق شام 4 بج کر 45 منٹ پر پیش آیا، جب ٹینکر آبنائے ہرمز سے باہر کی جانب سفر کر رہا تھا۔ واقعے کا مقام عمان کے علاقے قصب سے تقریباً 6 بحری میل شمال میں بتایا گیا ہے۔ یو کے ایم ٹی او کو مقامی حکام کی جانب سے تاخیر سے اطلاع موصول ہونے کے بعد جمعرات 19 نومبر کو متحدہ عرب امارات کے مقامی وقت کے مطابق رات 2 بج کر 30 منٹ پر واقعے کا الرٹ جاری کیا گیا۔ ادارے کے مطابق جہاز کے عملے کے تمام ارکان محفوظ ہیں اور ان کی موجودگی کی تصدیق کر لی گئی ہے۔ تاہم جہاز کو پہنچنے والے نقصان کی نوعیت (بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

ٹرمپ کا ایران کے خلاف دوبارہ جنگ لڑنے کا اعلان، کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں کا الزام

جب تک معاہدہ حاصل نہیں ہو جاتا، کسی نہ کسی طریقے سے ہم اس معاملے کو مکمل طور پر ختم کر دیں گے، انٹرویو

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ ایک ایسا دیرپا معاہدہ چاہتے ہیں جو مستقبل میں کسی کمزور امریکی صدر کے اقتدار میں آنے کے باوجود برقرار رہے، ایران کے ساتھ معاہدہ طے پانے تک امریکی فوجی ایران میں موجود رہیں گے۔ امریکی ٹی وی چینل فاکس نیوز کو انٹرویو میں ٹرمپ نے کہا کہ اگر امریکا میں کوئی کمزور صدر برسر اقتدار آ جائے تو بھی ایران کے ساتھ ہونے والا معاہدہ ختم نہیں ہونا چاہیے۔ ان کے بقول وہ ایسا سمجھوتا چاہتے ہیں جو آنے والی امریکی حکومتوں کے لیے بھی قابلِ عمل رہے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ امریکی فوجی اس وقت تک ایران میں موجود رہیں گے جب تک ایسا معاہدہ حاصل نہیں ہو جاتا۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی نہ کسی طریقے سے ہم اس معاملے کو مکمل طور پر ختم کر دیں گے۔ امریکی صدر نے دعویٰ کیا کہ ایران کی صورت حال اچھی نہیں اور اس کی فوجی صلاحیتوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ ٹرمپ کے مطابق ایران کی قیادت، بحری جہاز اور طیارے ختم ہو چکے ہیں۔ ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ کیا ایران کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنا غلطی تھی؟ اس پر انہوں نے کہا کہ یہ کوئی غلطی (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات کا اجلاس

رائٹ ٹو انفارمیشن ترمیمی بل 2026 کا تفصیلی جائزہ، کمیشن کے 5 میں سے 3 ارکان پیشہ ورانہ شعبوں سے لینے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات کا اجلاس کمیٹی روم میں چیئرمین کمیٹی رحمت صالح بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں اراکین کمیٹی ہادیہ نواز بحرانی، سنجے کمار اور صفیہ بی بی نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن (ترمیمی) بل 2026 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سابق سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے بل کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس قانون کا بنیادی مقصد عوام کو بروقت معلومات کی فراہمی یقینی بنانا ہے، جبکہ معلومات فراہم نہ کیے جانے کی صورت میں عوام متعلقہ کمیشن (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کا تامسافر بس حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

حادثے کے زخمیوں کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تاجی چیک پوسٹ کے قریب مسافر کوچ اور ایل پی جی باؤزر کے درمیان پیش آنے والے ٹریفک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کو ہدایت کی ہے کہ حادثے کے زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ زخمیوں کی دیکھ بھال کے لیے تمام دستیاب طبی وسائل بروئے کار لائے جائیں اور امدادی سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں جاری (بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

بقیہ 01

آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان کا ساتھ دیا، سرمایہ کاری کا عزم برقرار رکھنے پر ان کے شکر گزار ہیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ سرمایہ کاروں کے مسائل فوری حل کرنے کے لیے مؤثر نظام وضع کیا جائے گا، دفتری پیچیدگیاں سرمایہ کاروں کی حوصلہ شکنی کا باعث بنتی ہیں، سرمایہ کاروں کی جائز شکایات کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ تمام شعبوں میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں، 2023 میں پاکستان کو دیوالیہ ہونے کیسنگین خطرےکا سامنا تھا، تاہم عالمی اور خلیجی بحرانوں کے باوجود معاشی استحکام برقرار رکھنے کی کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اپنی توانائی کی ضروریات کا 90 فیصد سے زائد حصہ درآمد کرتا ہے، حکومت معاشی چیلنجز سے نمٹنے اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم کی زیرصدارت وزارت قومی غذائی تحفظ کی کارکردگی پر جائزہ اجلاس ہوا، شہباز شریف نیکہا کہ پی ایم او ایس کی شکل میں کارکردگی جانچنے کیحوالے سے ایک انتہائی مؤثر نظام تشکیل پا چکا ہے، اس سسٹم کے تحت دیئے گئے اہداف اور ٹائم لائنز میں کسی قسم کی کوئی تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی۔ مزید کہا کہ ملکی معیشت کی مضبوطی، زرعی شعبے کی پائیدار ترقی میں جدید تحقیق کو بنیادی اور کلیدی حیثیت حاصل ہے، حکومت زراعت کے شعبے میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ہر ممکن سرپرستی اور بھرپور مالی معاونت فراہم کرے گی، لاگت میں کمی اور فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافےکیلئے جدید زرعی مشینری کا استعمال ناگزیر ہے۔

بقیہ 02

سردار ایاز صادق نے جمعرات کو وفاقی محتسب کے دفتر کا دورہ کیا۔ وفاقی محتسب آمد پر جسٹس نوید کامران بلوچ اور اعلی افسران نے سپیکر قومی اسمبلی کا استقبال کیا۔ دورے کے دوران سردار ایاز صادق نے وفاقی محتسب میں قائم جسٹس (ر) سردار محمد اقبال میموریل لائبریری کا افتتاح کیا۔ لائبریری سابق وفاقی محتسب جسٹس ریٹائرڈ محمد اقبال کے نام سے منسوب ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جسٹس (ر) سردار محمد اقبال میموریل لائبریری کے قیام کے اقدام کو سراہا اور جسٹس) ر (سردار محمد اقبال کی عدالتی اور انصاف کی فراہمی کے لیے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ ایاز صادق نے کہا کہ جسٹس) ر (سردار محمد اقبال ایک بااصول، غیر جانبدار اور صاحب بصیرت شخصیت تھے۔ بطور وفاقی محتسب انہوں نے عوام کو فوری اور شفاف انصاف کی فراہمی کے لیے قابل قدر خدمات سرانجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ جسٹس) ر (سردار محمد اقبال کی آئین و قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی لیے خدمات کو تادیر یاد رکھا جائے گا۔ مرحوم جسٹس) ر (سردار محمد اقبال کے نام سے لائبریری کا قیام ان کی علمی، قانونی اور قومی خدمات کا اعتراف ہے، لائبریری کا قیام قانون اور انصاف کے شعبے سے وابستہ افراد، محققین اور طلبہ کے لیے علمی و تحقیقی معاونت کا باعث ہوگا۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ جسٹس) ر (سردار محمد اقبال کی اصول پسندی، دیانت داری اور عوامی خدمت کا جذبہ ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ محترم ریما ایاز صادق نے جسٹس سردار محمد اقبال مرحوم کے نام سے منسوب لائبریری کے قیام پر وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب میں مرحوم جسٹس ریٹائرڈ محمد اقبال مرحوم کی صاحبزادی و اسپیکر قومی اسمبلی سردار کی اہلیہ محترمہ ریما ایاز صادق، وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے اعلی افسران، علمی اور ادبی شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ 03

شہباز شریف سے آسیان کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر کاؤ کم ہورن نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وزیراعظم نے آسیان اور جنوب مشرقی ایشیائی خطے کے ساتھ پاکستان کی دیرینہ شراکت داری مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ موجودہ خیرسگالی کو ٹھوس اقتصادی اور ترقیاتی شراکت داری میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، دونوں فریقین نے غذائی تحفظ، موسمیاتی تبدیلی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے طریقوں پر بھی غور کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان کے تزویراتی محل وقوع کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان وسطی ایشیا، مشرق وسطی اور مغربی ایشیا کے سنگم پر واقع ہے اور وسیع تر خطے کے لیے گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے، جس سے علاقائی روابط، تجارت اور اقتصادی انضمام کو فروغ مل سکتا ہے۔ آسیان کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر کاؤ کم ہورن نے پرتپاک مہمان نوازی پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان کے ساتھ تعلقات مضبوط بنانے کے لیے آسیان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ڈاکٹر کاؤ کم ہورن نے پاکستان کی جانب سے قریبی روابط کے قیام میں دلچسپی کا خیرمقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مسلسل تعاون اور موجودہ دورہ دونوں فریقین کی شراکت داری کو مزید آگے بڑھانے میں معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ 04

داخلہ نے صوبوں کے آل پاکستان اسلحہ لائسنس جاری کرنے پر پابندی عائد کردی۔ وزارت داخلہ کے اعلامیہ کے مطابق آل پاکستان اسلحہ لائسنس جاری کرنے کا اختیار صرف وفاقی حکومت کے پاس ہے، صوبے اب صرف اپنی حدود میں اسلحہ لائسنس جاری کرسکیں گے۔ وزارت داخلہ نے پہلے سے جاری آل پاکستان لائسنسوں کی بھی دوبارہ جانچ اور وفاقی توثیق لازمی قرار دے دی ہیوفاقی توثیق کے بعد نادرا لائسنس پر نئی عبارت درج کرے گا، جبکہ توثیق نہ ہونے والے لائسنس صرف متعلقہ صوبے کی حدود میں قابل استعمال ہوں گے۔ اس حوالے سے وزارت داخلہ نے چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹریز اور آئی جیز کو مراسلہ ارسال کردیا ہے۔

بقیہ 05

اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا، سکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی اور شدید فائرنگ کے تبادلے میں 15 خوارج ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضلع بنوں میں دو مختلف جھڑپوں کے دوران سکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں 6 دہشت گرد مارے گئے، جبکہ ضلع ٹانک میں ایک اور جھڑپ کے دوران ایک خارجی کو ہلاک کردیا گیا، ہلاک ہونے والے بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشت گرد علاقے میں متعدد دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے، علاقے میں موجود دیگر خوارج کے خاتمے کے لئے کلیئرنس اور سرچ آپریشنز جاری ہیں، سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا وژن عزمِ استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی کا عزم برقرار ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملک سے بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی۔ دریں اثناء وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبرپختونخوا میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشنز کے دوران 22 خوارجیوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ قوم کو سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں اور آخری دہشت گرد کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کی کوششیں جاری رہیں گی اور قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 06

گیس بازر کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں دونوں گاڑیوں میں شدید آگ بھڑک اٹھی جس کے باعث 12 افراد جاں بحق اور 27 زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق آزاد دشت کوچ 46 مسافروں کو لے کر تربت سے کراچی جارہی تھی کہ بسول کے قریب کراچی سے 250 بارڈر کی جانب جانے والا ایل پی جی گیس بازر مسافر بس سے ٹکرا گیا۔ تصادم اتنا شدید تھا کہ دونوں گاڑیوں میں فوری طور پر آگ لگ گئی۔ حادثے میں ایل پی جی بازر کا ڈرائیور اور کلینر موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے جبکہ مسافر بس میں سوار 10 مسافر بھی جان کی بازی ہار گئے جن میں 7 مرد اور 3 بچے شامل ہیں۔ بس میں سوار 9 مسافر معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ حادثے میں مجموعی طور پر 27 مسافر زخمی ہوئے جن میں 14 مرد، 9 خواتین اور 4 بچے شامل ہیں۔ زخمیوں میں سے 20 افراد جن میں 15 مرد، 4 خواتین اور ایک بچہ شامل ہیں کو پی این ایس درمان جاہ ہسپتال اور ماڑہ جبکہ 7 زخمیوں جن میں 3 مرد، 2 خواتین اور 2 بچے شامل ہیں کو پسنی ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ حادثے میں زخمی ہونے والوں میں 26 سالہ دانش اقبال ساکن تربت، 43 سالہ آصف ساکن کولواہ، 40 سالہ احسن ساکن تربت، 38 سالہ عبدالرشید، 20 سالہ عرفان ساکن حب چوکی، 8 سالہ نصیر، 14 سالہ فراز، 11 سالہ نائفہ، 40 سالہ جان بی بی، 35 سالہ نازل، 30 سالہ مراد، 34 سالہ شہزاد، 30 سالہ ببل، گل جان نازل، 35 سالہ حامد، 18 سالہ ساگل، 25 سالہ عاصمہ، 18 سالہ ضمیر، بالاچ، 5 سالہ ثنا اللہ، 28 سالہ اسد اللہ، 19 سالہ رحیم اور 25 سالہ سلیم شامل ہیں۔ افسوسناک حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 پسنی اور اورماڑہ کی ٹیموں سمیت پاک بحریہ کے ریسکیو دستوں اور فائر فائٹرز نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیا۔ پاک نیوی کے ہسپتال پی این ایس درمان جاہ کی انتظامیہ نے ہنگامی بنیادوں پر ایمبولینسز اور طبی عملہ جائے حادثہ پر روانہ کیا۔ پاک بحریہ کے فائر فائٹرز، ریسکیو ٹیموں اور ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے مشترکہ طور پر پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ پر قابو پایا اور بروقت ریسکیو آپریشن مکمل کرکے متعدد قیمتی انسانی جانوں کو بچالیا۔ پی این ایس درمان جاہ اور پسنی ہسپتال کے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے میں مصروف رہے۔

بقیہ 07

جاری کارروائیوں پر بریفنگ دی گئی۔ سید عاصم منیر کو بلوچستان میں جاری سماجی و معاشی ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا، فیلڈ مارشل نے مشکل آپریشنل حالات میں پاک فوج کے جوانوں اور افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بلند حوصلے کی تعریف کی اور مادر وطن کے دفاع کے غیرمتزلزل عزم کو سراہا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں کا مادر وطن کے دفاع کے لئے غیر متزلزل عزم قابل تحسین ہے، پاک فوج بلوچستان کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں امن، خوشحالی اور پائیدار ترقی کے لئے پاک فوج کا غیر متزلزل عزم برقرار ہے۔

بقیہ 08

اور کثیرالجہتی ترقیاتی بینکوں کو چاہیے کہ وہ اپنے مالیاتی وسائل اور عوامی اخراجات کو بچوں کے حقوق سے ہم آہنگ کریں تاکہ بچوں کی فلاح و بہبود سے متعلق وعدوں کو قابل پیمائش اور مؤثر سرمایہ کاری میں تبدیل کیا جاسکے۔ خطاب کے آغاز میں چیئرمین سینیٹ نے سیو دی چلڈرن انٹرنیشنل اور اس کے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بنکاک میں اس اہم علاقائی مکالمے کا انعقاد محض تبادلہ خیال تک محدود نہیں بلکہ اس کا مقصد خطے کے مالیاتی وسائل کو بچوں کے حقوق اور ان کی بہتر زندگی کے لیے بروئے کار لانے کے حوالے سے مشترکہ حکمت عملی وضع کرنا ہے۔ ایشیا کے بچوں کو ترقی کے ثمرات سے محروم نہیں رہنا چاہیے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ایشیا اور بحرالکاہل کا خطہ ایک ارب سے زائد بچوں کا مسکن ہے اور عالمی معاشی ترقی میں اس خطے کا حصہ تقریباً 60 فیصد ہے۔ تاہم خطے کے مستقبل کا تعین صرف مجموعی قومی پیداوار (GDP) سے نہیں بلکہ آج بچوں کی صحت، تعلیم اور فلاح و بہبود کے لیے مختص کیے جانے والے وسائل سے ہوگا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ لاکھوں بچے پہلے ہی بڑھتی ہوئی معاشی ناہمواری، مالیاتی دباؤ، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات، سپلائی چین میں رکاوٹوں اور ترقیاتی معاونت میں تبدیلیوں سے متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب مالیاتی وسائل محدود ہوں تو سماجی شعبے کے اخراجات کو کبھی بھی ثانوی ترجیح نہیں بنانا چاہیے۔ پاکستان میں بچوں کی فلاح و بہبود کو ترجیح دی جارہی ہے پاکستان کی پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ 2016ء میں پاکستان کی پارلیمان نے پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کو اپنایا، جس کے بعد بجٹ میں صحت اور تعلیم سمیت بچوں کے مستقبل سے براہ راست متعلقہ اہم شعبوں کے لیے وسائل کی فراہمی کو ان اہداف سے ہم آہنگ کیا گیا ہے۔

بقیہ 09

پروفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ہم اپنے بھائی کو پاکستان آمد پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ قطر کے وزیر داخلہ کے اس دورے سے دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعلقات اور دوطرفہ تعاون مزید مستحکم ہوں گے۔

بقیہ 10

اتحادی حکومت میں صرف اچھے فیصلوں کا کریڈٹ اور خراب فیصلوں سے لاتعلقی نہیں ہوسکتی، اتحاد کا حصہ ہیں، آئینی عہدے بھی رکھتے ہیں تو حکومتی فیصلوں کی ذمہ داری بھی قبول کریں۔

بقیہ 11

رشید احمد کا کہنا تھا کہ یہ پوری قوم کی خواہش ہے کہ عام آدمی کو ریلیف ملے، آٹا بھی بغیر شناختی کارڈ نے نہیں ملتا۔ انہوں نے کہا کہ ریڑھی چھابہ والے مزدور اور عام آدمی کو جینے کیلئے ریلیف دیا جائے، آٹا بھی سستا کیا جائے۔ قبل ازیں انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کی، بانی پی ٹی آئی کے وکیل فیصل ملک لیگل ٹیم کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے، پراسیکیوشن ٹیم کمرہ عدالت میں موجود تھی۔ سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد سمیت دیگر ملزمان حاضری کے بعد واپس روانہ ہوگئے۔ جج امجد علی شاہ نے سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 12

خطاب کرتے ہوئے نثار احمد درانی ممبر الیکشن کمیشن نے جمہوری اقدار کے فروغ، باخبر معاشرے کی تشکیل اور نوجوانوں کی انتخابی عمل میں شمولیت کے حوالے سے تعلیمی اداروں اور یوتھ کے اہم کردار پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کنسورشیم انتخابی امور میں علمی و تحقیقی مہارتوں کو استعمال کرتے ہوئے، تحقیق و جدت کو فروغ دینے اور شواہد پر مبنی انتخابی مسائل کے حل کی تلاش کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہوگا اور اس پلیٹ فارم سے انتخابی نظام میں جدت کیلئے تحقیق اور تجاویز پر بھی غور ہوگا۔ اس تین سالہ شراکت داری کے دوران الیکشن کمیشن اور شریک یونیورسٹیاں تحقیق، علمی مہارت کے تبادلے، نوجوانوں کی انتخابی عمل میں شمولیت کے شعور اور آگاہی کے لیے مختلف اقدامات پر تعاون کریں گے۔ ان اقدامات میں اسٹوڈنٹ ایمبیسیڈرشپ پروگرام، انٹرن شپ کے مواقع اور یونیورسٹیوں میں نمائشی پول (Poll Mock) کا انعقاد شامل ہیاس کنسورشیم کے تحت یونیورسٹیز اور الیکشن کمیشن کے درمیان پائیدار شراکت داری قائم ہوگی، ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کلچر سے پالیسی سازی کو فروغ ملے گا، اداروں کی استعداد کار کو مزید بہتر کیا جائے گا اور قانونی اور انتخابی عمل سے واقف نوجوان قیادت تیار کی جائیگی۔ الیکشن کمیشن کا یونیورسٹیوں کے ساتھ اشتراک مزید مستحکم بنایا جائے گا تاکہ پاکستان میں ایک باخبر، جامع، شفاف اور تمام طبقات کی شمولیت پر مشتمل انتخابی نظام کے فروغ میں بھی معاونت حاصل ہو۔

بقیہ 13

یحیی آفریدی نے اگلے ہفتے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس طلب کرلیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحیی آفریدی کی زیرصدارت جوڈیشل کمیشن اجلاس 23 نومبر کو ہوگا، اجلاس سپریم کورٹ اسلام آباد میں دوپہر ڈھائی بجے منعقد ہوگا۔ اجلاس میں ہائیکورٹس ججز کی سالانہ کارکردگی جانچنے کے طریقہ کار کیلئے قواعد مرتب کرنے پر غور ہوگا۔ اجلاس میں ججز کی تقرری سے متعلق جوڈیشل کمیشن 2024 رولز میں ترمیم پر بھی غور ہوگا۔ جوڈیشل کمیشن اجلاس ایجنڈے کے مطابق آئین کے آرٹیکل 175اے (20) کے تحت ہائی کورٹس کے ججز کی کارکردگی کے قواعد وضع کرنے کا معاملہ ایجنڈے میں شامل ہے جبکہ جوڈیشل کمیشن (اپوائنٹمنٹ آف ججز) رولز 2024 میں ترمیم پر بھی غور کرے گا۔

بقیہ 14

معیار کی بین الاقوامی تکنیکی تربیت کامیابی سے مکمل کرلی، تربیت حاصل کرنے والے نوجوان انجینئرز میں چار خواتین بھی شامل ہیں۔ نوجوان انجینئرز نے ارجنٹائن کی ویلاڈیرو مائن اور زیمبیا کی لومونا مائن میں ریکوڈک مائننگ کمپنی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت تربیت حاصل کی۔ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ریکوڈک مائننگ کمپنی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے دوسرے بیچ کے شرکا نے ملاقات کی۔ اس موقع پر کمپنی حکام نے وزیراعلی کو پروگرام کے اغراض و مقاصد، انتخابی عمل اور تربیتی مراحل سے متعلق بریفنگ دی۔ حکام نے بتایا کہ ان 18 نوجوان انجینئرز کا انتخاب 2024 میں بلوچستان بھر سے موصول ہونے والی تین ہزار سے زائد درخواستوں میں سے میرٹ کی بنیاد پر کیا گیا۔ پروگرام کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کو بین الاقوامی سطح کی جدید تکنیکی مہارتیں اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جارہی ہے۔ اس موقع پر وزیراعلی میر سرفراز بگٹی نے نوجوان انجینئرز کو بین الاقوامی تربیت کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے جدید مہارتوں، پیشہ ورانہ ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کا ذریعہ بن رہا ہے۔ نوجوان انجینئرز کی عالمی سطح پر کامیابی بلوچستان کے روشن مستقبل کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتوں سے آراستہ کرنا صوبے کی طویل المدتی معاشی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ریکوڈک منصوبے کی ترقی میں مقامی نوجوان انجینئرز اہم کردار ادا کریں گے، کیونکہ باصلاحیت نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں۔ وزیراعلی نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں غیرمعمولی صلاحیتیں موجود ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں مناسب مواقع اور جدید تربیت فراہم کی جائے۔ بڑے ترقیاتی اور سرمایہ کاری کے منصوبوں کے ثمرات میں مقامی نوجوانوں کی شمولیت خوش آئند ہے۔ انہوں نے ریکوڈک مائننگ کمپنی اور بیرک کی جانب سے بلوچستان کے نوجوانوں کو بین الاقوامی تربیت کے مواقع فراہم کرنے کے اقدام کو قابل تحسین قرار دیا۔ اس موقع پر ریکوڈک مائننگ کمپنی کے کنٹری مینیجر ضرار جمالی نے کہا کہ ریکوڈک منصوبے کی پائیدار ترقی مقامی آبادی اور افرادی قوت کی ترقی سے وابستہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پروگرام میں چاغی، کوئٹہ، گوادر، پنجگور، خضدار، لورالائی، نوشکی، موسی خیل، قلعہ سیف اللہ اور ژوب سے تعلق رکھنے والے نوجوان شامل ہیں۔

بقیہ 15

رپورٹ کے مطابق آنے والی دہائیوں میں مسلمانوں اور عیسائیوں دونوں کی آبادی میں اضافہ ہوگا تاہم مسلمانوں کی آبادی بڑھنے کی رفتار عیسائیوں کے مقابلے میں زیادہ تیز رہنے کا امکان ہے۔ پیو ریسرچ سینٹر کے تخمینے کے مطابق 2035 میں دنیا بھر میں مسلمانوں کی تعداد تقریباً 2 ارب 57 کروڑ جبکہ عیسائیوں کی تعداد 2 ارب 52 کروڑ تک پہنچ سکتی ہے۔ تحقیق میں مسلمانوں کی آبادی میں اضافے کی بڑی وجوہات نسبتاً زیادہ شرح پیدائش اور نوجوان آبادی کو قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان مستقبل میں دنیا کی سب سے بڑی مسلم آبادی والا ملک بن سکتا ہے، 2070 تک پاکستان کی مسلم آبادی تقریباً 46 کروڑ تک پہنچنے کا امکان ہے، جس کے نتیجے میں پاکستان انڈونیشیا کو پیچھے چھوڑ سکتا ہے۔ دوسری جانب پیو ریسرچ سینٹر کی رپورٹ میں کانگو کے امریکا کو پیچھے چھوڑ کر دنیا کی سب سے زیادہ عیسائی آبادی والا ملک بننے کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔

بقیہ 15

کے دوسرے یا تیسرے ہفتے میں متوقع ہے جبکہ حتمی تاریخ مالدیپ کی توثیق کے بعد طے کی جائے گی۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے مالدیپ کے وزیر برائے اقتصادی ترقی، ٹرانسپورٹ و تجارت محمد سعید سے ورچوئل ملاقات کی جس میں وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انور چوہدری، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان اور سیکرٹری تجارت جواد پال نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان اور مالدیپ نے دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپس قائم کرنے پر اصولی اتفاق کیا۔

بقیہ 17

والی ملاقاتوں میں ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کے مشترکہ فوجی حملوں کیلئے حکام کو منانے کی کوشش کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق، اس دورے پر بریفنگ لینے والے دو باخبر افراد نے بتایا کہ رومن گوفمین نے واشنگٹن میں سی آئی اے کے ڈائریکٹر جان ریٹکلف سمیت ٹرمپ انتظامیہ کے اعلی عہدیداروں سے ملاقاتیں کیں اور انہیں ایران کے حوالے سے اسرائیلی انٹیلی جنس معلومات پر بریفنگ دی۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق موساد کے سربراہ نے میامی کا سفر بھی کیا جہاں انہوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف سے ملاقات کی، جو ایران اور یوکرین کے معاملات پر امریکی سفارت کاری کی قیادت کررہے ہیں۔ یہ دورہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نومبر کو قطر کے وزیراعظم سے ملاقات کے بعد کہا تھا کہ وہ فی الحال ایران پر حملہ روک رہے ہیں۔ واضح رہے کہ قطر امریکا اور ایران کے درمیان بالواسطہ مذاکرات میں ثالثی کا کردار ادا کررہا ہے تاکہ خطے کو مکمل جنگ کی طرف واپسی سے بچایا جاسکے۔ سفارتی کوششوں میں شامل ایک اور ذریعے نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ خلیجی رہنماؤں نے بھی صدر ٹرمپ سے رابطہ کرکے درخواست کی ہے کہ وہ ایران پر حملہ نہ کریں، کیونکہ انہیں خدشہ ہے کہ تہران جوابی کارروائی کرتے ہوئے عرب ریاستوں کو نشانہ بنانے کی اپنی دھمکیوں پر عمل کرسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسی دوران اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کے قریبی معتمد اور سابق وزیر رون ڈرمر بھی امریکا میں موجود تھے، جنہوں نے ٹرمپ انتظامیہ کے حکام سے ملاقاتوں میں ایران پر مشترکہ حملے کے حق میں دلائل دیئے۔ رپورٹ کے مطابق موساد چیف اور رون ڈرمر کی ان کوششوں کا مقصد نیتن یاہو کے اس موقف پر صدر ٹرمپ کو قائل کرنا ہے کہ ایران پر حملہ کرنے کا موقع تیزی سے ہاتھ سے نکل رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق، اسرائیل کو تشویش ہے کہ امریکا رواں برس کے اختتام سے قبل خطے میں اپنی بڑی فوجی تعیناتی میں کمی شروع کرسکتا ہے۔ دوسری جانب وائٹ ہاؤس کے ایک عہدیدار نے اس معاملے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کو ماننا ہے واشنگٹن کی اقتصادی دباؤ کی مہم ایران کیلئے اس قدر تباہ کن ثابت ہورہی ہے کہ فی الحال کسی بڑی فوجی کارروائی کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم عہدیدار نے واضح کیا کہ صدر کے پاس یہ یقینی بنانے کے لیے تمام آپشنز موجود ہیں کہ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ وائٹ ہاؤس اور سی آئی اے کے موساد کے سربراہ اور جان ریٹکلف کے درمیان ہونے والی ملاقات پر تبصرہ کرنے سے گریز کیا ہے، جبکہ اسرائیلی وزیراعظم کے دفتر نے بھی اس پر کوئی فوری ردعمل نہیں دیا۔

بقیہ 18

اجماعتی کوششیں ضروری ہیں۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور آسیان کے درمیان عوامی سطح پر تبادلوں کو فروغ دینے کے خواہاں ہیں، آسیان سیکرٹری جنرل کا دورہ شراکت داری آگے بڑھانے کے عزم کی عکاس ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ آسیان سیکرٹری جنرل کا دورہ باہمی تعاون کونئی تقویت دے گا، پاکستان اور آسیان کے درمیان نئے شعبوں میں تعاون کی ضرورت ہے، تعاون کے فروغ کیلئے آج کے مذاکرات اہمیت کے حامل ہیں۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل آسیان کاؤ کم ہورن نے کہا کہ پاکستان اور آسیان کے درمیان سیکٹرل ڈائیلاگ شراکت داری 1993 میں قائم ہوئی، پاکستان کے ساتھ دیرینہ شراکت داری کو اہمیت دیتے ہیں، مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ سیکرٹری جنرل آسیان نے کہا کہ تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی ترقی میں تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے، عوامی روابط، ثقافتی تبادلوں اور نجی شعبے کی ترقی میں تعاون ناگزیر ہے۔

بقیہ 19

باعث اعزاز ہے، پاس آؤٹ کیڈٹس اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ قائداعظم نے فرمایا تھا مضبوط فضائیہ کے بغیر کوئی ملک دشمن کا مقابلہ نہیں کرسکتا، پاک فضائیہ نے بیشمار مواقع پر کامیابیوں سے تاریخ رقم کی، فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مہارتوں کی دنیا معترف ہے۔ سربراہ پاک بحریہ نے کہا کہ پاک فضائیہ کی تابناک تاریخ ہے جو اسے ورثے میں ملی ہے، قوم کا اعتماد افواج پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہے، پاکستان اور ترکیے کے درمیان دیرینہ دفاعی شراکت داری قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ عصر حاضر کے پیچیدہ چیلنجز منفرد انداز میں نمٹنے کے متقاضی ہیں، جنگ کے طریقے تبدیل ہوچکے ہیں، موجودہ دور میں جنگیں لڑنے کے طریقوں میں جدت آگئی ہے، مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی نیروایتی جنگ کی جہتوں کو بدل دیا۔ نیول چیف نے کہا کہ مسلح افواج جنگ کے نئے رجحانات اور تقاضوں سے بخوبی آگاہ اور نمٹنے کیلئے تیار ہیں، پاک بحریہ نے بھی جدت میں نمایاں پیشرفت کی ہے، معرکہ حق میں پاک بحریہ نے دشمن کو جارحیت سے باز رکھا۔ انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ کو مستقبل کی جنگوں کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے، پاکستان پرامن بقائے باہمی اور استحکام پر یقین رکھتا ہے۔

بقیہ 20

نے ریاض کو نشانہ بنانے کیلئے یمن کے صوبے ذمار میں قائم میزائل لانچنگ پلیٹ فارم استعمال کیا، جسے تباہ کردیا گیا، ریاض کی جانب داغا گیا میزائل فضا میں ہی تباہ کردیا گیا۔ سعودی اتحاد کا کہنا ہے کہ ریاض میں زوردار دھماکے کی آواز سنی گئی اور میزائل کا ملبہ گرنے سے مالی نقصان کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ اتحاد کے مطابق ابتدائی جائزے میں میزائل کا ملبہ گرنے اور املاک کو نقصان پہنچنے کی تصدیق ہوئی ہے، تاہم نقصان کی نوعیت اور اس کی مجموعی تفصیلات کا تعین کیا جارہا ہے، حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب کے جنوبی علاقے کی طرف داغا گیا ایک کروز میزائل بھی فضا میں تباہ کردیا گیا۔ ریاض میں دھماکے کی آواز سنائی دینے کے کچھ ہی دیر بعد سعودی سول ڈیفنس نے شہریوں کو ممکنہ خطرے سے خبردار کیا تھا، تاہم اس وقت خطرے کی نوعیت کے بارے میں تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں، بعد میں سول ڈیفنس نے اعلان کیا کہ خطرہ ٹل گیا ہے۔ ریاض میں دھماکوں کی آواز اس وقت سنی گئی جب سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر سے ملاقات کی، ریاض میں ہونے والی اس ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے سعودی عرب اور امریکا کے درمیان فوجی تعلقات اور خطے کی تازہ صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ تازہ میزائل حملے اور

میڈیا کو اسمبلی اجلاس کی کوریج سے روکنے کی تجویز صحافت پر قدغن کے مترادف ہے، بلوچستان میڈیا فورم

اسمبلی عوام کی نمائندگی کا ایوان ہے، میڈیا کو کوریج سے روکنے کی سوچ قابل تشویش ہے، مرکزی اعلامیہ

جمہوری معاشرے میں میڈیا کی آزادی اور معلومات تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے، بلوچستان میڈیا فورم

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی بیان میں صوبائی وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات میر ظہور بلیدی کی جانب سے نجی میڈیا کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاسوں کی کوریج سے روکنے کی تجویز پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اسے آزاد صحافت، آزادی اظہار اور عوام کے معلومات

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طوراتمانخیل ملاقات کررہے ہیں

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
عسکرانٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A 21
www.dailyakskar.com.pk
Dailyaskarisb@gmail.com

قلعہ عبداللہ میں آبائی زمینوں پر قبضے اور منشیات کی مبینہ کاشت کا الزام

متاثرہ خاندان کا پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) توبہ اچکزئی کے علاقے سنگ کدنی سے تعلق رکھنے والے فیملی نصر اللہ اچکزئی، اختر بی بی پشتونہ، صائمہ، بخت زمین کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ قلعہ عبداللہ میں ان کی آبائی اراضی پر مبینہ طور پر زبردستی قبضہ کیا گیا ہے، جہاں افیون اور بھنگ (چرس) کی کاشت کی جارہی ہے، جبکہ اس تمام معاملے میں بعض پولیس اہلکاروں کی مبینہ سرپرستی اور معاونت بھی شامل ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فیملی نے بتایا کہ ان کا تعلق توبہ اچکزئی سے ہے اور انہوں نے مانسہرہ یونیورسٹی سے وکالت کی تعلیم حاصل کی ہے۔ ان کے ہمراہ ان

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

غیر حاضر اور کام چور ملازمین کی ہمیں ضرورت نہیں، میر سکندر کھوسہ

سبی (اے این این) ڈ ایڈیشنل ڈائریکٹر بیف پروڈکشن ریسرچ سینٹر سبی میر سکندر خان کھوسہ نے نے کہا ہے کہ غیر حاضر اور کام چور ملازمین کی ہمیں ضرورت نہیں بیف پروڈکشن اینڈ ریسرچ سینٹر کا مورال بلند کرتے ہوئے دودھ گوشت کی پیدا وار صلاحیتوں میں اضافہ کرتے ہوئے جانوروں کی صحت پر کسی سمجھوتے

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

عوام کو سستا فوری تیز سواری سسٹم فراہم کرنا خوش آئند بات ہے، نذر بڑیچ

کوئٹہ کے شہریوں کو فوری تیز اور سستا ترین ٹرانسپورٹ سہولیات کی فراہمی کے لیے حکومتی سطح مدد اور تحفظ فراہم کرنا ہوگا

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ شہر صوبائی دارالحکومت میٹروپولیٹن کارپوریشن اعزاز حاصل کرنے کے باوجود نیم شہری۔ نیم قبائلی نیم کاروباری بلکہ دنیا سے اب بھی نیم شہر اور نیم دیہات کا منظر پیش کررہا ہے۔ کاروبار سے لیکر سیاست ادب۔ زندگی کے ہر شعبے میں منافلی راج ہے۔ کسی بھی شعبے میں قابض طبقہ کسی اور کو نہ برداشت کرتے ہے اور نہ کام کرنے دیتے ہیں۔ جتنی توانائی اپنے شعبہ کی چوکیداری میں صرف کرتے ہیں ان کا چوتھائی حصہ اگر اپنے شعبے کی ترقی اور جدیدیت پر صرف کریں بہت ترقی کر سکتے ہیں۔ ایک بدبختی پروفیشنل جلیسی بہت زیادہ ہے۔ آپ کے اختلافات اور رنجش

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

ژوب، عوامی سہولت کے لیے نئے واٹر ٹینک کا افتتاح، علاقے میں پانی کی قلت کم کرنے میں مدد ملے گی

ژوب (یو این اے) افتتاحی تقریب میں چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب شاہ بران کاکڑ، چیف آفیسر جہانگیر خان مندوخیل، مٹھا خان کاروان کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل اور مختلف پارٹیوں کے کونسلرز، قبائلی و سیاسی رہنما شریک ہوئے۔ اس موقع پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے کونسلر باران کلیوال، مسلم لیگ

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، کاشف زبیر

قیدیوں کو فراہم کیے جانے والے کھانے کے معیار، کچن، انتظامات اور صفائی ستھرائی کا تفصیلی معائنہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے ڈائریکٹر آپریشنز کاشف زبیر نے ڈپٹی ڈائریکٹر نصیب اللہ ناصر اور انسپکشن ٹیموں کے ہمراہ کوئٹہ جیل کا دورہ کیا جہاں قیدیوں کو فراہم کیے جانے والے کھانے کے معیار، کچن کے انتظامات اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر آپریشنز نے جیل کے کچن، اسٹور روم اور کھانے کی تیاری و تقسیم کے مختلف مراحل کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر کھانے میں استعمال ہونے والے آئل، آٹا، دالوں، سبزیوں اور دیگر اشیائے خورد و نوش کے معیار، ذخیرہ کرنے کے طریقہ کار اور حفظانِ صحت کے اصولوں پر عملدرآمد کو بھی چیک کیا

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)



اسلام آباد، قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے راؤ امانت علی ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کے عوام اپنی ہی گیس سے محروم ہیں، مولانا ہدایت

سخت سردی میں پریشر کی کمی اور لوڈشیڈنگ نے زندگی اجیرن بنا دی ہے صوبے میں امن و امان اور انصاف کی صورتحال پر شدید تشویش ہے

اسما جتک کیس میں تاحال انصاف نہ مل سکا، نئے انتظامی یونٹس بنانا گناہ نہیں بلکہ اتفاقِ رائے سے طے ہونے والا انتظامی معاملہ ہے

کوئٹہ (یو این اے) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے کئی اضلاع آج بھی قدرتی گیس کی بنیادی سہولت سے محروم ہیں، جبکہ کوئٹہ سمیت جن علاقوں میں گیس موجود ہے وہاں بھی سخت سردی کے دوران پریشر میں شدید کمی اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی ہے۔ اپنے ایک بیان میں مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ یہ ایک المیہ ہے کہ بلوچستان کی پیدا کردہ گیس سے پورے ملک کی صنعتیں اور چولہے آباد ہوئے، مگر خود اس سرزمین کے باسی اپنے ہی وسائل سے محروم ہیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام اور سوئی سدرن گیس کمپنی (SSGC) سے مطالبہ کیا کہ موسم سرما کی شدت کے پیش نظر صوبے کے عوام کو گیس کی بلا تعطل فراہمی اور پریشر کی بحالی کے لیے فوری عملی اقدامات کیے جائیں۔ صوبے میں امن و امان اور انصاف کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ اسما جتک کو تاحال انصاف نہیں مل سکا اور اس سنگین کیس میں ملوث اغوا کار اور قاتل ابھی تک قانون کی گرفت سے آزاد اور محفوظ ہاتھوں میں ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندان کو فوری انصاف فراہم کرتے ہوئے ملزمان کو عبرتناک سزا دی جائے۔ نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حوالے سے جاری بحث پر اپنا مؤقف واضح کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس بنانا کوئی گناہ نہیں ہے، تاہم اس اہم اقدام کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان باہمی اتفاق رائے انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے کو کفر و اسلام یا قومیتوں کا مسئلہ بنانے کے بجائے خالصتاً ایک انتظامی معاملے کے طور پر دیکھا جانا چاہیے تاکہ عوامی مسائل کا بہتر حل نکل سکے۔ سے مطالبہ کیا کہ موسم سرما کی شدت کے پیش نظر صوبے کے عوام کو گیس کی بلا تعطل فراہمی اور پریشر کی بحالی کے لیے فوری عملی اقدامات کیے جائیں۔ صوبے میں امن و امان اور انصاف کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ اسما جتک کو تاحال

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

گڈانی، وڈیرہ عطا اللہ بلوچ نے ہمیشہ عوامی حقوق کا دفاع اور حقیقی نمائندگی کی ہے، ملا نور بخش

علاقے کے اہم مسائل کے حل کے لیے ان کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، عوام ان کے ہاتھ مضبوط کریں، بیان

گڈانی (یو این اے) گڈانی کے سیاسی و سماجی رہنما ملا نور بخش ڈگارزئی نے کہا ہے کہ علاقے کی معروف سیاسی، سماجی و قبائلی شخصیت وڈیرہ عطا اللہ بلوچ ضلع حب وسلیبلہ کی ایک قدآور شخصیت ہیں، جنہوں نے ہمیشہ اپنے لوگوں کے حقوق کا دفاع کیا اور ہر فورم پر جرات مندی کے ساتھ عوام کی حقیقی معنوں میں نمائندگی کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں ملا نور بخش ڈگارزئی نے کہا کہ وڈیرہ عطا اللہ بلوچ نے

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت ڈی ایچ کیو ہسپتال کے مسائل پر اجلاس

ہسپتال کے مسائل کے حل اور صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے: وریندر لعل

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں درپیش اہم مسائل کے حل طبی فضلے کو محفوظ طریقے سے تلف کرنے کے لیے جدید مشینری کی تنصیب اور ہسپتال میں موجود دو ٹرانسفارمرز کی منتقلی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی اور ایم ایس ایف کے نمائندے نے شرکت کیا جلاس میں ہسپتال سے خارج ہونے والے طبی فضلے کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانے کے لیے جدید مشینری کی تنصیب اس کے لیے مناسب جگہ کے تعین اور ہسپتال میں نصب دو ٹرانسفارمرز کو موجودہ مقام سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا شرکاء نے ان اہم مسائل کے حل کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں اور درپیش مشکلات کے ازالے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ طبی فضلے کو تلف کرنے والی جدید مشینری کی تنصیب کے لیے موزوں جگہ کی نشاندہی اور ٹرانسفارمرز کی منتقلی کے معاملات کا مزید جائزہ لینے اور مشاورت کے لیے دوبارہ اجلاس منعقد کیا جائے گا، تاکہ تمام امور کو باہمی مشاورت سے حتمی شکل دے کر عملی اقدامات اٹھائے جا سکیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی ہسپتال کے مسائل کے حل اور صحت کے شعبے میں

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

جمعیت علماء اسلام کی احتجاجی ریلی وفاقی حکومت کے خلاف شدید احتجاج

اوستہ محمد (اے این این) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستہ محمد کے زیر اہتمام ملک بھر کی طرح اوستہ محمد میں بھی وفاقی حکومت کے خلاف ایک پرامن احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی مدرسہ شمسیہ سے ضلع امیر صوفی خاوند بخش چنہ اور تحصیل امیر مولانا مہر اللہ جتک کی قیادت میں نکالی گئی جو شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی ہو بی ایل چوک پہنچی جہاں پر ضلعی امیر صوفی خاوند بخش چنہ نائب امیر منظور احمد پندرانی تحصیل امیر مولانا مہر اللہ جتک مولانا عبد الحق بلیدی مولانا عبد الغفور حیدری

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

چھتر، نائب تحصیلدار کا تحصیل میر حسن میں نرخ ناموں اور اشیا کی میعاد کا معائنہ

گرانفروشی اور زائد المیعاد اشیا کی فروخت برداشت نہیں کی جائے گی، خلاف ورزی پر کارروائی کی تنبیہ

چھتر (یو این اے) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی ہدایت پر نائب تحصیلدار صدورا خان ابڑو کا پٹواری غلام رسول مغیری کے ہمراہ دورہ، پیٹرول پمپس، پرچون دکانوں، مرغی اور سبزی فروشوں کے نرخ ناموں اور اشیائے خورد و نوش کی تاریخ تنسیخ کا معائنہ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تحصیل میر حسن میں گرانفروشی، ناجائز منافع خوری اور زائد المیعاد اشیائے خورد و نوش کی فروخت کی روک تھام کے لیے انتظامی اقدامات تیز کر دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں نائب تحصیلدار میر حسن صدورا خان ابڑو نے پٹواری غلام رسول مغیری کے ہمراہ تحصیل میر حسن کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے کاروباری مراکز اور دکانوں کا تفصیلی معائنہ کیا دورے کے دوران نائب تحصیلدار نے پیٹرول پمپس، پرچون کی دکانوں، مرغی فروشوں، سبزی فروشوں سمیت دیگر کاروباری مراکز میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، سرکاری

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار شیر احمد کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوادیا گیا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار شیر احمد نے بتایا کہ انہوں نے میرج گرانٹ کے حصول کے لیے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)

بھاگ: آل پارٹیز کی کال پر مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال، جہانگیر چوک پر احتجاجی مظاہرہ

بدامنی، مہنگائی، بے روزگاری اور شاہراہوں پر بڑھتی ہوئی وارداتوں کے خلاف شدید نعرے بازی

بھاگ (نامہ نگار) آل پارٹیز بلوچستان کی صوبائی کال پر بھاگ شہر میں مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے جہانگیر چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر شہر بھر کے تمام چھوٹے بڑے کاروباری مراکز بھی بند رہے اور مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ جہانگیر چوک پر منعقدہ احتجاجی جلسے سے آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے چیئرمین ماما عبدالستار بنگلزئی، جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر مولانا سید محمد ارشد الدین شاہ، تحصیل امیر قاضی حماد اللہ، آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے وائس چیئرمین حاجی محمد الیاس کلواڑ، جنرل سیکرٹری حافظ محمد یوسف گویا، نیشنل پارٹی کے واجا عبدالغنی بلوچ، کامریڈ کا خان کلواڑ، پاکستان تحریک انصاف کے علی احمد مستوئی، جماعت اسلامی کے وڈیرہ محمد سلیم جتوئی، جاموٹ قومی موومنٹ کے استاد عطا اللہ جاموٹ، جماعت اہل سنت کے حافظ اصغر علی مغیری، بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے دوست محمد بنگلزئی بازار یونین بھاگ کے رہنماؤں اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)

ژوب میں آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کی کال پر مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال ریلی اور جلسہ عام

ژوب (اے این این) صوبے بھر کی طرح ژوب میں بھی آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کی کال پر بدامنی، بے روزگاری اور مہنگائی کے خلاف مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ اس موقع پر احتجاجی ریلی نکالی گئی اور پریس کلب ژوب کے سامنے جلسہ عام منعقد ہوا۔ جلسہ عام کی صدارت جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ضلعی امیر مولوی سرور خان کاکڑ نے کی،

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، رکن قومی اسمبلی شائلہ رانا چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی و دیگر کو تیسری بین الاقوامی اسکول ایوارڈز و گلوبل اسکولز کانفرنس 2026 کے موقع پر ایوارڈز دے رہی ہیں

صحبت پور، تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے، اساتذہ بچوں کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں، سجاد الرحمان

صحبت پور (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سجاد الرحمان نے تحصیل فرید آباد کے مختلف تعلیمی اداروں کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے طلبا کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور اساتذہ کو درپیش مسائل کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر سجاد الرحمان نے واضح کیا کہ تعلیم کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

کیسکو میں سن کوٹہ پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے: عبدالستار خان

نئی آسامیوں پر بھرتیوں کیلئے مستحق امیدواروں کو قواعد وضوابط کے مطابق ترجیح دی جائے

کوئٹہ (اے این این) کیسکو اتحاد ورکرز یونین نے اعلیٰ حکام سے کیسکو میں نئی بھرتیوں کے ساتھ سن کوٹہ پر بھی ترجیحی بنیادوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ کیسکو اتحاد ورکرز یونین کا ایک ہنگامی اجلاس عبدالستار خان کی صدارت میں منعقد ہوا، اجلاس میں جنرل سیکرٹری سلام بلوچ سمیت دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکاء نے حکومت کی جانب سے نئی آسامیوں کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری کے پیش نظر نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، لہٰذا دوران ملازمت وفات پانے والے ملازمین کے بچوں کیلئے مختص سن کوٹہ پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے، تاکہ متاثرہ خاندانوں کو معاشی تحفظ فراہم کیا جا سکے اور ان کے بچوں کو ان کا جائز حق مل سکے۔ کیسکو اتحاد ورکرز یونین کے صدر عبدالستار خان اور جنرل سیکرٹری سلام بلوچ نے کہا کہ سن کوٹہ کے تحت زیر التوا درخواستوں اور کیسز کو فوری طور پر نمٹایا جائے اور نئی آسامیوں پر بھرتیوں کے دوران مستحق امیدواروں کو مروجہ قواعد وضوابط کے مطابق ترجیح دی جائے۔ یونین عہدیداران کا کہنا تھا کہ کیسکو میں ملازمین کی کمی کے باعث ادارے کے امور متاثر ہو رہے ہیں۔ کیسکو اتحاد ورکرز یونین نے اعلیٰ حکام سے کیسکو میں نئی بھرتیوں کے ساتھ سن کوٹہ پر بھی ترجیحی بنیادوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ کیسکو اتحاد ورکرز یونین کا ایک ہنگامی اجلاس عبدالستار خان کی صدارت میں منعقد ہوا، اجلاس میں جنرل سیکرٹری سلام بلوچ سمیت دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکاء

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ پریس کلب میں ماہی گیروں کے حقوق اور درپیش مسائل پر غور ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) عالمی یوم ماہی گیری (World Fisheries Day) کے موقع پر پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن (PUWF) بلوچستان کے زیر اہتمام 21 نومبر بروز ہفتہ دوپہر 2:30 بجے کوئٹہ پریس کلب میں ایک اہم سیمینار منعقد کیا جارہا ہے۔ "ماہی گیروں کے حقوق اور درپیش مسائل" کے عنوان سے منعقد ہونے والے اس سیمینار میں ساحلی پٹی کے محنت کش ماہی گیروں کو درپیش چیلنجز،

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

سبی سے اغوا ہونے والی کم عمر بچی بندیہ کماری کی بازیابی کے لیے سندھ حکومت کی یقین دہانی

بے فارم، اسکول سرٹیفکیٹ اور دفعہ 164 کے بیان کے مطابق بچی کی عمر 14 سال ہے، رکن اسمبلی کا بیان

کوئٹہ (یو این اے) رکن بلوچستان اسمبلی اشوک کمار نے سبی سے مبینہ طور پر اغوا ہونے والی کم عمر بچی بندیہ کماری کے معاملے پر اپنا دوٹوک مؤقف پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری دستاویزات، بشمول بے فارم، اسکول سرٹیفکیٹ اور عدالت میں ریکارڈ کرائے گئے دفعہ 164 کے بیان کے مطابق متاثرہ بچی کی اصل عمر محض 14 سال ہے۔ اپنے ایک بیان میں ایم پی اے اشوک کمار نے انکشاف کیا کہ اس

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)



جعفرآباد، اسسٹنٹ کمشنر ڈھیرج کالر تجاوزات کے خلاف کارروائی کی نگرانی کررہے ہیں

مدرسہ الرشید عثمانیہ گلزارِ قائد راولپنڈی کے طلبہ اور اساتذہ کے وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا مطالعاتی دورہ

اسلام آباد (اے این این) مدرسہ الرشید عثمانیہ، گلزارِ قائد راولپنڈی کے 23 طلبہ اور 3 فیکلٹی ممبران پر مشتمل وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا دورہ کیا۔ وفد کو پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر سینیٹ حکام نے خوش آمدید کہا۔ وفد نے دورے کے دوران سینیٹ میوزیم کا مشاہدہ کیا، جہاں انہیں ایوانِ بالا کی تاریخ، ارتقائی مراحل، پارلیمانی روایات اور اہم تاریخی دستاویزات کے

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

ن لیگ کی جدوجہد کا مقصد مستحکم و مضبوط خوشحال و ترقی یافتہ پرامن بلوچستان ہے، فرید افغان

ن لیگ کی قیادت محمد نواز شریف وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی ولولہ انگیز قیادت پر فخر ہے

سبی (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر رہنما سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات بلوچستان میڈیا کوآرڈی نیٹر ایڈووکیٹ فرید افغان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کی جدوجہد کا مقصد مستحکم و مضبوط خوشحال و ترقی یافتہ پرامن بلوچستان ہے جس کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے مسلم لیگ ن بلدیاتی و جنرل انتخابات میں کامیاب ہوکر عوام کو درپیش مسئلہ مسائل کو حل کر کے اپنی روایت برقرار رکھیں گے کارکناں پارٹی کا پیغام ہر کونے میں لے جا کر مسلم لیگ ن کو مضبوط فعال بنانے میں رول پلے کریں مسلم لیگ ن کے مرکزی صدر میاں محمد نواز شریف وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی ولولہ انگیز قیادت پر فخر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کارکناں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی ڈپٹی آرگنائزر برائے میڈیا منیر احمد مسوری بگٹی بھی موجود تھے مرکزی رہنما و صوبائی میڈیا کوآرڈی نیٹر ایڈووکیٹ فرید افغان نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے قائد و مرکزی صدر میاں نواز شریف وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی ولولہ انگیز قیادت ہی پاکستان کے مسائل و عوام کی مشکلات کا دور کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے پاکستان مسلم لیگ ن کے آنے والے بلدیاتی و جنرل الیکشن میں بلوچستان کے کونے کونے سے ایماندار اور عوامی نمائندگان کو ٹکٹ دیکر عوام کے ووٹ کی طاقت سے دوبارہ برسر اقتدار آئے گی۔ پاکستان مسلم لیگ ن کے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)

میٹروپولیٹن کارپوریشن میں 121 مبینہ غیر شفاف بھرتیوں کا انکشاف

کوئٹہ (یو این اے) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں مبینہ طور پر بغیر سرکاری اشتہار، شفاف مسابقتی عمل اور مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 121 سے زائد افراد کی تعیناتیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ ادارے میں سرگرم مبینہ عناصر نے 2010 سے 2026 کے دوران لواحقین کوٹے کی آڑ میں یہ بھرتیاں کیں۔ اطلاعات کے مطابق اس تمام عمل میں

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسلام آباد ہائی کورٹ کا 15 روز میں نادرا ای بیلنگ کا عمل مکمل کرنے کا حکم

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر سی ڈی اے حکام کے خلاف توہین عدالت کیس کا تحریری حکم نامہ جاری کردیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے پندرہ روز میں نادرا ای بیلنگ کا عمل مکمل کرنے کا حکم دیا، تعمیل نہ ہونے پر چیئرمین سی ڈی اے کی ذاتی حیثیت میں طلبی ہوگی۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے شہری محمد شریف کی

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)

جے یو آئی قائدین اور کارکنوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے، اسلم غوری

ایک طرف تھریٹ لیٹر اور دوسری طرف سیکورٹی کی واپسی حکومت کیا پیغام دے رہی ہے، ترجمان جے یو آئی ف

اسلام آباد (اے این این) جمعیت علمائے اسلام ف کے ترجمان نے کارکنوں کو تیار رہنے کا پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ جے یو آئی قائدین اور کارکنوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے۔ اپنے ایک بیان میں اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کی تمام سیکورٹی واپس لے لی گئی ہے، ایک طرف تھریٹ لیٹر اور دوسری طرف سیکورٹی کی واپسی حکومت کیا پیغام دے رہی ہے، جے یو آئی قیادت کو کوئی بھی نقصان پہنچا تو حکمران ذمہ دار ہوں گے۔ ترجمان جے یو آئی نے کہا کہ قائد جمعیت کے پرسنل سیکرٹری مفتی ابرار اور ان کی پوری فیملی کے خلاف جھوٹی ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔ ترجمان جے یو آئی، رات گئے مفتی ابرار کی گرفتاری کی آڑ میں اسلام آباد میں جگہ جگہ چھاپے مارے گئے۔ اسلم غوری نے کہا کہ حکمران بتائیں کہ جے یو آئی رہنماں اور کارکنوں کیخلاف کیوں کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے؟ حکمران جو بیج رہے ہیں کل ان کو کاٹنا ہوگا، کارکن الرٹ رہیں، قائد جمعیت کے تحفظ کے لئے کسی بھی وقت کال دی جاسکتی ہے۔ جمعیت علمائے اسلام ف کے ترجمان نے کارکنوں کو تیار رہنے کا پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ جے یو آئی قائدین اور کارکنوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے۔ اپنے ایک بیان میں اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کی تمام سیکورٹی واپس لے لی گئی ہے، ایک طرف

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

بیوی کے قتل کا کیس: شوہر کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور ہائی کورٹ نے بیوی کے قتل کے مقدمے میں شوہر کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ جسٹس وحید خان نے ملزم محمد ریاض عمر کی اپیل پر سماعت کی۔ لاہور ہائی کورٹ نے ملزم محمد ریاض عمر کی اپیل منظور کر لی۔ عدالت نے گواہوں کے بیانات میں تضاد ہونے کی بنیاد پر ملزم کو بری کر دیا۔ لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ کیس کے 8 گواہ درست حقائق نہ بتا سکے، وقوعے کا مقدمہ 8

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

محسن نقوی کا خیبر پختونخوا میں کامیاب آپریشنز اور 22 خوارج کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں خوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ نے 22 خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)



لسبیلہ، پارلیمانی سیکرٹری قانون، سیاحت وثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں



لسبیلہ، پارلیمانی سیکرٹری قانون، سیاحت وثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

گنداخہ: سابق وزیر اعلیٰ میر جان محمد خان جمالی کی زیر صدارت اہم سیاسی وقبائلی اجلاس

مشکل وقت ہمیشہ نہیں رہتا، حالات جلد اور تیزی سے بدلنے والے ہیں، پارٹی امور اور علاقائی مسائل پر مشاورت

گنداخہ (نورحسن جمالی) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی کی رہائش گاہ کوٹ نور پور جمالی میں ایک اہم سیاسی وقبائلی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان عوامی پارٹی (باپ) ضلع اوستہ محمد کے صدر وقبائلی رہنما میر ظفر علی پندرانی، یونین کونسل شاہن پلال کے چیئرمین وقبائلی رہنما مہر اللہ پلال، یونین کونسل کڑی فیری کے چیئرمین میر حسن جمالی، تحصیل گنداخہ کے جنرل سیکرٹری وڈیرہ سونا خان مری،

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

نئے صوبوں کا قیام ملک کے بہترین مفاد میں ہے، سید امان شاہ

نئے انتظامی ڈویژنز کے قیام پر خون خرابے کی دھمکیاں دینے والے ملک کے خیرخواہ نہیں ہوسکتے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے ملک میں نئے صوبوں کے قیام کو ملک وقوم کے بہترین مفاد میں قرار دیتے ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں پر زور دیا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے فوری اور سنجیدہ اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ انتظامی امور کو بہتر بنانے، عوامی مسائل کے حل اور پسماندہ علاقوں کی ترقی وخوشحالی کا راستہ ہموار ہوسکے۔ اپنے ایک بیان میں سید امان شاہ نے کہا کہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں انتظامی امور کو مؤثر بنانے اور عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے انتظامی یونٹس میں اضافہ کیا جاتا ہے، پاکستان بھی ایک وسیع و عریض ملک ہے جہاں آبادی میں مسلسل اضافے اور انتظامی مشکلات کے باعث نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ نئے صوبوں کے قیام کا مقصد کسی علاقے یا قوم کو تقسیم کرنا نہیں بلکہ عوام کو بہتر انتظامی سہولیات، تعلیم، صحت، روزگار اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کا مقام ہے کہ جب بھی ملک میں نئے انتظامی ڈویژنز یا صوبوں کے قیام کی بات کی جاتی ہے تو بعض حلقوں کی جانب سے مخالفت کے ساتھ خون خرابے اور انتشار کی دھمکیاں دی جاتی ہیں۔ ایسے عناصر کو سمجھنا چاہیے کہ جمہوری معاشرے میں اختلاف رائے ہر شہری کا حق ہے، لیکن انتظامی اصلاحات کے خلاف تشدد اور خون خرابے کی باتیں کرنا کسی صورت قومی مفاد میں نہیں۔ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے ملک میں نئے صوبوں کے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)





کوئٹہ، صوبائی مشیر امیر حمزہ زہری سے پیپلز پارٹی کے صوبائی نائب صدر اول میر ریاض شاہوانی، ثناء جتک، اختر بلوچ، شاہ جہان گجر و دیگر ملاقات کررہے ہیں

صداقت ثقافت اور قومی شعور کا ترجمان
کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونے والا اردو روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار
Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
کوئٹہ
عسکر انٹرنیشنل
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21
www.dailyakskar.com.pk Dailyaskarisb@gmail.com

چیف ایڈیٹر وپبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈیپینڈنٹ پرنٹر سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔

03318383955 0812092472

ایئرپورٹ پرحملہ

ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہفتے کو ہونے والے حملے میں ایک پاکستانی سمیت 13 افراد شہید جبکہ سینکڑوں زخمی ہوگئے۔ سعودی عرب کی جنرل اتھارٹی آف سول ایوی ایشن کے ترجمان کے مطابق پروجیکٹائل حملے سے ہوائی اڈے کی عمارت کو کافی نقصان پہنچا جس کا جائزہ اور تخمینہ لگانے کا کام جاری ہے۔ حوثی باغیوں کی طرف سے فائر کئے گئے ایک اور میزائل کو فضاء ہی میں ناکارہ بنا دیا گیا تھا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے حوثی ملیشیاء کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کے شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابلِ قبول نہیں، ایسے پ؟ رتشدد اقدامات علاقائی اَمن اور استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ ا؟ نہوں نے مطالبہ کیا کہ بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی کرنے والے یہ حملے فوری بند کیے جائیں۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی حمایت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ا؟ ن کا یہ بھی کہنا تھا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے عزم پر قائم ہیں۔ ترجمانِ دفترِ خارجہ نے کہا کہ شہری ہوائی اڈے کو نشانہ بنانا دہشت گردی کی گھناؤنی کارروائی ہے۔ واضح رہے کہ سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان تنازعہ ا؟ س وقت شروع ہوا جب 2014ء میں یمن میں سیاسی انتقالِ اقتدار کے دوران اختلافات اور مسلح تصادم شدت اختیار کر گئے۔ حوثیوں نے یمن کے دارالحکومت صنعا اور دیگر علاقوں پر قبضہ کر لیا تو مارچ 2015ء میں سعودی عرب کی قیادت میں قائم اتحاد نے یمن کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت کی حمایت میں فوجی مداخلت کی۔ ا؟ س کے بعد سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان میزائل حملوں، فضائی کارروائیوں اور سرحد پار کشیدگی کا سلسلہ جاری رہا۔ اپریل 2022ء میں اقوام متحدہ کی ثالثی میں جنگ بندی ہوئی جس سے لڑائی میں نسبتاً کمی آئی تاہم تنازعے کا پائیدار سیاسی حل نہ نکل سکا۔ حالیہ واقعات نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ طویل تنازعات میں عارضی سکون کو مستقل اَمن سمجھ لینا درست نہیں ہے۔ حوثیوں اور سعودی عرب کے درمیان یہ تنازعہ یقیناً تشویشناک ہے کیونکہ وہاں حملہ صرف ایک ملک کی سلامتی کا مسئلہ نہیں بلکہ اس کے اثرات پورے خطے، بین الاقوامی فضائی سفر، تجارت اور توانائی کی منڈیوں تک پھیل سکتے ہیں۔ پاکستان کے لیے بھی صورتحال خاصی پیچیدہ ہے۔ ملک پہلے ہی دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں مصروف ہے، ایک طرف افغانستان سے متعلق سیکورٹی چیلنج ہیں تو دوسری طرف بھارت کے ساتھ تعلقات اور سرحدی تناؤ کے مسائل موجود ہیں۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی، داخلی سلامتی کے تقاضے، معاشی مشکلات اور محدود وسائل بھی ریاست کیلئے چیلنج بنے ہوئے ہیں۔ پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت اپنے عزم کا اعادہ کر چکا ہے، اِس لیے وہ سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو نظرانداز نہیں کرے گا لیکن ضروری ہے کہ دفاعی اقدامات اور ردِعمل کا تعین معاہدے کی شرائط، زمینی حقائق، قومی مفادات اور علاقائی سلامتی کو سامنے رکھ کر کیا جائے۔ سعودی عرب کی سلامتی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ یمن کے عوام کو مزید جنگی تباہی سے بچانا بھی لازم ہے۔ حوثیوں کی طرف سے ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے، کم ہے۔ شہری آبادی یا غیرفوجی تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ ایسے میں چین، ایران اور دیگر بااثر ممالک کو سفارتی رابطوں کے ذریعے حالات سنبھالنے اور فریقوں کو مذاکرات کی طرف لانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ کشیدگی میں اضافہ پورے خطے کے لیے مشکلات بڑھا سکتا ہے، اس لیے تحمل اور ذمہ داری سے کام لینا ضروری ہے۔ مذاکرات کے لیے سازگار ماحول بنانے کی خاطر حملوں کا سلسلہ روکنے اور باہمی اعتماد بحال کرنے کیلئے موثر اقدامات کرنے ہوں گے۔ اختلافات کتنے ہی گہرے کیوں نہ ہوں، معاملات بات چیت کے ذریعے ہی حل ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کو اپنے دفاعی وعدوں، ملکی سلامتی اور معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے ہر ایسی کوشش کا ساتھ دینا چاہئے جو کشیدگی کم کرے اور امن کی طرف لے کر جائے۔

ڈپٹی کمشنر، سیاسی طاقت اور کرپشن

محسن گواریہ

پنجاب کی سیاست میں کرپشن کا الزام کوئی نئی بات نہیں، ہر دور میں حکومتیں اپنے آپ کو شفاف اور سابقہ حکومتوں کو کرپٹ قرار دیتی رہی ہیں، مخلوط حکومتوں میں یہ آواز اپنی ہی حکومت کے خلاف بھی اٹھتی رہتی ہے، کبھی فائلوں، کبھی ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن کی بات کی گئی تو کبھی انتظامیہ کے دفاتر کو کرپشن کے مراکز قرار دیا گیا لیکن حالیہ سیاسی بحث میں ایک مرتبہ پھر پنجاب، کرپشن اور خاص طور پر ڈپٹی کمشنر کی پوسٹنگ ایک دوسرے سے جڑ گئے ہیں، وفاقی وزیر سالک حسین کی جانب سے پنجاب حکومت اور انتظامی معاملات کے حوالے سے عائد کیے جانے والے الزامات اور اس کے جواب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا جواب ایک نئی بحث کو جنم دیتا ہے، ایک طرف کرپشن کے الزامات ہیں، دوسری طرف وزیراعلیٰ کا یہ دعویٰ کہ انہوں نے ایک دھیلے کی بھی کرپشن نہیں کی، وزیراعلیٰ نے الزام لگانے والوں سے ثبوت پیش کرنے کا مطالبہ کیا اور معاملہ ہتکِ عزت کے قانونی نوٹس تک جا پہنچا ہے، پنجاب کے موجودہ انتظامی حالات میں یہ بات درست ہے کہ سیکرٹریوں، کمشنروں اور ڈپٹی کمشنروں کی بڑی تعداد کی تقرری کے معاملے میں سیاسی سفارش اور کھلی سیاسی مداخلت کا تاثر نسبتاً کم دکھائی دیتا ہے، یہ کہنا شاید درست نہ ہو کہ پورا نظام مکمل طور پر سیاسی اثر سے پاک ہو چکا ہے، لیکن مجموعی مشاہدہ یہ ہے کہ پنجاب میں کئی اہم انتظامی عہدوں پر تجربہ رکھنے والے، اچھی شہرت کے حامل اور نسبتاً بہتر کارکردگی والے افسر تعینات کیے گئے ہیں، چیف سیکرٹری اور وزیراعلیٰ کی سطح پر انتظامی ٹیم کی تشکیل میں کارکردگی، تجربے اور گورننس کی ضرورت کو اہمیت دی گئی ہے جو ایک مثبت پہلو ہے۔

آج اگر آپ صوبائی دارالحکومت لاہور ہی کو لے لیں تو یہاں ڈپٹی کمشنر کیپٹن علی اعجاز کسی سیاست سے بالا صرف اپنی اہلیت کے سبب تعینات ہوئے ہیں، وہ ماضی میں دو تین حکومتوں میں بھی اسی لئے اچھے افسر کے طور جانے جاتے تھے کہ وہ کسی سیاسی معاملہ کی بجائے انتظامی امور پر توجہ دیتے تھے، لاہور ہی میں کچھ عرصہ قبل ایک بٹ صاحب سیاسی سفارش سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو جیسی اہم پوسٹ پر تعینات ہو گئے مگر نظام میں شفافیت کی وجہ سے چل نہ سکے اور اب یہاں بھی ایک نیک نام اور محنتی افسر حافظ کریم داد عام لوگوں کی دعائیں سمیٹ رہے ہیں، اسی طرح اٹک میں مدثر احمد شاہ، لودھراں میں محمد اشرف، مری میں آغا ظہیر عباس، ملتان میں فیصل سلیم، وہاڑی میں خالد جاوید گورایہ جیسے ڈپٹی کمشنر، ایسی مثالیں ہیں جو پہلے ادوار میں بھی اہلیت اور قابلیت کے بل بوتے پر اچھی پوسٹوں پر لگتے رہے ہیں۔

پاکستان میں ڈپٹی کمشنر کا عہدہ آج محض ایک انتظامی پوسٹ نہیں رہا، اگرچہ نظام تبدیل ہو چکا ہے، بلدیاتی اور انتظامی ڈھانچے میں تبدیلیاں آتی رہی ہیں، مگر ضلع کی سطح پر ڈپٹی کمشنر آج بھی ریاستی اختیار کی ایک بڑی علامت ہے، قیمتوں کا کنٹرول، ضلعی انتظامیہ، ریونیو معاملات، ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی، مختلف محکموں کے درمیان رابطہ، امن و امان کے انتظامی پہلو اور سرکاری مشینری کی مجموعی کوارڈی نیشن، یہ سب ایسے معاملات ہیں جن کی وجہ سے ڈپٹی کمشنر کی اہمیت غیر معمولی رہتی ہے اور یہی اہمیت سیاسی کشمکش کو جنم دیتی ہے۔

ایک سیاستدان کے لیے اپنی مرضی کا ڈپٹی کمشنر صرف ایک انتظامی سہولت نہیں ہوتا، اس کے ذریعے اسے اپنے حلقے میں ترقیاتی کاموں، مقامی انتظامیہ، سرکاری تقریبات، شکایات کے ازالے اور سیاسی اثرورسوخ میں آسانی محسوس ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ جب کسی سیاسی شخصیت کی مرضی کے برعکس کسی افسر کی تعیناتی ہوتی ہے تو اختلاف اکثر انتظامی پالیسی کے بجائے ذاتی یا سیاسی مسئلہ بن جاتا ہے،

یہاں ایک تلخ حقیقت کو سمجھنے کی ضرورت ہے، ہمارے سیاسی کلچر میں بعض سیاستدان آج بھی انتظامی طور پر مضبوط افسر کو پسند نہیں کرتے، تاہم یہاں ایک اور اہم سوال بھی ہے جسے نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، اگرچہ پوسٹنگ اور ٹرانسفر کے معاملے میں وزیراعلیٰ اور چیف سیکرٹری کی سطح پر سیاسی مداخلت کم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہو، اچھے افسر تعینات کیے جا رہے ہوں اور انتظامی فیصلوں میں میرٹ کو اہمیت دی جا رہی ہو، لیکن کرپشن کا مسئلہ صرف پوسٹنگ سے حل نہیں ہوتا اور یہی اس بحث کا سب سے اہم پہلو ہے۔

کرپشن کسی ایک وزیراعلیٰ کے دفتر میں ہوتی ہے نہ چیف سیکرٹری کے دفتر میں اور نہ ہی ہر معاملے کا علم حکومت کے سربراہ کو ہو سکتا ہے، پاکستان کے انتظامی نظام میں کرپشن کی جڑیں نچلی سطح تک پھیلی ہوئی ہیں، ریونیو، پٹواری نظام، رجسٹری، زمینوں کے معاملات، تعمیراتی ٹھیکے، پرمٹ، لائسنس، ترقیاتی اسکیمیں اور مختلف محکموں کے روزمرہ اختیارات ایسے شعبے ہیں جہاں اختیارات کے غلط استعمال کا امکان موجود رہتا ہے، ایک وزیراعلیٰ ایماندار ہوسکتا ہے، ایک چیف سیکرٹری، کمشنر، ڈپٹی کمشنر بھی نیک نام ہو سکتا ہے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ پورا نظام خودبخود کرپشن سے پاک ہو جائے گا، یہاں اصل مسئلہ سسٹم کی نگرانی اور احتساب کا ہے، کیا ہر ضلع میں کرپشن کی شکایات کا موثر ڈیجیٹل نظام موجود ہے؟ کیا ریونیو اور لینڈ ریکارڈ کے معاملات میں انسانی صوابدید کم کی جا رہی ہے؟ کیا سرکاری ٹھیکوں کی نگرانی شفاف ہے؟ کیا کسی شہری کو رشوت مانگنے والے اہلکار کے خلاف فوری شکایت کا موثر راستہ حاصل ہے؟

پنجاب میں اگر موجودہ حکومت کی ایک خوبی یہ ہے کہ اہم انتظامی عہدوں پر نسبتاً بہتر اور قابل افسروں کو آگے لانے کی کوشش نظر آتی ہے تو اس کے ساتھ حکومت کو یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ اچھے افراد، اچھے نظام کا متبادل نہیں ہوتے، فرد بدلنے سے وقتی فرق ضرور پڑتا ہے، مگر مستقل تبدیلی کے لیے نظام بدلنا پڑتا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز کے لیے بھی یہ ایک امتحان ہے۔ الزام لگانے والوں کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ سیاسی بیانات سے آگے بڑھیں، اگر کرپشن کے ثبوت ہیں تو انہیں سامنے لائیں، اس ساری بحث نے ایک پرانا سچ پھر نمایاں کر دیا ہے، پنجاب کی سیاست میں ڈپٹی کمشنر آج بھی طاقت کی ایک اہم علامت ہے، سیاسی شخصیات اگر آج بھی ڈی سی کی پوسٹنگ کے لیے بے چین ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ ضلعی انتظامیہ کا اختیار ابھی تک سیاسی طاقت کے لیے بہت اہم ہے، ایک حقیقی اصلاح یہ ہوگی کہ ڈپٹی کمشنر کسی وزیر، ایم این اے یا ایم پی اے کا افسر نہ ہو بلکہ صرف ریاست اور عوام کا افسر ہو۔

امریکی مڈٹرم انتخابات، جمہوریت جیت گئی

نسیم شاہد

ہم پاکستانیوں کو یہ بات سمجھ نہیں آ رہی کہ ڈونلڈ ٹرمپ جیسے طاقتور امریکی صدر کی موجودگی میں ان کی جماعت ریپبلکن سینیٹ کے انتخابات میں کیسے ہار گئی۔ دنیا کے ہر فیصلے میں ٹانگ اڑانے اور من مانی کرنے والے ڈونلڈ ٹرمپ کو اپنے ہی ملک میں یہ جھٹکا کیوں ملا، ہمارے ہاں تو یہ تصور موجود ہے جو اقتدار میں ہے یا کسی طاقتور پوزیشن میں ہے، اسے کوئی نہیں ہرا سکتا۔ یہاں ضمنی انتخابات میں کوئی حکومتی امیدوار نہیں ہارتا۔ چاہے وہ کتنا ہی نکما اور غیر مقبول ہو، تو وہاں وسط مدتی انتخابات میں ڈیموکریٹ کیسے جیت گئے، یعنی عوام نے ڈونلڈ ٹرمپ کے خلاف ووٹ ڈالے اور یہ پرواہ بھی نہیں کی کہ عالمی سطح پر انہوں نے امریکہ کا کتنا رعب داب قائم کر رکھا ہے۔ اب تجزیہ کار اس حوالے سے دور دور کی کوڑی لا رہے ہیں لیکن ہم پاکستانیوں کے لئے تو یہی باعثِ حیرت ہے ایک طاقتور صدر کی جماعت سینیٹ میں شکست کیسے کھا گئی۔ یہ اہم ایوان اب ریپبلکن کے ہاتھ سے نکل کر ڈیموکریٹس کے پاس چلا گیا ہے جو امریکی نظام کو جانتے ہیں، انہیں علم ہے سینیٹ میں اکثریت کے بغیر صدر کس قدر کمزور ہو جاتا ہے۔ امریکی عوام کو امریکہ کے دنیا پر کلی اختیار سے کوئی دلچسپی نہیں، انہیں اس بات سے دلچسپی ہے، امریکہ کو دنیا میں ایک جمہوری ریاست سمجھا جائے، اسی لئے وہ کسی ایسے امریکی صدر کو پسند نہیں کرتے جو اقتدار میں آ کر امریکہ کو دنیا کا سب سے بڑا تھانیدار بنانے پر توجہ مرکوز کر دیتا ہے اور اس کے لئے امریکہ کے جمہوری تشخص کو نقصان پہنچاتا ہے۔ دنیا حال میں دیکھ چکی ہے کہ ایران کے خلاف امریکی جارحیت کو عوام نے پسند نہیں کیا۔ سب سے زیادہ مخالف مظاہرے امریکہ میں ہوئے حتیٰ کہ امریکی اسرائیل پر بھی برستے رہے اور نیتن یاہو کے خلاف شدید احتجاج کرتے رہے، اگر امریکی عوام میں سیاسی شعور نہ ہوتا تو وہ ڈونلڈ ٹرمپ کے پروپیگنڈے کی زد میں آ کر ان کی کھلی حمایت کرتے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اُن دنوں جب کہتے تھے کہ امریکہ سپر پاور ہے اور ایران کو ہم صفحہ ہستی سے مٹا دیں گے تو امریکی عوام نے اس بات کو اپنے بھرپور احتجاجی مظاہروں سے رد کر دیا تھا بلکہ تجزیہ کار تو یہ بھی کہتے ہیں کہ ڈونلڈ ٹرمپ پر عوام کا دباؤ نہ ہوتا تو وہ جنگی جنون میں وہ کچھ کر جاتے جو دنیا کی تباہی کا سبب بن جاتا۔ امریکہ میں ووٹ کی طاقت کو کوئی پامال نہیں کر سکتا، حتیٰ کہ ڈونلڈ ٹرمپ جیسا امریکی صدر بھی ایسی کوئی طاقت نہیں رکھتا کہ ڈبوں سے اپنی مرضی کے ووٹ نکال سکے۔ یہ جو فارم 45 اور فارم 47 کی بدنما ترکیبیں ہمارے ہاں رائج ہو چکی ہیں، امریکہ میں ان کا دور دور تک کوئی ذکر تک نہیں ہوتا۔ الیکشن میں شفافیت امریکی جمہوریت کی مضبوطی کا سب سے بڑا ثبوت ہے، اگر یہ شفافیت نہ ہوتی تو آج وہاں انتخابی نتائج کا نقشہ کچھ اور ہوتا جو بے بسی اس وقت ڈونلڈ ٹرمپ کی حالت سے مترشح ہے وہ اسی مضبوط جمہوریت کا کیا دھرا ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دور کو امریکہ میں ایک ہنگامہ خیز دور سمجھا جاتا ہے، کیونکہ ٹرمپ نے بیک وقت کئی محاذ کھولے۔ کبھی ٹیرف کے معاملے میں امریکی معیشت کو نقصان پہنچایا۔ کبھی ان ممالک سے محاذ آرائی شروع کر دی جن کی وجہ سے امریکی تجارتی خسارہ کم رہتا تھا۔ چین، روس، یورپ اور مشرقِ وسطیٰ کے ممالک سے خوامخواہ کی چھیڑ چھاڑ کی جس کی وجہ سے امریکہ میں مہنگائی، کساد بازاری اور بے روزگاری کا سیلاب آیا۔ امریکیوں کے بقول جتنی مہنگائی ڈونلڈ ٹرمپ کے دور میں ہوئی ماضی میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ پھر امریکہ کو سب سے بڑا نقصان آبنائے ہرمز بند ہونے سے ہوا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے شائد ایران کو نشانہ بنانے سے پہلے اس پہلو پر سوچا نہیں تھا۔ یہ ایران کی ایک ایسی چال تھی جس نے پوری دنیا کی اقتصادیات پر حملہ کر دیا۔ اب طاقت کے زور پر اسے کھلوانے کی کوئی کوشش کیسے کامیاب ہو سکتی تھی، جب ایران کا وہاں مکمل کنٹرول ہے۔ ایک دو بار کی کوششوں کے بعد جب امریکہ کو منہ کی کھانا پڑی تو ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان کا سہارا لیا۔ جنگ بندی پر آمادگی ظاہر کی۔ اب بھی وہ اپنا تمام تر زور لگا چکے ہیں، ہر قسم کی دھمکی دے چکے ہیں امریکی و اسرائیلی میزائلوں کی بارش ایران پر گرا چکے ہیں، مگر اس کے باوجود آبنائے ہرمز پر ایران کا مکمل کنٹرول ہے، یہ سب کچھ امریکی عوام دیکھ رہے ہیں ان میں انہیں ہزیمت زیادہ اور فتح کم نظر آ رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کسی ایسی راہ کی تلاش میں ہیں جو انہیں اس گرداب سے نکال سکے، اگر وہ کچھ حاصل کئے بغیر ایران سے معاہدہ کر لیتے ہیں اور ایٹمی ٹیکنالوجی پر اسے نیچا نہیں دکھا پاتے تو ان کی یہ شکست ان کے صدارتی انتخاب میں ریپبلکن کو بھی لے ڈوبے گی۔

امریکہ کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ وہ اپنی ایٹمی طاقت، مضبوط معیشت اور عالمی اثر و رسوخ کی وجہ سے سپر پاور ہے اس کا عالمی چہرہ شاید یہی ہے تاہم اس کی مضبوطی اور استحکام کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اس میں ایک مضبوط جمہوریت ہے۔ اس کی اڑھائی سو سالہ تاریخ میں جس خوبی نے اسے زوال نہیں آنے دیا وہ جمہوریت اور عوام کی طاقت ہے۔ اسی جمہوریت کے ثمرات کی وجہ سے امریکہ میں قانون کی عملداری ہے، آئین کی مضبوطی ہے اور سب سے بڑھ کر مستحکم جمہوری روایات ہیں، جن سے روگردانی کا کوئی سوچ بھی نہیں سکتا۔ ملٹی نیشنل آبادی کے باوجود جس بات نے امریکہ کو ایک لڑی میں پرو رکھا ہے وہ اس کی جمہوریت اور آئین ہیں۔ آئین ایسا ہے کہ اس میں کوئی ابہام نہیں، کوئی طاقتور اسے اپنے مطلب کے معنی نہیں پہنا سکتا نہ ہی اس کی کسی شق کی خلاف ورزی کر سکتا ہے۔ عدالتیں اتنی آزاد ہیں کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں اور احکامات کو بھی اڑا کر رکھ دیتے ہیں۔ امریکہ ایک سپر پاور ہے اور اس کے اجزائے ترکیبی میں آئین کی سپریمیسی، اداروں کی توقیر، آئین کے مطابق ہر ادارے کی اپنی حدود تک محدودیت اور پارلیمنٹ کی بالادستی ہے۔ سینیٹ کے حالیہ انتخابات انہی اجزاء کی حاکمیت کا اظہار ہیں، وہاں ہر ووٹ کی اہمیت ہے اور ووٹ کی حرمت پر کسی کو انگلی اٹھانے کی جرائت نہیں۔

مولانا فضل الرحمٰن، ناراضی مناسب نہیں؟

چودھری خادم حسین

جمعیت علماء اسلام (ف) کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمٰن تو ہمیشہ توجہ کا مرکز رہے تاہم ان دِنوں مختلف حوالے سے شہرت پا رہے ہیں قومی اسمبلی میں ایک تقریر کے دوران وہ تھوڑا موضوع سے ہٹے اور ایک بات ایسی کہہ گئے جو اُن کو یوں بھی زیب نہیں دیتی تھی۔ وہ گفتگو میں حاضر جواب اور بذلہ سنج ہیں، خود مسکراتے رہتے تو دوسروں کو بھی ہنسنے پر مجبور کر دیتے ہیں لیکن آج کل وہ کچھ جلال میں ہیں اور حزبِ اقتدار سے ان کی دوری ہوگئی اور اپوزیشن کے ساتھ مل گئے ہیں جہاں ان کو ہاتھوں ہاتھ لیا گیا اور اب ان کا مشورہ صائب مانا جا رہا ہے، حالات بتاتے ہیں کہ وہ خود سے نہیں گئے، بلکہ ان کو دھکیل دیا گیا کیونکہ حزبِ اقتدار اور حزبِ اختلاف کی کشمکش کے دوران تو ان کو مصلح اور ثالث کا درجہ بھی دیا جاتا رہا ہے، سب کے لئے معتبر ٹھہرے تھے، اب ایک چُوک کی وجہ سے وہ اقتدار والوں سے دور اور حزبِ اختلاف کے قریب ہو گئے ہیں۔

مولانا فضل الرحمٰن ایک تجربہ کار پارلیمنٹیرین ہیں اور اسمبلی کے قواعد سے بھی واقف ہیں، ان کو اسی دوران احساس کر لینا چاہئے تھا اور معذرت کر کے الفاظ واپس لے لینا چاہئیں تھے، لیکن یہ اُن کی عادت کے خلاف ہے اور وہ اکڑ گئے ہیں۔ اس صورت میں قدرتی طور پر ان کو اپوزیشن ہی کی طرف جانا تھا اور وہ چلے گئے اب تو ان کا امتحان شروع ہوگیا ہے، فائلیں کھل گئیں اور عمل کا بھی آغاز ہوگیا، کہا جاتا ہے کہ ان کے صاحبزادے کے خلاف غیرقانونی بھرتیوں کا کھیل کھل گیا اور نوٹس بھی جاری ہوگیا ہے، اس کے علاوہ خود مولانا کے حوالے سے خیبرپختونخوا میں کچھ عمل شروع ہوا ہے اور بعض الزام سامنے آئے ہیں۔ مولانا کو جاننے والوں کو علم ہے کہ وہ ایسے معاملات سے دبتے نہیں اور کسی شرمندگی کے بغیر سامنا کرتے ہیں۔ مولانا کی تقریر ہی کے حوالے سے ان کی طرف سے دیئے گئے الزام کے بعد ریاست ماں ہے، کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے اور اس کو غلط طور پر مقتدر ادارے سے منسوب کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں محترم مجیب الرحمٰن شامی صاحب نے ایک کالم میں وضاحت کر دی تھی جس سے میں سو فیصد متفق ہوں کہ ہمارے یہاں اب ریاست کا مفہوم مقتدر ادارہ لیا جا رہا ہے، حالانکہ ریاست اس مجموعہ کا نام ہے جس میں سارے ستون شامل ہوتے ہیں اس میں عدلیہ، مسلح افواج، حکومت اور پارلیمان بھی شامل ہیں۔ یوں ریاست تو ہمارا ملک پاکستان ہے، لیکن یہاں ریاست کو ماں کا درجہ دیتے ہوئے مقتدر ادارے کو ریاست سمجھ لیا گیا ہے اور یوں خلط مبحث والا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ بہرحال اب تو مولانا سے وضاحت اور معذرت کا مطالبہ کیا جا رہا ہے اور اس حوالے سے ماضی کے پرت بھی کھولے جا رہے اور مولانا کی صفات کا ذکر ہو رہا ہے۔

میں ذاتی طور پر جن مولانا فضل الرحمٰن سے واقف ہوں، وہ اپنی کہی بات پر قائم رہنے کی عادت کے خوگر ہیں، اقتدار کے ایوانوں سے واقف ہیں تو کبھی مقتدر ادارے سے بھی دور نہیں رہے، بلکہ پسندیدہ رہنما گردانے جاتے رہے ہیں، مجھے ذاتی طور پر بھی علم اور یقین ہے جبکہ وہ تو خود اعتراف کر چکے کہ پشاور چوک والا دھرنا سابق چیف آف آرمی سٹاف قمر باجوہ کے کہنے پر ختم کیا تھا، باجوہ صاحب نے ان کو باقاعدہ کھانے پر مدعو کر کے تلخی ختم کی تھی یوں بھی عام سیاسی رہنماؤں کے حوالے سے وہ مقتدر حلقوں کے قریب اور ایک حد تک معاونت بھی کرتے رہے ہیں۔ عرصہ ہوا میں نے ان کو اپنے اخبار کے دفتر انٹرویو کے لئے مدعو کیا وہ چلے آئے اور آن دی ریکارڈ انٹرویو کے علاوہ بہت سی آف دی ریکارڈ باتیں بھی ہوئیں۔ واپسی پر جب ان کو رخصت کرنے جا رہا تھا تو انہوں نے دھیمے لہجے میں مجھے بتایا ”وہ ہو آئے اور مل آئے ہیں“ میں نے پوچھا کون تو انہوں نے اپنے بابائے جمہوریت نوابزادہ نصر اللہ خان (مرحوم) کا نام لے دیا۔ اشارہ مقتدر ادارے کے حساس شعبہ کے سربراہ کی طرف تھا اِس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ خود بھی مقتدر ادارے کے قریب رہے اور ان سے مشاورت بھی کرتے رہے ہیں اس لئے ان کو بالکل ہی ”کورا“ سمجھ لینا بھی درست نہیں کہ ان میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ وہ بدلتے حالات میں بچ نکلیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ ملک کے لئے یہ بڑا مشکل وقت ہے، کئی مسائل درپیش ہیں ان کے دوران مولانا کو ناراض کر لینا بھی درست نہیں کہ مہنگائی، بیروزگاری اور معاشی حالات نے عوام کو پریشان کر رکھا ہے، ایسے میں ملک کے اندر سکون کی ضرورت ہے لیکن یہاں ایک اور محاذ کھول لیا گیا ہے۔

مولانا فضل الرحمٰن کی اپنی اہمیت ہے اور وہ فیلڈ کے بھی ماہر ہیں ان کا برسر اقتدار طبقات سے ہمیشہ رابطہ رہتا ہے۔ اگر موافق اور سازگار موسم نہیں رہا تو ان کو بھی ناراض کر لینا مناسب نہیں، لہٰذا خود متعلقہ وزیر کو یہ معاملہ دیکھنا چاہئے۔ ملک میں اقتصادی ہی نہیں سیاسی استحکام کی بھی ضرورت ہے جو اس وقت نہیں ہے اس لئے وسیع تر اتفاق رائے لازم ہے۔ یہ نہیں کہ اگر ترمیم یا کسی اور مسئلہ میں ضرورت ہے تو ایسے میں یہ طریقہ کامیاب نہ ہوگا بلکہ مشکل ہوگی کہ مولانا کے پاس کارکنوں کی اچھی کھیپ ہے اب بھی رانا ثناء اللہ کو ذمہ داری سونپی جائے کہ وہ نازک اور احساس امور کو طے کرانے کی کوشش کریں۔

افغان دہشت گردوں کو امریکی اسلحہ کی فراہمی

ریاض احمد چودھری

امریکی دفاعی جریدے ریئل کلیئر ڈیفنس (RealClearDefense) کی ایک رپورٹ اور حالیہ سیکیورٹی شواہد کے مطابق، 2021 میں افغانستان سے امریکی انخلا کے وقت وہاں چھوڑا جانے والا جدید اسلحہ اب علاقائی دہشت گرد گروہوں تک پہنچ چکا ہے۔ رپورٹ کے مطابق، افغانستان میں تقریباً 7 ارب ڈالر مالیت کا جدید عسکری سازوسامان اور اسلحہ پیچھے چھوڑا گیا تھا جو اب طالبان حکومت کے پاس ہے۔

پاکستان میں سیکیورٹی آپریشنز کے دوران ہلاک یا گرفتار ہونے والے دہشت گردوں سے جو جدید امریکی ہتھیار برآمد ہوئے ہیں، ان میں M4A1 اور M16 رائفلز (ٹیلی اسکوپ اور تھرمل سائٹس سمیت) اور M24 اسنائپر رائفلز شامل ہیں۔ پاکستانی حکام اور رپورٹس کے مطابق یہ اسلحہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (فتنہ الخوارج) اور دیگر شدت پسند گروہوں کے استعمال میں آ رہا ہے جو پاکستان کے اندر سیکیورٹی فورسز اور شہریوں پر حملوں کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔

پاکستانی عسکری اورنگزیب و حکومتی ترجمانوں کا کہنا ہے کہ افغانستان کی سرزمین اور وہاں موجود امریکی اسلحہ پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہا ہے، اور افغان طالبان رجیم کو اس حمایت کو بند کرنا ہوگا۔

سال 2021 میں افغانستان سے امریکی افواج کے انخلا کے وقت وہاں چھوڑا جانے والا تقریباً 7 ارب ڈالر مالیت کا جدید عسکری سازوسامان اور اسلحہ خطے، خصوصاً پاکستان کی سلامتی کے لیے ایک بڑا مسئلہ بن چکا ہے۔ امریکہ کی جانب سے افغان نیشنل فورسز کے لیے برسوں کے دوران اربوں ڈالر کا سازوسامان فراہم کیا گیا تھا۔ 2021 میں امریکی انخلا کے بعد اندازاً 3 لاکھ سے زائد ہتھیار، 40 ہزار سے زائد فوجی گاڑیاں اور 78 طیارے افغانستان میں ہی رہ گئے تھے، جو اب طالبان حکومت کے پاس ہیں۔ امریکی دفاعی جریدے 'ریئل کلیئر ڈیفنس' (RealClearDefense) اور دیگر بین الاقوامی رپورٹس کے مطابق، یہ جدید امریکی اسلحہ اب پاکستان میں سرگرم دہشت گرد گروہوں، بالخصوص کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور دیگر عسکریت پسندوں کے ہاتھوں میں پہنچ چکا ہے۔ برآمد ہونے والے ہتھیاروں میں M4A1 اور M16 رائفلز سمیت جدید اسنائپر گنز اور دیگر مہلک عسکری آلات شامل ہیں، جنہیں پاکستانی سیکیورٹی فورسز اور اندرون ملک دہشت گردانہ کارروائیوں میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس مسئلے پر پاکستان نے بارہا عالمی برادری اور افغان حکام کی توجہ دلائی ہے۔

اقوام متحدہ کی دہشت گردی سے متعلق پابندیوں کی نگرانی کرنے والی ٹیم کے سابق عہدیدار ایڈمنڈ فٹن براؤن نے کہا کہ طالبان رجیم القاعدہ کو افغانستان میں محفوظ پناہ گاہیں، تربیت اور بھرتی کے مواقع فراہم کر رہی ہے۔ افغان طالبان القاعدہ اور فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) کو پاکستان میں سرحد پار حملوں کی اجازت دیتے ہیں، فتنہ الخوارج، افغان طالبان اور القاعدہ کے درمیان اتحاد قائم ہے، جو پاکستان کے اندر سرحد پار حملے کر رہا ہے، افغانستان میں اسلامک موومنٹ آف ازبکستان، ترکستان اسلامک موومنٹ اور جماعت انصار اللہ جیسے شدت پسند گروہ بھی موجود ہیں۔

افغان طالبان رجیم ان دہشتگرد گروہوں کو پڑوسی ممالک پر دباؤ بڑھانے اور سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرتی ہے، افغان طالبان رجیم کو دہشت گردی کیخلاف مغربی ممالک کا قابل اعتماد شراکت دار نہیں سمجھنا چاہیے۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ افغان طالبان، القاعدہ اور فتنہ الخوارج کی سرپرستی اور سرحد پار حملوں کی اجازت دے کر عالمی معاہدوں کی کھلی خلاف ورزی کر رہے ہیں، اقوام متحدہ کے سابق عہدیدار کا یہ بیان افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی سے متعلق پاکستان کیا صولی مؤقف کی تائید ہے۔

افغانستان میں دہشت گردوں کی موجودگی اور پشت پناہی کے باعث طالبان رجیم پر عالمی دباؤ بڑھتا جا رہا ہے۔ اقوام متحدہ میں چین کے مستقل مندوب فو کونگ نے طالبان رجیم پر تنقید کی اور کہا کہ افغانستان میں فتنہ الخوارج، ای ٹی آئی ایم، داعش اور دیگر دہشت گرد تنظیمیں سرگرم ہیں۔ افغانستان میں موجود دہشت گرد تنظیمیں پڑوسی ممالک کیلیے سنگین خطرہ ہیں، افغانستان میں چینی شہریوں پر بھی حملے ہوئے جس سے متعدد ہلاکتیں ہوئیں، چین افغانستان سے ہونے والی ہر قسم کی دہشت گردی کی سخت مذمت کرتا ہے۔

افغان طالبان پر زور دیتے ہیں کہ وہ دہشت گردی کے سنگین خطرات کو تسلیم کریں، افغان طالبان افغانستان کی سرزمین سے سرگرم تمام دہشت گرد عناصر کا خاتمہ کریں۔

اقوامِ متحدہ اور عالمی اداروں کی رپورٹس کے مطابق افغانستان میں اس وقت 20 سے 40 کے درمیان مختلف دہشت گرد تنظیمیں سرگرم ہیں۔ یہ گروہ نہ صرف خطے کے استحکام بلکہ عالمی سلامتی کے لیے بھی ایک بڑا خطرہ بنے ہوئے ہیں۔

افغانستان میں موجود اہم ترین دہشت گرد تنظیموں میں ایک داعش خراسان ہے جو خطے میں سب سے زیادہ متحرک اور خطرناک تنظیم ہے۔ یہ افغان طالبان کی حکومت کے خلاف برسرِ پیکار ہونے کے ساتھ ساتھ وسطی ایشیائی ممالک اور روس میں بھی دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث رہی ہے۔ دوسری تنظیم القاعدہ ہے اس تنظیم کی جڑیں افغانستان میں تاحال موجود ہیں اور افغان سرزمین پر ان کی موجودگی کے شواہد وقتاً فوقتاً سامنے آتے رہتے ہیں۔ تحریک طالبان پاکستان، پاکستان کے خلاف سرگرمِ عمل ہے اور افغان سرزمین کو پاکستان میں دہشت گرد حملوں کے لیے استعمال کرتی ہے۔ ان کے علاوہ وسطی ایشیاء، چین اور دیگر ممالک سے تعلق رکھنے والے شدت پسند گروہ بھی افغان سرزمین پر پناہ لیے ہوئے ہیں، جن میں تحریکِ ازبکستان اور ایسٹ ترکستان اسلامک موومنٹ (ETIM) شامل ہیں۔

Q1 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q2 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q3 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q4 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q5 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q6 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q7 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q8 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q9 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q10 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q11 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q12 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q13 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q14 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q15 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q16 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q17 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q18 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q19 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q20 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q21 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q22 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q23 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q24 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q25 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q26 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q27 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q28 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q29 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q30 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q31 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Q32 ہوائی اڈے پر مسافروں کی آمد و رفت کا حال

Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکرانٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

کئی ممالک کو مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود میں اضافہ کرنا پڑ سکتا ہے، آئی ایم ایف

شینزن (اے این این) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے خبردار کیا ہے کہ توانائی کی فراہمی میں رکاوٹوں اور مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بڑھتی ہوئی طلب کے باعث عالمی مہنگائی کی شرح 4.7 فیصد تک پہنچ گئی ہے جبکہ کئی ممالک کو مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود میں اضافہ کرنا پڑ سکتا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق آئی ایم ایف کی سربراہ کرسٹالینا جارجیوا نے یہ بات چین کے شہر شینزن میں ایشیا پیسفک اکنامک کوآپریشن (اپیک) کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں عالمی سطح پر معیشتوں میں مانیٹری پالیسی سخت کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

اسرائیل کا غزہ میں بڑا فوجی آپریشن شروع، ٹینکوں کی پیش قدمی

ہزاروں فلسطینیوں کی نقل مکانی، فضائی حملے میں ایک فلسطینی شہید، متعدد زخمی

غزہ (اے این این) اسرائیلی فورسز نے غزہ پٹی کے وسطی علاقے میں بڑا فوجی آپریشن شروع کردیا، اسرائیلی ٹینکوں نے شمال مغربی علاقوں کی جانب پیش قدمی کی، ہزاروں فلسطینیوں نے نقل مکانی شروع کردی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج نے غزہ میں فوجی کارروائی شروع کر دی، اسرائیلی ٹینک اور بلڈوزر البریج اور النصیرات کیمپوں کے شمال مغربی علاقوں کی جانب پیش قدمی کر رہے ہیں۔ غزہ کی پٹی کے وسطی علاقے المغراقہ میں اسرائیلی فضائی حملے میں کم از کم ایک فلسطینی شہید جبکہ متعدد زخمی ہو گئے۔ حماس کا کہنا ہے غزہ میں اسرائیل کا فوجی آپریشن بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے، فلسطینی مزاحمتی تنظیم اسلامی جہاد نے کہا ہے غزہ میں اسرائیلی فوجی آپریشن جنگ بندی کو سبوتاژ کرنے کا اسرائیل کا خطرناک منصوبہ ہے، اسرائیلی جارحیت کی ذمہ داری امریکا اور غزہ امن بورڈ پر ہے۔ عینی شاہدین نے بی بی سی کو بتایا کہ اسرائیلی فوج نے المغراقہ، وادی غزہ پل، الدعوہ محلے اور صلاح الدین روڈ کے مشرقی علاقوں کی جانب پیش قدمی شروع کر دی ہے، جس کے باعث درجنوں خاندانوں نے علاقے سے نقل مکانی کی ہے۔ اس سے قبل مقامی آبادی اور وہاں موجود بے گھر افراد کو فوری طور پر علاقہ

کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمتیں کم نہ ہو سکیں، شہری پریشان

کوئٹہ (اے این این) ایران سے ایل پی جی سپلائی بحال ہونے کے باوجود کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمتیں کم نہ ہو سکیں جس کے باعث شہری شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ کوئٹہ میں 600 روپے تک ایل پی جی کی قیمت مقرر ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہم لوگ کہاں جائیں۔ دوسری جانب، پشاور شہر میں ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ برقرار ہے، قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام میں مایوسی اور ناامیدی پائی جاتی ہے۔ پریشان شہری کا کہنا ہے کہ اس وقت مارکیٹ میں فی کلو ایل پی جی 550 سے 600 تک پہنچ گئی۔ ادھر کوئٹہ میں بھی ایل پی جی کی قیمتوں میں استحکام نہ آسکا، شہر کے وسطی اور مضافاتی علاقوں میں ایل

سندھ کروڑوں سندھیوں کی ماں تقسیم کا خواب پورا نہیں ہوگا، سعدیہ جاوید

صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت سے منظوری آئینی تقاضا ہے، ترجمان سندھ حکومت

کراچی (اے این این) ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید نے کہا ہے کہ سندھ کروڑوں سندھیوں کی ماں ہے، اس کی تقسیم کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا۔ ایم کیو ایم رہنما خالد مقبول صدیقی کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو صوبے کی حدود تبدیل کرنے یا نیا صوبہ بنانے کا یکطرفہ اختیار حاصل نہیں، اس کے لیے متعلقہ صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت سے منظوری ضروری ہے۔ سعدیہ جاوید نے مزید کہا کہ 1973 کے آئین کا حوالہ دینے والے آرٹیکل 239 کی شق 4 بھی پڑھ لیں، جس کے تحت کسی صوبے کی حدود میں تبدیلی کے لیے متعلقہ صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت سے منظوری لازمی ہے۔ ان کے بقول وفاقی حکومت یکطرفہ طور پر سندھ کو تقسیم نہیں کرسکتی۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا کہ تقسیم ہند سے قبل کی میونسپل کمیٹیوں کے اعداد و شمار پیش کرکے سندھ کی تاریخی وحدت کو چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔ تبادلہ آبادی کی بنیاد پر سندھ کی سرزمین پر الگ حق جتانا تنگ نظری اور تعصب ہے، کیونکہ صوبے محض آبادی کے اعداد و شمار سے نہیں بلکہ صدیوں پرانی تہذیبی جڑوں سے بنتے ہیں۔ سعدیہ جاوید نے مردم شماری کے معاملے پر ایم کیو ایم کے مؤقف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے



تربت، چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر تربت، بلوچستان میں شہداء یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

190 ملین پاؤنڈ کیس میں عمران خان کی سزا برقرار رہ سکتی ہے، طارق فضل چوہدری

بانی کی قانونی ٹیم میرٹ پر دلائل دینے کے بجائے مقدمے کو تاخیر کا شکار کرنے کے حربے استعمال کر رہی ہے، عدالتیں فیصلہ میرٹ کے مطابق کریں گی

بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق سیاست کی جا رہی ہے اور مختلف الزامات کے ذریعے عدالتی کارروائی پر اثرانداز ہونے کی کوشش کی جا رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں بانی پی ٹی آئی کی سزا اسلام آباد ہائیکورٹ سے بھی برقرار رہنے کے قوی امکانات ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم میرٹ پر دلائل دینے کے بجائے مقدمے کو تاخیر کا شکار کرنے کے حربے استعمال کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق سیاست کی جا رہی ہے اور مختلف الزامات کے ذریعے عدالتی کارروائی پر اثرانداز ہونے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ وفاقی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ وکلا کو چاہیے کہ عدالت میں ٹھوس قانونی نکات اور شواہد کی بنیاد پر دلائل دیں، جتنے مرضی تاخیری حربے استعمال کئے جائیں، عدالتیں فیصلہ میرٹ کے مطابق کریں گی۔ وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں بانی پی ٹی آئی کی سزا

پنجاب میں خفیہ ریکارڈنگ اور جاسوسی کے آلات پر پابندی میں مزید ایک ماہ کی توسیع

خفیہ کیمروں والی عینکوں، قلم اور چابی کے چھلوں کی خرید و فروخت بھی ممنوع قرار

لاہور (اے این این) پنجاب حکومت نے صوبے بھر میں خفیہ ریکارڈنگ ڈیوائسز اور جاسوسی کے لئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی میں مزید 30 روز کی توسیع کردی۔ محکمہ داخلہ کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق خفیہ کیمروں والی اسمارٹ عینکوں اور روزمرہ استعمال کی اشیا میں چھپائے گئے ریکارڈنگ آلات کے استعمال اور فروخت پر پابندی برقرار رہے گی۔ ان اشیا میں عینکوں، قلم اور چابی کے چھلوں میں نصب خفیہ کیمرے بھی شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن کے تحت خفیہ ریکارڈنگ آلات کی دکانوں اور آن لائن خرید و فروخت بھی ممنوع ہوگی، تاہم پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) سے منظور شدہ ٹرمینل آلات کو پابندی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ کے مطابق خفیہ ریکارڈنگ آلات کے استعمال سے اہم تنصیبات کی سکیورٹی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے ضابطہ فوجداری کے تحت پابندی عائد کی ہے اور صوبے بھر کی انتظامیہ اور پولیس کو اس پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ ب نے ضابطہ فوجداری کے تحت پابندی عائد کی ہے اور صوبے

مکہ مکرمہ میں دو غیر ملکی شہری منشیات فروخت کرنے کے الزام میں گرفتار

ریاض (اے این این) سعودی حکام نے مکہ مکرمہ میں مقیم دو غیر ملکی شہریوں کو گرفتار کرلیا ہے، جو منشیات فروخت کرنے میں ملوث تھے۔ سعودی اخبار کے مطابق مکہ ریجن میں جنرل ایڈمنسٹریشن آف دی مجاہدین کے گشتی دستوں نے غیر ملکی شہریوں کو گرفتار کیا ہے جو سرحدی حفاظتی ضوابط کی خلاف ورزی کر رہے تھے۔ ان ملزمان پر چرس، ایمفیٹامائنز اور ایسی ادویات کی فروخت اور پھیلا کا الزام ہے جن کی تقسیم طبی ضوابط کے تحت ممنوع ہے۔ حکام کے مطابق ملزمان کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ مزید ضروری کارروائی کے لیے انہیں متعلقہ حکام کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ سعودی حکام

پارلیمنٹ توڑ کر نئے صاف و شفاف انتخابات کروائے جائیں، شوکت یوسفزئی

بلاول کا اتنا سچ بولنے کے بعد موجودہ پارلیمنٹ کے رہنے کا کوئی جواز نہیں، پی ٹی آئی سیکرٹری اطلاعات خیبر پختونخوا

پشاور (اے این این) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے پارلیمنٹ توڑ کر نئے صاف و شفاف انتخابات کروانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کا اتنا سچ بولنے کے بعد موجودہ پارلیمنٹ کے رہنے کا کوئی جواز نہیں۔ اپنے ایک ویڈیو پیغام میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ بہت ہو گیا اللہ کرے مزید خون خرابے کی باتیں نہ ہوں، بلاول کا اتنا سچ بولنے کے بعد موجودہ پارلیمنٹ کے رہنے کا کوئی جواز نہیں لہذا حکومت فوری مستعفی ہو اور ملک میں صاف و شفاف انتخابات کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کسی نئی لڑائی کا حصہ نہیں بنے گی، موجودہ حالات میں پی ٹی آئی سیاسی اسپیس لینے کے لیے حکمت عملی بنائے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پی پی پی اور وزرا کے بیانات کٹھ پتلی تماشہ لگ رہا ہے، فی الحال تماشہ ہی دیکھیں گے، پاکستان مشکل میں ہے سب ہوش کے ناخن لیں۔ بہت ہو گیا عمران خان سمیت پی ٹی آئی اسیران کو ریلیف دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام سے ملک کو کوئی نقصان نہیں ہوگا بلکہ چھوٹے یونٹ بہتر پرفارم کریں گے۔ پی ٹی آئی

نوشکی، کیشنگی کے مقام پر مہاجرین کی گاڑی پر فائرنگ، 3 افراد جاں بحق، 3 زخمی

نوشکی (یو این اے) گزشتہ شب نوشکی کے علاقے کیشنگی کے مقام پر مہاجرین کو لے جانے والی گاڑی پر فائرنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں 3 افراد ہلاک جبکہ 3 دیگر زخمی ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں ہلاک ہونے والے افراد افغان مہاجرین بتائے جاتے ہیں۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی فضا پائی جاتی ہے۔ تاہم فائرنگ کے واقعے کی وجوہات، حملہ آوروں اور زخمیوں کی حالت سے متعلق مزید تفصیلات تاحال معلوم نہیں ہوسکیں۔ بتائے جاتے ہیں۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی فضا پائی جاتی ہے۔ تاہم فائرنگ کے واقعے کی وجوہات، حملہ

آئین میں صوبوں کی تشکیل کے لیے ریفرنڈم کی کوئی گنجائش نہیں، سابق اٹارنی جنرل

سسٹم کو ری سیٹ کرنا ضروری ہے نہ کیا تو ہارڈ ری سیٹ ہو جائے گا، اشتر اوصاف

اسلام آباد (اے این این) سابق اٹارنی جنرل آف پاکستان اشتر اوصاف کا کہنا ہے کہ آئین میں صوبوں کی تشکیل کے لیے ریفرنڈم کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں اشتر اوصاف نے کہا کہ سسٹم کو ری سیٹ کرنا ضروری ہے نہ کیا تو ہارڈ ری سیٹ ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبے بنانے سے پہلے چارٹرڈ آف ٹالرنس بنانا چاہیے۔ قومی اسمبلی، سینیٹ اور صوبائی اسمبلی سے دو تہائی اکثریت چاہیے جبکہ آئین کے آرٹیکل 234 سمیت 10 آرٹیکل میں ترامیم ہوں گی۔ سابق اٹارنی جنرل آف پاکستان کا کہنا تھا کہ پہلے روڈ میپ دیں پھر صوبے بنانے کی بات کریں، سیاسی جماعتوں کو پہلے اپنے اندر جمہوریت پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ سابق اٹارنی جنرل آف پاکستان اشتر اوصاف کا کہنا ہے کہ آئین میں صوبوں کی تشکیل کے لیے ریفرنڈم کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں اشتر اوصاف نے کہا کہ سسٹم کو ری سیٹ کرنا ضروری ہے نہ کیا تو ہارڈ ری سیٹ ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبے بنانے سے پہلے چارٹرڈ آف ٹالرنس بنانا چاہیے۔ قومی اسمبلی، سینیٹ اور صوبائی اسمبلی



اسلام آباد، قطر کے وزیر داخلہ اور انٹرنل سکیورٹی فورس کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ الثانی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

پنجگور، ضلع کی دوبارہ ونٹر زون میں شمولیت کا نوٹیفکیشن جاری

پنجگور (یو این اے) پنجگور کو دوبارہ ونٹر زون میں شامل کرنے کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، جس پر نیشنل پارٹی کے صوبائی کلچرل سیکرٹری آصف مجید بلوچ اور مرکزی رہنما واجہ محمد اکبر بلوچ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ رکن صوبائی اسمبلی و مرکزی رہنما میر رحمت صالح بلوچ کی مسلسل کوششوں، جدوجہد اور مثر آواز کے نتیجے میں یہ فیصلہ عمل میں آیا ہے جو انتہائی خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجگور کو دوبارہ ونٹر زون میں شامل کرنا مقامی طلبا، اساتذہ، والدین اور عوام کے دیرینہ مطالبے کی تکمیل ہے۔ اس فیصلے کے بعد ضلع کے تعلیمی اداروں میں موسم سرما کی تعطیلات سابقہ طریقہ کار کے مطابق ہوں گی، جس سے طلبا اور اساتذہ کو درپیش مشکلات میں


چترال، پاک فوج اور فرنٹیئر کور کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

مختلف شعبہ جات کے ماہر ڈاکٹروں نے 873 مریضوں کا طبی معائنہ کیا، مفت ادویات اور طبی مشاورت فراہم کی

چترال (اے این این) چترال میں پاک فوج اور فرنٹیئر کور خیبر پختونخوا کے زیر اہتمام مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ میں مختلف شعبہ جات کے ماہر ڈاکٹروں نے 873 مریضوں کا طبی معائنہ کیا اور انہیں مفت ادویات اور طبی مشاورت فراہم کی۔ کیمپ سے مجموعی طور پر 205 مرد، 523 خواتین اور 135 بچوں نے طبی سہولیات سے استفادہ کیا۔ پاک فوج اور فرنٹیئر کور کی جانب سے اس موقع پر 7 لاکھ 20 ہزار روپے مالیت کی مفت ادویات بھی تقسیم کی گئیں۔ فری میڈیکل کیمپ کے دوران مریضوں کے 84 الٹراساؤنڈ، 162 لیبارٹری ٹیسٹ، 28 ایکسرے اور 69 ای سی جی کیے گئے۔ خواتین اور بچوں کو خصوصی طبی توجہ دی گئی، جبکہ بریسٹ کینسر، ذاتی صفائی اور مختلف بیماریوں سے بچا کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی گئی۔ مقامی آبادی نے پاک فوج اور فرنٹیئر کور کے اس اقدام کو صحت عامہ اور عوامی فلاح کے لیے قابلِ ستائش قرار دیا ہے۔ تقسیم کی گئیں۔ فری میڈیکل کیمپ کے دوران مریضوں کے 84 الٹراساؤنڈ، 162 لیبارٹری ٹیسٹ، 28 ایکسرے اور 69 ای سی جی کیے گئے۔

اعظم نذیر تارڑ کی منیلا میں عالمی وزارتی کانفرنس کی سائیڈ لائنز پر اہم دوطرفہ ملاقاتیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے منیلا، فلپائن میں بچوں کے خلاف تشدد کے خاتمے سے متعلق دوسری عالمی وزارتی کانفرنس کی سائیڈ لائنز پر مختلف عالمی رہنماؤں، وزراء اور بین الاقوامی اداروں کے اعلیٰ حکام سے اہم ملاقاتیں کی ہیں۔ وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے ترکیہ کی وزیر برائے خاندانی و سماجی خدمات محترمہ ماہ نور اوزدمیر گوکتاش (Özdemir Mahinur Gökta?) سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بچوں کے تحفظ، خاندانی فلاح و بہبود اور سماجی خدمات کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے فلپائن کی سابق صدر



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کی تنظیم کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر کاؤ کم ہورن کا استقبال کر رہے ہیں


نوجوان احتجاج اور بندوق کے بجائے علم، دلیل اور قلم کی طاقت سے اپنا مستقبل سنواریں، جمال شاہ

ہم نوجوانوں کو کلاشنکوف سے نفرت اور قلم سے محبت کا درس دیتے ہیں، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی ترین اثاثہ ہیں، جنہیں احتجاج اور بندوق کے بجائے علم، دلیل اور قلم کی طاقت سے اپنا مستقبل سنوارنا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مسلم لیگ (ن) نوجوانوں کو کلاشنکوف سے نفرت اور قلم سے محبت کا درس دیتی ہے، کیونکہ آج کے طلبا و طالبات ہی کل عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن (MSF) کے زیر اہتمام گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ سائنس کالج کوئٹہ میں منعقدہ ایک گرینڈ شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں حیدر خان اچکزئی، نثار خان اچکزئی، طارق گل، ہمایوں خان، صدام خان اچکزئی، ذیشان احمد کاکڑ، عرفان خان کاکڑ، زورلیس خان خلجی، مین خان نورزئی سمیت طلبا رہنماں اور کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ جمال شاہ کاکڑ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج گورنمنٹ سائنس کالج میں طلبا کے درمیان کھڑے ہو کر

طلال چوہدری آج کل محسن نقوی کے پرسنل سیکرٹری بنے ہوئے ہیں، ندیم افضل چن

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے ترجمان ندیم افضل چن نے وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کی تنقید پر شدید جوابی وار کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کے اندرونی معاملات سے متعلق دعویٰ کیا ہے کہ طلال چوہدری کو خود ان کی اپنی جماعت اون نہیں کرتی۔ ایک انٹرویو میں ندیم افضل چن نے طلال چوہدری کے بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے پیپلز پارٹی کے ترجمان ندیم افضل چن نے کہا کہ طلال چوہدری عملی طور پر محض وفاقی وزیر داخلہ کے پرسنل سیکرٹری کے طور پر کام کر رہے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ انہیں خود مسلم لیگ ن والے بھی انہیں اون نہیں کرتے۔ ان کا کہنا ہے کہ طلال چوہدری کو مسلم لیگ ن کی اہم پارٹی میٹنگز میں اس لیے نہیں بلایا



کوئٹہ، سوئی گیس اور بجلی کی قلت کے خلاف سیاسی جماعتوں اور تاجروں کی جانب سے شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال کے باعث بند بازاروں کا منظر

کوئٹہ شہر لاوارث ہو چکا ہے، رحیم کاکڑ

پارلیمانی سیاست کو کاروبار بنا دیا گیا ہے اور عوام کی شنوائی کا کوئی دروازہ باقی نہیں بچا، سابق میئر کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے شہر کی ابتر شہری و انتظامی صورتحال پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت کوئٹہ شہر کا کوئی پرسانِ حال نہیں رہا اور یہاں کے معاملات محض مصنوعی حیثیت اختیار کر چکے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں رحیم کاکڑ نے غذائی اشیا میں ملاوٹ کے سنگین مسئلے کی نشاندہی کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ عالمی ادارہ صحت (WHO) کی رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں 90 فیصد دودھ ملاوٹ شدہ فروخت ہو رہا ہے، جبکہ کوئٹہ شہر میں بھی بڑے پیمانے پر غیر معیاری اور مبینہ طور پر زہریلے خشک دودھ سے تیار کردہ دودھ کھلے عام فروخت کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انتظامیہ میں مبینہ بدعنوانی اور موثر چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کے باعث شہریوں میں مختلف بیماریاں تیزی سے پھیل رہی ہیں، مگر متعلقہ ادارے اس صورتحال پر قابو پانے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ ملکی و صوبائی سیاسی صورتحال پر تنقید کرتے ہوئے سابق میئر کوئٹہ نے الزام عائد کیا کہ حکومتی مشینری کی تمام تر توجہ سیاسی انتقامی کارروائیوں پر مرکوز ہے، جس کے نتیجے میں پورا نظام تقسیم ہو چکا ہے اور عام آدمی کے مسائل سننے کے لیے کوئی دروازہ باقی نہیں بچا۔

اینکر ربیعہ احسن کی بہن کا خون معاف بیان حلفی عدالت میں پیش، شوہر کی ضمانت منظور

ربیعہ احسن کی موت ایک حادثہ تھی، عدالت احسن طاہر کو ضمانت پر رہا کرے تو ہمیں اعتراض نہیں، اہلخانہ کا بیان حلفی

راولپنڈی (اے این این) نجی ٹی وی چینل کی اینکر ربیعہ احسن کی حادثاتی موت کے معاملے پر ایف آئی آر میں نامزد احسن طاہر خان کی ضمانت منظور کر لی گئی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خرم سلیم نے دو لاکھ روپے کے مچلکے پر ضمانت منظور کر لی۔ مدعی مقدمہ کی جانب سے ملک محسن محمود کلیامی اور ایڈیشنل سیکرٹری جنرل ہائی کورٹ بار صبا فراز راجا پیش ہوئے۔ مقتولہ ربیعہ احسن کی والدہ، بھائی اور بہن نے عدالت میں بیان حلفی جمع کروا دیا۔ اہلخانہ نے بتایا کہ ربیعہ احسن کی موت ایک حادثہ تھی، عدالت احسن طاہر کو ضمانت پر رہا کرے تو ہمیں اعتراض نہیں۔ عدالت نے بیان حلفی اور ورثا کے بیان پر ملزم کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کر لی۔ ملزم شوہر احسن طاہر کی ضمانت کی رہائی کے عدالتی آرڈر جیل بھیج دیے گئے، ملزم کی شام میں اڈیالہ جیل سے رہائی ہوگی۔ نجی ٹی وی چینل کی اینکر ربیعہ احسن کی حادثاتی موت کے معاملے پر ایف آئی آر میں نامزد احسن طاہر خان کی ضمانت منظور کر لی گئی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خرم سلیم نے دو لاکھ روپے کے مچلکے پر ضمانت منظور کر لی۔ مدعی مقدمہ کی جانب سے ملک محسن

صدر مملکت کا خیبر پختونخوا میں 22 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 22 خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ جمعرات کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے جنوبی وزیرستان، بنوں اور ٹانک میں مختلف کارروائیوں کے دوران خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں۔ صدرِ مملکت نے کہا کہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت

پنجگور، جے یو آئی کا مبینہ کردار کشی، بدامنی اور وسائل کی لوٹ مار کے خلاف احتجاج

جامع مسجد سے بسم اللہ چوک تک ریلی، وومن مارکیٹ کے قیام کی مخالفت اور امن کا مطالبہ

پنجگور (یو این اے) پنجگور جمعیت علما اسلام کے زیر اہتمام صوبائی جماعت کے کال پر قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی کردار کشی۔ صوبے سے نکلنے والے قدرتی وسائل کی لوٹ مار اور علاقے میں بدامنی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی ریلی جامع مسجد حاجی نوراللہی سے روانہ ہوئی، جو مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی بسم اللہ چوک پہنچ کر احتجاجی جلسے کی شکل اختیار کی۔ مظاہرین نے مولانا فضل الرحمٰن کی کردار کشی اور علاقے میں بدامنی اور معدنیات کی لوٹ مار کے خلاف زبردست نعرہ بازی کی گئی۔ احتجاجی ریلی کی قیادت ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ، جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحلیم، خطیب مکران مولانا علی احمد۔ ضلعی نائب امیر حاجی عطاءاللہ بلوچ تحصیل امیر مولانا مقبول احمد شاکر۔ مولانا عبدالباسط نور۔ مولانا الیاس ولی ساسولی۔ حافظ امین جان اور دیگر رہنماؤں نے کی احتجاجی ریلی میں جمعیت علما اسلام جمعیت طلبا اسلام کے کارکنوں۔ علما کرام سمیت ہزاروں افراد شریک ہوئے۔ مظاہرے سے جمعیت علما اسلام کے ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ۔ جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحلیم۔ خطیب مکران مولانا

واسا کوئٹہ کے ملازم عبدالعلی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) واٹر اینڈ سینی ٹیشن اتھارٹی (واسا) کوئٹہ نے دورانِ سروس اپنے ملازم عبدالعلی ولد عبدالفیاض، والو مین کے 19 نومبر 2026 کو اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ واسا انتظامیہ نے مرحوم کے انتقال کو ادارے کے لیے ناقابلِ تلافی نقصان قرار دیتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ ادارے نے مرحوم کی دورانِ ملازمت خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے یاد رکھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جوارِ رحمت میں جگہ عطا کرے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔ واٹر



کوئٹہ، اسٹیٹ لائف طیب تکافل کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار کے سے زونل ہیڈ عبدالنبی لاشاری خطاب کر رہے ہیں

شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، زمرک اچکزئی

خان شہید حاجی جیلانی خان اچکزئی نے باچا خان کے فلسفہ عدم تشدد پر عمل کرتے ہوئے پشتون قوم کے اتحاد کے لیے جدوجہد کی

کوئٹہ (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی (ANP) کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے خان شہید حاجی جیلانی خان اچکزئی اور اسد خان اچکزئی شہید کی برسی کے موقع پر جاری کردہ اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کی تاریخی جدوجہد آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ اپنے بیان میں انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ خان شہید حاجی جیلانی خان اچکزئی نے فخرِ افغان باچا خان کے فلسفہ عدم تشدد پر عمل پیرا ہوتے ہوئے پشتون قوم کے اتحاد، اتفاق، امن، خوشحالی اور مظلوم عوام کے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے عملی جدوجہد کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرحوم رہنما قبائلی تنازعات اور برادر اقوام کے درمیان پائی جانے والی رنجشوں کے خاتمے اور صلح جوئی کے لیے بھی ہمیشہ صفِ اول میں سرگرم رہے۔ اے این پی کے پارلیمانی لیڈر نے کہا کہ شہید جیلانی خان اچکزئی کی سیاسی، قومی اور وطنی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، ان کی زندگی اور جدوجہد عوامی نیشنل پارٹی کی سیاسی تاریخ کا ایک سنہری اور اہم باب ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی نیشنل پارٹی اپنے شہدا کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے ملک میں جمہوریت کی بالادستی، امن، عدم تشدد، قومی حقوق اور

پاکستان ہائی کمیشن لندن نے نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز عارضی طور پر معطل کر دیں

لندن (اے این این) پاکستان ہائی کمیشن لندن نے نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز عارضی طور پر معطل کرنے کا اعلان کر دیا۔ پاکستان ہائی کمیشن لندن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق زیرِ سمندر انٹرنیٹ کیبل میں خرابی کے باعث انٹرنیٹ اور متعلقہ سروسز متاثر ہوئی ہیں، جس کے نتیجے میں نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز معطل کی گئی ہیں۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مذکورہ سروسز آئندہ اطلاع تک معطل رہیں گی تاہم دستاویزات کی تصدیق کی سروس معمول کے مطابق جاری رہے گی۔ پاکستان ہائی کمیشن لندن نے نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز عارضی طور پر معطل کرنے کا اعلان کر دیا۔ پاکستان ہائی کمیشن لندن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق

گنداخہ، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر جان محمد جمالی کی زیرِ صدارت اہم سیاسی و قبائلی اجلاس

حالات جلد اور تیزی سے بدلنے والے ہیں اور آنے والا وقت سب کے لیے خوشحالی لے کر آئے گا، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

گنداخہ (یو این اے) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی کی زیرِ صدارت ان کی رہائش گاہ کوٹ نور پور جمالی میں ایک اہم سیاسی و قبائلی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع اوستہ محمد اور تحصیل گنداخہ کے قبائلی معتبرین، بلوچستان عوامی پارٹی (باپ) کے عہدیداران اور کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان عوامی پارٹی ضلع اوستہ محمد کے صدر و قبائلی رہنما میر ظفر علی پندرانی، یونین کونسل شاہن پلال کے چیئرمین مہر اللہ پلال، یونین کونسل کڑی فیری کے چیئرمین میر حسن جمالی، تحصیل گنداخہ کے جنرل سیکرٹری وڈیرہ سونا خان مری، وڈیرہ عبدالحمید جمالی، جنرل سیکرٹری عزیز اللہ جمالی، بخشل خان مستوئی، میر محمد کلاچی، رحم بخش سومرو، سید بھورل شاہ، رئیس علی جان جمالی، گلاب خان جمالی، ڈاکٹر عطا اللہ جمالی، لعل جان جمالی، ریاض احمد تنیو، فقیر محمد صوبدرانی جمالی، علی حر جمالی، سجاد حسین گولہ، محمد سچل جمالی، کرم خان برڑو، استاد نیاز احمد سومرو اور محمد صادق شیخ سمیت مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے معززین شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران تنظیم سازی، پارٹی امور، ملک و صوبے کی مجموعی سیاسی

تحصیلدار جھل مگسی ارباب خان مگسی کا رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جھل مگسی کا دورہ

جھل مگسی (اے این این) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تحصیلدار جھل مگسی ارباب خان مگسی نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جھل مگسی کا سرپرائز دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے طبی مرکز میں فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات، عملے کی حاضری اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ عملے کو اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دینے کی ہدایت کی۔ ل نے واضح کیا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی

سرد علاقوں کو گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے، آصف سالانی

بلوچستان بھر میں کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال حکمرانوں کے لیے واضح پیغام ہے، عوامی مسائل حل کیے جائیں

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رکن میر محمد آصف سالانی محمد عامر جتوئی محمد شریف لانگو چشتی نے کامیاب ہڑتال پر اپنی تحریری بیان میں کہا کہ بلوچستان بھر میں آل پارٹیز اور انجمن تاجران کی جانب سے کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال کے بعد حکمرانوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں۔ حکومت کے لیے یہ ایک واضح پیغام ہے کہ عوام اب مزید مشکلات برداشت کرنے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ اگر حکومت عوام کو بنیادی سہولیات، گیس، بجلی اور روزگار فراہم نہیں کر سکتی تو اسے اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرنی چاہیے۔ عوام موجودہ حکومتی پالیسیوں سے بیزار ہو چکے ہیں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کے منتظر ہیں۔ بلوچستان کے سرد علاقوں میں شدید سردی کے موسم کے دوران گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ سرد علاقوں کو گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دے تاکہ شہریوں کو سرد موسم میں بنیادی سہولیات میسر آ سکیں۔ گیس اور بجلی عوام کی بنیادی ضروریات ہیں، ان کی فراہمی میں غفلت اور مسلسل تعطل عوامی مشکلات میں مزید اضافہ کر رہا ہے۔ اس وقت بلوچستان سمیت ملک بھر میں بے روزگاری، مہنگائی اور بدامنی جیسے سنگین مسائل عوام کے لیے پریشانی کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ م اب مزید مشکلات برداشت کرنے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ اگر حکومت عوام کو بنیادی سہولیات، گیس، بجلی اور روزگار فراہم نہیں کر سکتی تو اسے اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرنی چاہیے۔ عوام موجودہ حکومتی پالیسیوں سے بیزار ہو چکے ہیں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی ملاقات کر رہے ہیں

غلام رسول عمرانی کے خلاف مقدمات کی مذمت کرتے ہیں، امین عمرانی

عمرانی قوم اپنی تاریخ، روایات، اتحاد اور باہمی احترام کے حوالے سے ایک مضبوط شناخت رکھتی ہے

بابا کوٹ (یو این اے) سابق صوبائی وزیر سرکردہ قبائلی رہنما بابو محمد امین عمرانی نے تمندار اقوام عمرانی کے سربراہ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی اور ان کے خاندان کے خلاف مبینہ جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات کے اندراج کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری عمرانی قوم کی عزت، وقار، غیرت اور قبائلی روایات ہمارے لیے انتہائی مقدم ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی ایک معتبر قبائلی شخصیت ہیں اور ان کے خاندان کے خلاف اس نوعیت کے اقدامات سے نہ صرف قبائلی حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے بلکہ ایسے اقدامات سے حق اور سچ کی آواز کو بھی دبایا نہیں جا سکتا۔ کسی بھی شخص یا خاندان کو مبینہ بے بنیاد مقدمات کے ذریعے دبا میں لانا قابل قبول نہیں۔ بابو محمد امین عمرانی نے مزید کہا کہ عمرانی قوم اپنی تاریخ، روایات، اتحاد اور باہمی احترام کے حوالے سے ایک مضبوط شناخت رکھتی ہے۔ قوم کے سربراہ اور ان کے خاندان کے ساتھ پیش آنے والے معاملات پر پوری قوم کو تشویش ہے۔ ہم ہر مشکل وقت میں اپنی قوم کے وقار اور جائز حقوق کے تحفظ کے لیے متحد کھڑے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے، حقائق سامنے لائے جائیں اور قانون و انصاف کے تقاضوں کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ انہوں نے آخر میں کہا کہ عمرانی قوم کے

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم وولٹیج کا سخت نوٹس

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیرِ صدارت اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقدہ ایک اہم اجلاس میں کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف مجیب مری اور سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کے جنرل منیجر راحیل ملک کو طلب کر کے صوبے بالخصوص کوئٹہ میں بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور عوامی شکایات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی علی مدد جتک، ہادیہ نواز بحرانی، فرح عظیم شاہ، سلمیٰ بی بی، کلثوم نیاز بلوچ، شاہدہ رف، زرک خان مندوخیل، ملک نعیم خان بازئی، لیاقت علی لہڑی، صفیہ بی بی اور محمد خان لہڑی نے شرکت کی۔ اراکین نے شدید سرد موسم میں بجلی و گیس کی عدم دستیابی اور پی ایس ڈی پی فنڈز کے اجرا کے باوجود توانائی اسکیموں کی عدم تکمیل پر

گوادر سیف سٹی منصوبے کی تعمیراتی پیش رفت کا جائزہ

سیف سٹی پراجیکٹ کی تکمیل سے بروقت استفادہ حاصل کیا جا سکے گا، ڈی آئی جی پولیس مکران رینج

کوئٹہ (یو این اے) ڈی آئی جی پولیس مکران رینج شاد ابنِ مسیح نے گوادر سیف سٹی منصوبے کی تعمیراتی بلڈنگ کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری تعمیراتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر اور متعلقہ انجینئرز نے ڈی آئی جی پولیس کو منصوبے کے مختلف حصوں پر ہونے والے کام اور اب تک کی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہیں پولیس فورس کی عمارت کے سول ورکس اور سی فور آئی (C4I) بلڈنگ کی تعمیر کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ڈی آئی جی پولیس شاد ابنِ مسیح نے متعلقہ انجینئرز کو ہدایت کی کہ منصوبے کو جلد پایۂ تکمیل پہنچانے کے لیے تعمیراتی کام کو مزید تیز کیا جائے اور اسے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ تعمیراتی کام کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے اس کی باقاعدگی سے نگرانی کو یقینی بنائی جائے۔ ڈی آئی جی پولیس مکران رینج شاد ابنِ مسیح نے گوادر سیف سٹی منصوبے کی تعمیراتی بلڈنگ کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری تعمیراتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر اور متعلقہ انجینئرز نے ڈی آئی جی پولیس کو منصوبے کے

بقیہ 01

جائزہ لیا اس موقع پرانہوں نے تعمیراتی کام کی سست رفتاری پر تشویش اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کی جائے، تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور انہیں مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں انہوں نے کہا کہ ٹراما سینٹر اور او پی ڈی بلاک کی تکمیل سے گوادر کے عوام کو علاج معالجے کی بہتر اور جدید طبی سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ ہنگامی طبی خدمات اور مریضوں کو علاج کی فراہمی میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ صوبائی حکومت بلوچستان صحت عامہ کے شعبے کی بہتری اور عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، اس سلسلے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل انتہائی اہمیت کی حامل ہے دورہ کے موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حفیظ بلوچ اور ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر یاسر طاہر بھی ان کے ہمراہ تھے، جنہوں نے ہسپتال کے انتظامی امور، طبی سہولیات اور جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان کو بریفنگ دی۔

بقیہ 02

جرائم پیشہ عناصر سے پاک کیا جائے۔ یہ ہدایات انہوں نے جمعرات کو قلعہ عبداللہ میں امن وامان کی صورتحال اور جرائم کے خاتمے سے متعلق اپنی زیر صدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران جاری کیں۔ اجلاس میں قلعہ عبداللہ میں پائیدار امن کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کے لیے ایک جامع حکمت عملی کے تحت مربوط اقدامات کی منظوری بھی دی گئی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ کو ہدایت کی کہ قلعہ عبداللہ میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری اور مجوزہ کارروائیوں سے متعلق ایک ہفتے کے اندر تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ علاقے میں امن وامان کی بحالی کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔

بقیہ 03

جارہا ہے؟۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی 18 برس سے سندھ میں اقتدار میں ہے اور 2022 سے وفاقی حکومت میں بھی شریک رہی ہے۔ نظام کی اصلاح کی بات کرنے کے ساتھ پیپلز پارٹی کو اپنی حکمرانی، کارکردگی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کا جائزہ بھی لینا چاہیے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ احتساب یکطرفہ نہیں ہوسکتا، ہر سیاسی جماعت اور اس کی قیادت عوام کے سامنے جوابدہ ہے۔ حکمرانی کسی کی جاگیر نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست کا مقصد اقتدار کی رسہ کشی نہیں بلکہ عوام کی خوشحالی، عزت نفس کا تحفظ اور بہتر حکمرانی ہونا چاہیے۔ اختیارات حقیقی معنوں میں نچلی سطح تک منتقل کر کے عوام کو عملی طور پر بااختیار بنانے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ پارلیمان اور عوام کی رائے مضبوط جمہوریت کے دو بنیادی ستون ہیں۔ قومی فیصلے بند کمروں میں نہیں بلکہ آئینی تقاضوں، پارلیمانی مکالمے اور عوامی اعتماد کی بنیاد پر ہونے چاہئیں۔ انہوں نے زور دیا کہ عوام کو اپنی رائے دینے کا موقع فراہم کیا جائے اور ان کے فیصلوں کا احترام کیا جائے۔

بقیہ 04

کرتے ہوئے کیا۔ عثمان جدون نے کہا کہ مستقل ثالثی عدالت نے 31 اگست 2026 کے اپنے فیصلے میں اس بات کی توثیق کی ہے کہ سندھ طاس معاہدہ بدستور نافذ العمل ہے اور بھارت اس کے تحت اپنی ذمہ داریوں کا پابند ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ کسی بھی ملک کو مشترکہ قدرتی وسائل کو بین الاقوامی قانون اور معاہداتی ذمہ داریوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے دباؤ ڈالنے یا سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ سلامتی کونسل کی قرارداد 2788 کا حوالہ دیتے ہوئے سفیر عثمان جادون نے اقوام متحدہ کے منشور کے آرٹیکل 33 کے تحت تنازعات کے پرامن حل بالخصوص پانی سمیت مشترکہ سرحد پار قدرتی وسائل کے نظام کے حوالے سے اہمیت اجاگر کی۔ قدرتی وسائل اور تنازعات کے باہمی تعلق پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قدرتی وسائل کو استحصال اور تنازعات کا ذریعہ بنانے کے بجائے پائیدار ترقی، مشترکہ خوشحالی اور امن کے فروغ کے لئے بروئے کار لایا جانا چاہئے۔ افریقی ممالک کی جانب سے اپنے قدرتی وسائل پر خودمختار اختیار کے حصول کی جدوجہد کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے نائب مستقل مندوب نے کہا کہ بیرونی مداخلت، وسائل کا غیر قانونی استحصال، سیاسی محرومی، کمزور ادارے اور اشرافیہ کی جانب سے وسائل کی دولت پر اجارہ داری اکثر قدرتی وسائل کو تنازعات کا سبب بنا دیتی ہے۔ انہوں نے جمہوریہ کانگو کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ وہاں معدنی وسائل کی بے پناہ دولت عوام کی خوشحالی کے بجائے تنازعات کے تسلسل کا سبب بنی ہوئی ہے۔ عثمان جادون نے قدرتی وسائل سے متعلق تنازعات کی روک تھام کیلئے تین اہم ترجیحات کی نشاندہی کی، ان میں تنازعات کی بنیادی سیاسی اور انتظامی وجوہات کا حل، جامع سیاسی مفاہمت اور وسائل کی منصفانہ تقسیم؛ وسائل کی غیر قانونی ترسیل اور تنازعات کی مالی معاونت روکنے کے لیے سپلائی چین میں شفافیت، ذمہ دارانہ خریداری اور عالمی تعاون کا فروغ؛ اور ترقی پذیر وسائل سے مالا مال ممالک کو سرمایہ کاری، مقامی سطح پر پیداوار و پراسیسنگ، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور اضافی قدر کے حصول سے مستفید کرنے کو یقینی بنانا شامل ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ قدرتی وسائل کا انتظام اقوام متحدہ کے منشور، بین الاقوامی قانون اور قدرتی وسائل پر مستقل خودمختاری کے اصول کے مطابق ہونا چاہیے، جسے جنرل اسمبلی کی قرارداد 1803 میں بھی تسلیم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کا مشترکہ مقصد قدرتی وسائل کو استحصال، عدم مساوات اور تنازعات کے بجائے تعاون، مشترکہ خوشحالی اور پائیدار امن کا ذریعہ بنانا ہونا چاہیۓ۔

بقیہ 05

مطابق، کاروباری اعداد وشمار کے مطابق برینٹ کروڈ فیوچرز کی قیمت 17 سینٹ یا 0.18 فیصد اضافے کے ساتھ 92.12 ڈالر فی بیرل رہی، جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ فیوچرز 9 سینٹ یا 0.11 فیصد کمی کے ساتھ 83.17 ڈالر فی بیرل پر ٹریڈ ہورہا ہے۔ گزشتہ کاروباری سیشن کے دوران برینٹ کروڈ کی قیمت میں 1.3 فیصد جبکہ امریکی خام تیل میں 3.2 فیصد کی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی تھی، جس سے امریکی تیل 26 اگست کے بعد اپنی کم ترین سطح پر آ گیا تھا۔ ماہرین کے مطابق اس کمی کی بنیادی وجہ تیل کی رسد میں اضافے کی بڑھتی ہوئی توقعات ہیں، کیونکہ آبنائے ہرمز کے ذریعے خام تیل کی ترسیل تقریباً جنگ سے پہلے کی سطح پر بحال ہوچکی ہے۔ اس کے علاوہ امریکی شرح سود میں اضافے کے امکانات نے بھی تیل کی قیمتوں پر دباؤ ڈالا ہے، کیونکہ شرح سود بڑھنے سے معاشی ترقی کی رفتار سست پڑنے اور تیل کی طلب میں کمی کا خدشہ پیدا ہوتا ہے، جبکہ ڈالر کی قدر مستحکم ہونے سے غیر امریکی خریداروں کیلئے تیل مہنگا ہوجاتا ہے۔

بقیہ 06

ساتھ لے گئے اور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ پولیس نے پورے علاقے اور داخلی و خارجی راستوں کی سخت ناکہ بندی کر کے مغویوں کی بحفاظت بازیابی اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 07

ہیں، دونوں میں سے ایک امیدوار بطور پے لوڈ اسپیشلسٹ خلا کا سفر کرے گا۔ پاکستانی خلاباز چین کے تیانگونگ خلائی اسٹیشن پر پہنچنے والے پہلے غیر ملکی خلاباز ہوں گے، مشن کے لوگو میں پاکستان کے قومی پھول چنبیلی کو بھی جگہ دی گئی ہے۔

بقیہ 08

باہر صبح سے ہی امیدواروں کا رش دیکھا گیا، جن میں لڑکے اور لڑکیاں دونوں شامل تھیں۔ چھ رکنی کمیٹی امیدواروں کے انٹرویوز لے رہی ہے، جس میں ضلعی انتظامیہ خضدار کے نمائندے بھی شامل ہیں۔ کمیٹی کی جانب سے امیدواروں سے ان کی تعلیم، قابلیت اور متعلقہ آسامی سے متعلق سوالات کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اب تک 1000 سے زائد امیدوار انٹرویو دے چکے ہیں، جبکہ مزید دو دن میں سینکڑوں امیدوار انٹرویوز میں حصہ لیں گے۔ انٹرویوز کے اختتام کے بعد کامیاب امیدواروں کی فہرست جاری کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ بھرتی کا عمل مکمل طور پر صاف، شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی، ہر امیدوار کو برابر موقع دیا جائے گا اور حق صرف حقدار کو ملے گا۔ ضلعی انتظامیہ اس پورے عمل کی نگرانی کر رہی ہے تاکہ انصاف کو یقینی بنایا جا سکے۔ امیدواروں نے امید ظاہر کی ہے کہ اگر بھرتیاں میرٹ پر ہوئیں تو خضدار جیسے پسماندہ ضلع میں بے روزگاری میں کمی آئے گی اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔

بقیہ 09

شاہد میتلا کو نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے آج کوئٹہ منتقل کیا، جہاں انہیں جوڈیشل مجسٹریٹ نمبر 7 کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ دوران سماعت این سی سی آئی اے نے شاہد میتلا کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا نہیں کی، جس پر عدالت نے انہیں جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 10

مطالعے کی عادت اور درست سمت میں تیاری بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ طلباء و طالبات کو انٹرمیڈیٹ ہی سے سی ایس ایس کی تیاری کا آغاز کرنا چاہیے، اسکالرشپس کے مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے اور بہتر تعلیمی اداروں اور اچھی یونیورسٹیوں میں داخلہ لے کر اپنی تعلیمی قابلیت کو مزید بہتر بنانا چاہیے۔ انہوں نے طلباؤ طالبات کو سی ایس ایس امتحان کی تیاری کے مختلف مراحل، مطالعے کے طریقہ کار اور مستقبل کے تعلیمی و پیشہ ورانہ لائحہ عمل کے حوالے سے بھی رہنمائی فراہم کی۔ اس موقع پر طلباء وطالبات نے مختلف سوالات کیے جن کے ایس ایس پی عبدالحمید نے تفصیلی جوابات دیتے ہوئے ان کی رہنمائی کی۔ ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی نے اس طرح کے رہنمائی سیشنز کو نوجوان نسل کے لیے مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ طلباء وطالبات کو اعلیٰ تعلیم اور مقابلے کے امتحانات کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ واضح رہے کہ ایس ایس پی سیوی عبدالحمید سی ایس ایس امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کر کے ٹاپ پوزیشن حاصل کر چکے ہیں۔ ان کا تجربہ اور رہنمائی نوجوانوں کے لیے ایک مؤثر مثال اور حوصلہ افزائی کا ذریعہ ہے۔

بقیہ 11

یار کے مختلف علاقوں اور اہم شاہراہوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا، جبکہ دکانوں کے سامنے رکھے گئے چھپرے، سندل اور تجاوزات کے لیے استعمال ہونے والا دیگر سامان بھی ضبط کر لیا گیا۔ یہ کارروائی استا محمد روڈ، قومی شاہراہ، ٹی چوک سمیت شہر کے مختلف اہم مقامات پر کی گئی، جہاں غیر قانونی تجاوزات کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے ساتھ شہریوں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے خاتمے کے لیے کیے گئے اس اقدام کو عوامی حلقوں کی جانب سے سراہا گیا اور اسے شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرا نے دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ اپنی دکانوں کے سامنے کسی بھی قسم کی غیر قانونی تجاوزات قائم نہ کریں اور نہ ہی فٹ پاتھوں، سڑکوں اور عوامی گزرگاہوں پر سامان رکھ کر شہریوں کے لیے مشکلات پیدا کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تجاوزات کے باعث قومی شاہراہ اور دیگر اہم سڑکوں پر ٹریفک کی آمدورفت بری طرح متاثر ہورہی ہے، جس سے نہ صرف مقامی شہریوں بلکہ دور دراز علاقوں سے آنے والے مسافروں کو بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی راستوں اور شاہراہوں پر قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ عملے کو بھی ہدایت کی کہ تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے تاکہ شہر کو تجاوزات سے پاک کر کے ٹریفک کی روانی اور شہریوں کی آمدورفت کو بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 12

(کیسکو) کے جاری واک اِن انٹرویوز کے انتظامات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے انٹرویو کے عمل، سیکیورٹی انتظامات، امیدواروں کی آمدورفت اور انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ امیدواروں کی منظم اور آسان رسائی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ان کے لیے سایہ دار جگہوں پر بیٹھنے اور انتظار کرنے کا مناسب انتظام کیا جائے تاکہ انہیں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے امیدواروں سے انفرادی طور پر ملاقات کر کے ان کے مسائل اور تحفظات بھی سنے اور انہیں یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ امیدواروں کو درپیش مشکلات سے آگاہ ہے اور ان کے ازالے کے لیے متعلقہ اعلیٰ حکام سے انٹرویوز کے شیڈول میں مزید تین روز کی توسیع کی درخواست کی گئی ہے۔ انہوں نے امیدواروں سے اپیل کی کہ وہ صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں اور انتظامی امور میں متعلقہ حکام سے تعاون کریں۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ واک اِن انٹرویوز کے طریقہ کار کے باعث امیدواروں کی غیر معمولی تعداد میں آمد ہوئی ہے، جس کے پیش نظر انتظامات کو مزید مؤثر بنانے اور امیدواروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کیسکو اور جی ڈی اے کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ امیدواروں کی سہولت، نظم وضبط اور انٹرویوز کے بلاتعطل انعقاد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ بھرتیوں کے اس عمل کو خوش اسلوبی سے مکمل کرنے اور امیدواروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ 13

دوروں کے دوران بعض اسکولوں میں بجلی، پینے کے پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کی نشاندہی کی گئی، جن کے حل کے لیے متعلقہ سطح پر اقدامات شروع کیے گئے ہیں۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ اسکولوں کے دوروں کے دوران بعض اساتذہ اور دیگر ملازمین غیر حاضر پائے گئے، جن کے خلاف محکمانہ قواعد وضوابط کے تحت کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

بقیہ 14

اور مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر پی آر ایل پی کے ڈسٹرکٹ آفیسر عاطف محمد علی اور آفس انچارج نعیم دیدگ نے جنرل منیجر کو پروگرام کے مختلف اجزا، جاری تربیتی سرگرمیوں اور مقامی آبادی کے معاشی استحکام و روزگار کے فروغ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی جنرل منیجر محمد ہاشم بزنجو نے کہا کہ گوادر انڈسٹریل زون میں مستقبل میں پیدا ہونے والے روزگار کے مواقع سے مقامی نوجوانوں کو مستفید کرنے کے لیے ضروری ہے کہ فنی و پیشہ ورانہ تربیت کو صنعتی شعبے کی ضروریات اور مارکیٹ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، تاکہ تربیت یافتہ نوجوانوں کو عملی طور پر روزگار کے مواقع میسر آسکیں ان نے اس امر پر زور دیا کہ سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے درمیان مؤثر روابط اور باہمی تعاون کے ذریعے مقامی نوجوانوں کو ہنرمند بنانے اور انہیں صنعتی ترقی کے ثمرات میں شریک کرنے کے لیے مربوط اقدامات کیے جائیں، تاکہ گوادر کی معاشی ترقی کے ساتھ ساتھ مقامی آبادی کے لیے روزگار اور معاشی خودمختاری کے نئے راستے کھل سکیں۔ یہ اقدامات صوبائی حکومت کی اس پالیسی سے ہم آہنگ ہیں جس کا بنیادی مقصد گوادر کی ترقی میں مقامی آبادی کی شمولیت اور نوجوانوں کو ترقی کے عمل میں مؤثر شراکت دار بنانا ہے۔

بقیہ 15

مالدیپ کے ساتھ بحری تعاون کے نئے مواقع تلاش کر رہا ہے تاکہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دی جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ دوطرفہ تعلقات اور اقتصادی تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کا اعلیٰ سطح کا وفد جلد مالدیپ کا دورہ کرے گا۔

بقیہ 16

حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں قائد جمعیت کی رہائش گاہ اور اسلام آباد سے سیکیورٹی اہلکاروں کو واپس بلانے کا اقدام غیر سنجیدہ اور افسوسناک ہے۔ رہنماؤں نے مؤقف اختیار کیا کہ مولانا فضل الرحمٰن ماضی میں متعدد خودکش حملوں کا نشانہ بن چکے ہیں، اس پس منظر میں ان کی سیکیورٹی ہٹانا ان کی جان وسلامتی کے حوالے سے سنگین خدشات کو جنم دیتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے کہ وہ سیاسی قیادت کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے عہدیداران نے مزید کہا کہ جماعت کی قیادت کے خلاف مبینہ منفی پروپیگنڈا، کردار کشی اور سیکیورٹی واپس لینے جیسے اقدامات جمہوری اقدار اور سیاسی رواداری کے منافی ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سیاسی اختلافات کا سامنا دلیل اور مکالمے کے ذریعے کیا جانا چاہیے، جبکہ سیاسی کارکنوں کے نام شیڈول فور میں شامل کرنے، غیر قانونی حراستوں اور سیاسی سرگرمیوں پر عائد پابندیوں کا سلسلہ فوری طور پر ختم کر کے اختلافِ رائے کے آئینی حق کا احترام کیا جائے۔

بقیہ 17

پہلے شہری سندھ میں ہوتی تھی، آج وہ پورا پاکستان کر رہا ہے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ جب پاکستان میں صوبوں کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو خونریزی کی بات کیوں ہوتی ہے؟ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، آزادی دلانے والے لوگ کسی کے غلام نہیں ہیں، اس لیے مخالفین کو سنبھل کر بات کرنی چاہیے۔ سندھ کے شہری علاقوں اور انتظامی امور سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ کراچی کے ڈسٹرکٹس میں آبادی کے لحاظ سے اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کے سامنے سوال رکھا کہ آخر کراچی کے اضلاع میں کون اضافہ کرتا رہا ہے۔ انہوں نے موقف اختیار کیا کہ سندھ کے شہری علاقے کسی کے ہاری یا غلام نہیں ہیں، نہ ہی وہ کسی کی جاگیر ہیں اور نہ ہی انہیں کسی کی جاگیر بننے دیا جائے گا۔ خالد مقبول صدیقی نے واضح کیا کہ ایم کیو ایم نے مہاجر صوبے کی نہیں بلکہ کراچی صوبے کی بات کی ہے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ جمہوریت اور جاگیردارانہ جمہوریت کے درمیان صدیوں کا فاصلہ ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا پاکستان کا مقدر جاگیردارانہ جمہوریت اور موروثی سیاست ہی ہوگا؟ اور کیا چندسو خاندان ملک کی نمائندگی کریں گے؟ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کو ایک لسانی جماعت بھی قرار دیا۔ خالد مقبول صدیقی نے مزید کہا کہ اگر پاکستان میں نئے صوبوں کا مطالبہ کیا جا رہا ہے تو اس پر خونریزی کیوں ہوگی، کیا بلاول بھٹو کے اس بیان کا کوئی نوٹس لے گا؟۔ خالد مقبول صدیقی نے بلاول بھٹو زرداری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے پورے ملک میں بننے ہیں تو خونریزی صرف سندھ میں کیوں ہوگی، اور یہ بھی واضح کیا جائے کہ شہری علاقوں میں خونریزی کیوں ہوگی اور کون کرے گا؟ ان کا کہنا تھا کہ یہ بیان پورے پاکستان کو دھمکی کے مترادف ہے اور اس معاملے پر عدالتوں کا از خود نوٹس لینا بنتا ہے۔ انہوں نے بلاول بھٹو زرداری پر تنقید کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ وہ خواہ مخواہ بھٹو ہیں، اور مطالبہ کیا کہ ان کے ان سوالات کا جواب ضرور دیا جائے۔ معاشی اور آبادیاتی اعداد وشمار کا حوالہ دیتے ہوئے ایم کیو ایم رہنما نے دعویٰ کیا کہ سندھ کے کل ریونیو کا 97 فیصد حصہ شہری سندھ سے آتا ہے اور صوبے کی 65 فیصد آبادی شہری علاقوں میں آباد ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جو طبقہ کما کر دیتا ہے اسی کو وسائل خرچ کرنے کا اختیار ملنا چاہیے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھ کے 26 میونسپل اداروں میں سے زیادہ تر ہندوں کے پاس تھے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سندھ کے عوام کی اکثریت نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں ہے اور اس حوالے سے اٹھائے گئے سوالات کے جوابات سامنے آنے چاہئیں۔

بقیہ 18

پاکستان کی فضائی حدود استعمال نہیں کر سکتے۔ واضح رہے پاکستان نے بھارت کے لیے 23 اپریل 2025 سے فضائی حدود بند کی تھی۔

بقیہ 19

مذاکرات کیے۔ مذاکرات کے دوران زمینداروں کے جائز مطالبات کی منظوری اور زرعی پانی کی فوری فراہمی کے حوالے سے مکمل یقین دہانی کرائی گئی، جس کے بعد لانگ مارچ کے شرکا نے اپنا احتجاج ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔

بقیہ 20

برادری سے ہے، جن کی شناخت 25 سالہ ترن کمار اور 20 سالہ ممتا دیوی کے ناموں سے ہوئی ہے۔ اطلاع ملنے پر پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور دونوں لاشوں کو تحویل میں لے کر ضابطے کی کارروائی کے لیے سول ہسپتال حب منتقل کر دیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ تاحال میاں بیوی کی ہلاکت کی اصل وجہ معلوم نہیں ہوسکی ہے۔ واقعے کے محرکات اور موت کی حتمی وجوہات پوسٹ مارٹم رپورٹ آنے کے بعد ہی سامنے آسکیں گی، جبکہ پولیس کی جانب سے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 21

زرکون، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن حفیظ اللہ مری، پرنسپل بوائز ڈگری کالج ظفر اللہ اظہر، اسسٹنٹ کمشنر مصطفیٰ شفیع، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کاہان /ماوند میر خورشید مری، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوہلو اکبر جان مری، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کوآرڈینیٹر آر ٹی ایس ایم بہرام خان کاکائی، ڈسٹرکٹ سپروائزر بلوچستان ایجوکیشن فانڈیشن یوسف مری، نمائندہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل کاہان /ماوند عبدالواحد مری سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع بھر میں تعلیمی اداروں کی فعالیت، تدریسی عملے کی حاضری، تعلیمی معیار، طلبا و طالبات کے داخلوں، کلسٹر بجٹ کے استعمال، اسکولوں میں دستیاب سہولیات اور مختلف انتظامی و تدریسی مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ افسران نے اپنے حالیہ فیلڈ وزٹس اور معائنوں کی رپورٹس بھی پیش کیں، جن میں غیر حاضر اساتذہ کی نشان دہی کی گئی۔

بقیہ 22

جاوید بلوچ کی سربراہی میں محکمہ کی ٹیم انسداد منشیات مہم میں سرگرم عمل ہے تفصیلات کے مطابق صوبائی حکومت کی ہدایات اور منشیات کے خاتمے کے لیے زیروٹالرنس پالیسی کے تحت محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول نے منشیات کی اسمگلنگ اور غیر قانونی نقل وحمل کے سدباب کے لیے عملی اقدامات تیز کر دیے ہیں۔ قومی شاہراہ پر مشکوک گاڑیوں کی نگرانی، چیکنگ اور منشیات کی ترسیل روکنے کے لیے محکمہ کی ٹیمیں متحرک ہیں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جاوید بلوچ کی نگرانی میں جاری کارروائیاں محکمہ کی پیشہ ورانہ صلاحیت، فرض شناسی اور منشیات کے خلاف مؤثر حکمت عملی کا مظہر ہیں۔ قومی شاہراہ پر چیکنگ کے دوران منشیات کی بھاری مقدار کی برآمدگی سے متعلق کارروائیاں بھی انسدادِ منشیات مہم کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہیں محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول کی جانب سے منشیات کی غیر قانونی ترسیل میں ملوث عناصر کی روک تھام کے لیے نگرانی کے نظام کو مؤثر بنانے اور قانون کے مطابق کارروائیوں کو جاری رکھنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ ان اقدامات کا بنیادی مقصد منشیات کے پھیلا کو روکنے کے ساتھ نوجوان نسل کو اس تباہ کن لعنت سے محفوظ رکھنا ہے عوامی و سماجی حلقوں نے محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول کی انسدادِ منشیات کارروائیوں کو سراہتے ہوئے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جاوید بلوچ اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو قابلِ تحسین قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف بلاامتیاز، مستقل اور مؤثر کارروائیاں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ محکمہ ایکسائز مستقبل میں بھی اسی جذبے اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ منشیات فروشوں اور اسمگلروں کے خلاف اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ 23

گی۔ وفاقی وزیر برائے صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ 29 نومبر کی ریلی کی تاریخ کا اعلان خالد مقبول صدیقی نے کیا ہے، اس سلسلے میں ہم سے کوئی مشورہ نہیں ہوا۔ ایک انٹرویو میں مصطفیٰ کمال نے کہا ہم تصادم نہیں چاہتے ہم کسی اور دن ریلی نکالیں گے، محسوس کیا جارہا ہے کہ ملک بڑے صوبوں سے چل نہیں پا رہا، ڈاکٹرز کو سرجری کر دینی چاہیے، مریض سے پوچھنا نہیں چاہیے۔ واضح رہے کہ ایم کیو ایم کے سربراہ اور وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے 2 نومبر کو اعلان کیا تھا کہ 29 نومبر کو شاہراہ فیصل پر ایک بڑی ریلی نکالی جائے گی۔

بقیہ 24

نے حادثے میں زخمی ہونے والے مسافروں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے محکمہ صحت اور متعلقہ اسپتال انتظامیہ پر زور دیا کہ زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔

بقیہ 25

مستونگ میں بجلی وگیس کی بدترین صورتحال اور مختلف کلیوں کے مرکزی راستوں کی بندش کے خلاف کیا گیا۔ سراوان پریس کلب کے سامنے منعقدہ احتجاجی مظاہرے سے جمعیت علما اسلام کے ضلعی امیر مولانا شبیر احمد عثمانی، نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر میر سکندر خان ملازئی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر حاجی محمد انور مینگل، جماعت اسلامی کے ضلعی امیر حافظ خالد الرحمٰن، پی ٹی آئی رہنما نوروز خان، جمعیت علما پاکستان کے رہنما مولانا مشتاق احمد، جمعیت علما اسلام کے رہنما مولانا عصمت عزیز اور دیگر سیاسی وسماجی رہنماں نے خطاب کرتے ہوئے صوبے میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال، عوامی مشکلات اور حکومتی کارکردگی پر شدید تنقید کی۔ مقررین نے کہا کہ صوبے میں بدامنی کے واقعات میں اضافے، قومی شاہراہوں پر ٹرانسپورٹروں اور مال بردار گاڑیوں کو نشانہ بنانے، بھتہ خوری، اغوا اور کے واقعات نے کاروباری سرگرمیوں، تجارت، ٹرانسپورٹ اور عوامی زندگی کو شدید متاثر کر دیا ہے۔ قومی شاہراہوں پر مسافروں، ٹرانسپورٹروں اور تاجروں کو تحفظ حاصل نہیں، جبکہ خوف وہراس کی فضا پیدا کر رکھی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ صوبائی حکومت تاجروں، ٹرانسپورٹروں اور عام شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے۔ امن وامان کی صورتحال روز بروز خراب ہوتی جارہی ہے، لیکن عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور شاہراہوں کو محفوظ بنانے کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہیں آرہے، جس سے شہریوں اور کاروباری طبقے میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ مقررین نے مستونگ میں بجلی اور گیس کی صورتحال پر بھی سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شدید سردی کے موسم میں شہری بجلی اور گیس کی بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جبکہ گیس پریشر نہ ہونے کے باعث گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عوام کو ایک طرف بدامنی اور عدم تحفظ کا سامنا ہے تو دوسری جانب بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے مختلف علاقوں کے مرکزی راستوں کو سکیورٹی کے نام پر بند کرنے پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ راستوں کی بندش سے مقامی آبادی، مریضوں، طلبہ، کاروباری افراد اور دیگر شہریوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ عوامی سہولت اور شہریوں کی بنیادی ضروریات کو نظرانداز کر کے کیے جانے والے اقدامات سے لوگوں کی پریشانیوں میں اضافہ ہورہا ہے۔ سیاسی و تاجر رہنماں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ صوبے میں امن وامان کی بحالی، قومی شاہراہوں کو محفوظ بنانے، بھتہ خوری اور اغوا کی وارداتوں کی روک تھام، ٹرانسپورٹروں اور تاجروں کو تحفظ فراہم کرنے، مستونگ میں بجلی وگیس کی فراہمی بہتر بنانے اور بند راستوں کو عوامی مفاد میں کھولنے کے لیے فوری اور سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کے بنیادی حقوق، جان ومال کے تحفظ اور روزمرہ زندگی کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔

بقیہ 26

نصیرآباد ڈویژن میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم، نہری نظام کی بہتری، محکمہ آبپاشی کو درپیش مسائل اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران زرعی شعبے کو درپیش پانی کی ضروریات، نہروں میں پانی کی دستیابی، مختلف علاقوں تک پانی کی بروقت فراہمی اور نہری نظام کی مؤثر نگرانی کے حوالے سے امور زیر بحث آئے۔ اس موقع پر اس بات پر بھی غور کیا گیا کہ کاشتکاروں کو ان کے مقررہ حصے کے مطابق زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے محکمہ آبپاشی اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مربوط روابط اور باہمی تعاون کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ زرعی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں اور ٹیل کے علاقوں تک پانی کی رسائی ممکن بنائی جاسکے۔ چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی نے محکمہ آبپاشی کو درپیش مختلف انتظامی اور فنی چیلنجز کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا، جبکہ نہری نظام کی بہتری، پانی کی منصفانہ تقسیم اور آبپاشی کے معاملات کو مزید بہتر بنانے کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے اس موقع پر کہا کہ زراعت علاقے کی معیشت میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے اور کاشتکاروں کو درپیش مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم اور کاشتکاروں کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے محکمہ آبپاشی کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔ اس موقع پر نہری نظام سے متعلق امور کو باہمی مشاورت اور مربوط حکمت عملی کے تحت آگے بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا گیا تاکہ زرعی شعبے کو درپیش مسائل کا مؤثر حل نکالا جاسکے۔

بقیہ 27

امتحان الیکشن میں کامیابی نہیں بلکہ اس اہم ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھانا ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے امید ظاہر کی کہ کامیاب پینل سیکرٹریٹ اسٹاف کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے سول سیکرٹریٹ کے افسران اور اسٹاف کی فلاح وبہبود کے لیے کی جانے والی تمام کوششوں میں اپنے بھرپور تعاون کا یقین بھی دلایا۔

بقیہ 28

صحافیوں کی باہمی مشاورت سے اٹھایا گیا ہے۔ اعلامیہ میں واضح کیا گیا ہے کہ بائیکاٹ کے دوران سب ڈویژن وندر میں جے یو آئی کی پریس کانفرنسز، پریس ریلیزز، سیاسی وتنظیمی اجلاسوں، احتجاجی مظاہروں، عوامی اجتماعات اور دیگر تمام سرگرمیوں کی کسی بھی قسم کی میڈیا کوریج نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 29

ایک سیاسی قیدی ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عمران خان کیخلاف مقدمات بے بنیاد اور سیاسی بنیادوں پر قائم کئے گئے ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ان مقدمات میں رات کی تاریکی میں بند دروازوں کے پیچھے سزائیں سنائی گئیں، عدالت سے درخواست ہے دن کی روشنی میں کھلی عدالت میں ہمارا موقف سنا جائے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ہمارے سیاسی مخالفین بھی تسلیم کررہے ہیں کہ عمران خان ایک سیاسی قیدی ہیں۔

بقیہ 30

موقع پرصوبہ بھر کی طرح ضلع لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں بھی مکمل شٹرڈاؤن رہا، جہاں شہر بھر کے کاروباری مراکز اور دکانیں بند رہیں۔ اس موقع پر جے یو آئی تحصیل اوتھل کے زیراہتمام احتجاجی ریلی نکالی گئی اور جلسہ عام منعقد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت جے یو آئی ضلع لسبیلہ کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحمید عارف، تحصیل اوتھل کے امیر شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد سعید، ضلعی نائب امیر مولانا عبدالرزاق گنگو اور تحصیل جنرل سیکرٹری امام بخش شاہوک سمیت دیگر رہنماں نے کی۔ ریلی قومی شاہراہ اور مین بازار سے ہوتی ہوئی کراچی بس اسٹاپ اوتھل پہنچی، جہاں یہ احتجاجی جلسے میں تبدیل ہوگئی۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جبکہ سیکیورٹی کے فرائض انصار الاسلام کے ضلعی سالار مولانا محمد رفیق عمرانی، تحصیل سالار مولانا عبدالاحد عادل اور دیگر رضاکاران نے انجام دیے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مولانا عبدالحمید عارف، مولانا مفتی محمد سعید، مولانا عبدالرزاق گنگو، امام بخش شاہوک اور ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ حسین احمد مدنی سمیت دیگر مقررین نے کہا کہ صوبے میں بدامنی کے واقعات میں اضافے، شاہراہوں کی غیر یقینی صورتحال اور تجارتی بارڈرز کی بندش نے عوامی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، جبکہ ساحل ووسائل کے استعمال اور روزگار کے مواقع پر تحفظات پائے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی تیل کی سپلائی پر پابندی سے مقامی روزگار متاثر ہوا ہے، جسے قانونی شکل دے کر بحال کیا جانا چاہیے۔ مقررین نے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ کی مبینہ ڈرون فوٹیج، ان کے خاندان اور رفقا کے خلاف مقدمات و کارروائیوں اور علما وائمہ کو نوٹسز جاری کیے جانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے جماعتی کارکنان کے عزم کو متزلزل نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے ملک میں بڑھتی ہوئی بدامنی، مہنگائی اور معاشی دباؤ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں، سیکیورٹی اہلکاروں اور تاجروں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ آخر میں مقررین نے مطالبہ کیا کہ مہنگائی میں کمی اور ریلیف کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، زراعت کے شعبے اور کسانوں کو کھاد سمیت بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں، ایرانی تیل کے کاروبار کو قانونی حیثیت دی جائے اور سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے۔

بقیہ 31

وزیرستان، بنوں اور ٹانک میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور بہادری قابلِ تحسین ہے اور وہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور جدوجہد جاری رہے گی اور پوری قوم اپنی بہادر افواج اور سیکیورٹی فورسز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ محمد حنیف عباسی نے واضح کیا کہ پاکستان میں بھارتی سرپرستی اور معاونت سے دہشت گردی پھیلانے والے عناصر کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ فتنۃ الخوارج اور ان کے سہولت کاروں کے ناپاک عزائم کو ہر محاذ پر ناکام بنایا جائے گا اور ملک کا امن تباہ کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز پوری قوم کا فخر ہیں اور ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

بقیہ 32

سرفہرست ہیں۔ گیلپ سروے میں سعودی عرب رات کے وقت تنہا پیدل چلنے کے لئے محفوظ ترین ملک قرار دیا گیا، سعودی عرب میں 96 فیصد بالغ افراد نے خود کو محفوظ قرار دیا، سعودی عرب میں تحفظ کا احساس 2025 کے 95 فیصد سے بڑھ کر 96 فیصد ہوگیا۔ بحرین میں 93 فیصد شہریوں نے خود کو محفوظ قرار دیا، متحدہ عرب امارات 96 فیصد سکور کے ساتھ سنگاپور کے ہم پلہ قرار دیا گیا، دنیا کے 10 محفوظ ترین ممالک میں چار خلیجی ریاستیں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، کویت اور بحرین ٹاپ 10 میں شامل ہیں، گیلپ لا اینڈ آرڈر انڈیکس میں متحدہ عرب امارات 95 پوائنٹس کے ساتھ نمایاں ہے۔ بحرین 93 جبکہ کویت اور سعودی عرب 92 پوائنٹس کے ساتھ نمایاں رہے۔

بقیہ 33

گئیں۔ سیکیورٹی برانچ ڈیرہ اسماعیل خان کے مطابق گزشتہ رات گئے تک سیکیورٹی برانچ کی جانب سے پولیس اہلکاروں کی سیکیورٹی کلوز کر دی گئی تھی، جبکہ جمعرات کی صبح ڈسٹرکٹ پولیس نے بھی مولانا فضل الرحمٰن اور ان کے صاحبزادے کے ساتھ تعینات پولیس اہلکاروں کو واپس بلا کر سیکیورٹی ڈیوٹیاں ختم کر دیں۔ دریں اثنا جمعیت علمائے اسلام ف کے ترجمان اسلم غوری کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمن کی ڈیرہ اسماعیل خان اور اسلام آباد میں واقع رہائش گاہوں سے سیکیورٹی اہلکاروں کو ہٹانے کا حکم دیا گیا ہے۔ اسلم غوری نے سیکیورٹی واپس لینے کے فیصلے کو بدترین فسطائیت قرار دیتے ہوئے اسے ناقابل قبول قرار دیا ہے۔ انہوں نے مولانا اسعد محمود کی سیکیورٹی بھی اچانک ختم کیے جانے کا دعوی کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت واضح کرے کہ ایسا کس کے حکم پر کیا گیا۔ جے یو آئی ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان اور مولانا اسعد محمود پر درجنوں خودکش حملے ہوچکے ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ ایک طرف تھریٹ لیٹر اور دوسری طرف سکیورٹی کی واپسی سے حکومت کیا پیغام دے رہی ہے؟ ترجمان نے کہا ہے کہ جے یو آئی سربراہ کو کسی قسم کے نقصان کی ذمہ داری وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی پر عائد کرتے ہوئے کہا کہ ان کی سلامتی کو کوئی نقصان پہنچا تو ذمہ داران کو جواب دہ ہونا پڑے گا۔ ترجمان جے یو آئی نے کارکنوں کو تیار رہنے کا پیغام دیتے ہوئے کہا کہ جے یو آئی قائدین اور کارکنوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے۔ اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کی تمام سیکورٹی واپس لے لی گئی ہے، ایک طرف تھریٹ لیٹر اور دوسری طرف سیکورٹی کی واپسی حکومت کیا پیغام دے رہی ہے، جیو آئی قیادت کو کوئی بھی نقصان پہنچا تو حکمران ذمہ دار ہوں گے۔ اپنے بیان میں ترجمان جے یوآئی نے کہا کہ قائد جمعیت کے پرسنل سیکرٹری مفتی ابرار اور ان کی پوری فیملی کے خلاف جھوٹی ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔ ترجمان جے یو آئی، رات گئے مفتی ابرار کی گرفتاری کی آڑ میں اسلام آباد میں جگہ جگہ چھاپے مارے گئے۔ اسلم غوری نے کہا کہ حکمران بتائیں کہ جے یوآئی رہنماؤں اور کارکنوں کیخلاف کیوں کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے؟ حکمران جو بیج رہے ہیں کل ان کو کاٹنا ہوگا، کارکن الرٹ رہیں، قائد جمعیت کے تحفظ کے لئے کسی بھی وقت کال دی جاسکتی ہے۔

بقیہ 34

چاول کے ڈھیر کو آگ لگا دی اور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ RD-238 کی حدود گاں دودا خان نندوانی کے قریب مقامی زمیندار حسین کنرانی کی جانب سے 10 ایکڑ رقبے سے حاصل کر کے جمع کیے گئے چاول کے ڈھیر کو نامعلوم ملزمان نے نذر آتش کر دیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقہ مکین بڑی تعداد میں موقع پر پہنچ گئے اور اپنی مدد آپ کے تحت بھرپور جدوجہد کر کے آگ پر قابو پا لیا، جس سے مزید نقصان ہونے سے بچ گیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر متعلقہ پولیس نے جائے وقوعہ کا معائنہ کر کے ابتدائی تفتیش کا آغاز کر دیا ہے، تاہم آخری اطلاعات موصول ہونے تک اس واقعے کا باقاعدہ مقدمہ درج نہیں ہوسکا تھا۔

بقیہ 35

سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دو ارب روپے کی ابتدائی لاگت سے بلوچستان میں رجسٹرڈ بلوچستان انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کی جائے گی۔ اس کمپنی کے قیام سے صوبے کے سرکاری اداروں اور مقامی شہریوں کو انشورنس کی بہتر اور معیاری سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔ اس اقدام سے صوبے میں مالیاتی خدمات کے شعبے کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت انشورنس کمپنی کا قیام صوبے میں مالیاتی خدمات کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ حکومت بلوچستان نجی شعبے کے اشتراک سے ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن کے ذریعے صوبے کی معاشی استعداد سے بھرپور استفادہ کیا جاسکے اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں نجی شعبے کی شراکت داری کو فروغ دے کر معاشی سرگرمیوں میں وسعت اور پائیدار ترقی کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔ اجلاس میں ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں لو بی ٹی یو گیس کو بروئے کار لاتے ہوئے فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے مقامی قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے ساتھ صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور مقامی آبادی کے لیے روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام سے علاقے میں تجارتی سرگرمیوں میں اضافے اور متعلقہ شعبوں میں معاشی مواقع پیدا ہونے کی بھی توقع ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل کو مقامی سطح پر صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے استعمال کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے معاشی فوائد میں مقامی آبادی کو بھی بھرپور حصہ ملے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے راستے کھلیں۔ سوئی میں فرٹیلائزر کمپلیکس کا قیام اسی سوچ کے تحت ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے علاقے میں صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں معاشی ترقی کے لیے ایسے منصوبوں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے جن میں سرکاری اور نجی شعبہ مشترکہ طور پر سرمایہ کاری کرے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے دستیاب وسائل، نجی شعبے کی مہارت اور سرمایہ کاری کی صلاحیت کو یکجا کر کے ترقیاتی منصوبوں کو عملی شکل دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منظور شدہ منصوبوں پر پیش رفت کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے تاکہ ان کے ثمرات جلد عوام تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات ومنصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، سیکرٹری قانون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 36

دیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ترکمانستان مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے چھٹے اجلاس سے خطاب اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید میریدوف کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے اجلاس سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان دوستانہ تعلقات باہمی احترام پر مبنی ہیں، مشترکہ تاریخی روابط اور علاقائی خوشحالی کے مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، پاکستان ترکمانستان کے ساتھ مضبوط اور دیرینہ دوستانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ بین الحکومتی کمیشن دوستی کو مضبوط معاشی شراکت داری میں بدلنے کا اہم فورم ہے، دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں، توانائی، ٹرانسپورٹ اور عوامی روابط میں تعاون بڑھانے کے مواقع موجود ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ فیصلوں پر عملدرآمد اور اب تک ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لینے کا موقع ملے گا، مختلف شعبوں میں تعاون آگے بڑھانے کیلئے عملی اقدامات پر اتفاق کیا جائے گا، متعلقہ وزارتیں اور ادارے طے شدہ امور پر پیش رفت کے لئے موثر اقدامات کریں۔ ترکمانی وزیر خارجہ رشید میریدوف نے کہا کہ شاندار میزبانی پر پاکستانی قیادت اور عوام کے تہہ دل سے مشکور ہیں، چھٹے بین الحکومتی اجلاس کے موقع پر پاکستان کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا، پاکستان اور ترکمانستان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کی لڑی میں پروئے ہوئے ہیں۔ پاکستان کے ساتھ اپنے دوطرفہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں، پاکستان کے ساتھ اعلیٰ سطح کے روابط کے مزید فروغ کیلئے پرعزم ہیں۔ اجلاس کا مقصد باہمی تعاون کے نئے شعبوں کی نشاندہی کرنا ہے، دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی کیلئے مسلسل رابطے ناگزیر ہیں، علاقائی و دوطرفہ امور کے متوازن اور پائیدار حل کے خواہاں ہیں۔ قبل ازیں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید میریدوف کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا اور زیر التوا مسائل کے حل پر زور دیا گیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ترکمانی وزیر خارجہ رشید میریدوف کے درمیان یہ ملاقات پاکستان اور ترکمانستان کے مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے چھٹے اجلاس سے قبل ہوئی۔ وزرائے خارجہ نے پاکستان اور ترکمانستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کا جائزہ لیا اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، علاقائی روابط اور عوامی سطح پر تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر بھی اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اس بات پر زور دیا کہ زیر التوا مسائل کے حل اور خطے میں پائیدار امن واستحکام کے قیام کے لئے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابلِ عمل راستہ ہیں۔ ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید اووزگلدیوچ میریدوف نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار اور مسلسل سفارتی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ 37

ٹیکس، ایف ای ڈی، پینلٹی سرچارج کی وصولی، ضبط شدہ سامان کی نیلامی میں بھی مسائل سامنے آگئے۔ دستاویز کے مطابق 527 ٹیکس کیسز میں 117 ارب 77 کروڑ روپے سیر ٹیکس کم وصول ہوا۔ فیلڈ دفاتر نے 159 افراد کو 41 ارب 78 کروڑ کا ان پٹ ٹیکس کریڈٹ غلط دیا۔ 601 کیسز میں 15 ارب 29 کروڑ روپے جبکہ 870 کیسز میں 13 ارب روپے سے بھی زائد کا سیلز ٹیکس شارٹ فال رہا۔ 12 ارب 78 کروڑ روپے کی ضبط شدہ گاڑیاں اور دیگر سامان ڈسپوز آف کرنیمیں گھپلے اور 14 کیسز میں 4 ارب 84 کروڑ روپے کے ناجائز ڈریپری ایشن کلیم کی ادائیگی کا بھی انکشاف ہوا۔ رپورٹ کے مطابق تقریبا 2 ارب روپے کی ان پٹ ٹیکس کی غلط تقسیم۔ 22 افراد سے ایک ارب 73 کروڑ روپے کم ٹیکس وصول کیا گیا۔ درآمد مال کی غلط درجہ بندی اور کم قیمت لگانیسقومی خزانے کو 3 ارب 56 کروڑ روپے کا نقصان پہنچایا گیا۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کے مطابق بار بار نشاندہی کے باوجود کئی سال سے وہی غلطیاں دہرائی جا رہی ہیں۔ بلیک لسٹڈ لوگوں کی انوائسز کی نگرانی، اندرونی کنٹرول مضبوط بنانے اور ناجائز کلیمز روکنے کی سفارش کی گئی۔ کیش انعام کے اصولوں پر سخت عملدرآمد کی ہدایت بھی کردی گئی۔

بقیہ 38

راستے کھلے رکھنے کی کوشش ہے، اسے فوری حملے کی تیاری کا ثبوت قرار نہیں دیا گیا۔ رپورٹ میں دو ذرائع کا کہنا ہے کہ مبینہ منصوبہ بندی میں مخصوص مقامات اور اہداف کی نشاندہی بھی شامل ہے، جس کے بعد امریکی حکام نے ممکنہ خطرے سے نمٹنے کے لیے ہنگامی تیاریوں کا آغاز کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ ہفتے اس معاملے پر کئی اجلاس بھی ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق امریکی اداروں نے ایسی ایرانی مواصلاتی گفتگو بھی پکڑی ہے جس میں دعویٰ کیا گیا کہ دھماکا خیز مواد کی تیاری میں استعمال ہونے والی ممکنہ اشیا امریکا کے اندر خفیہ طور پر چھپائی گئی ہیں۔ تاہم امریکی حکام ان اطلاعات کی صداقت کے بارے میں یکساں رائے نہیں رکھتے۔ بعض ذرائع کے مطابق یہ بھی واضح نہیں کہ ایران کے پاس امریکا میں اس نوعیت کی کارروائی کرنے کے لئے مطلوبہ افراد اور نیٹ ورک موجود ہیں یا نہیں۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان لارین ڈِس نے سی این این کو بتایا کہ انتظامیہ ہر ممکن خطرے پر نظر رکھے ہوئے ہے، تاہم اس وقت امریکا کو درپیش کسی قابلِ اعتبار اندرونی خطرے کی نشاندہی نہیں ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق امریکی حکام ان اطلاعات کو واشنگٹن کے حملوں اور اقتصادی ناکہ بندی کے دباؤ کے تناظر میں ایران کی جانب سے کشیدگی بڑھانے کی ممکنہ علامت سمجھ رہے ہیں۔ دوسری جانب اقوام متحدہ میں ایران کے مشن کے ترجمان نے امریکی الزامات کو جھوٹا اور من گھڑت قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ایران ہر قسم کے حالات میں کیمیائی ہتھیاروں کے استعمال کو مکمل طور پر ناجائز سمجھتا ہے۔ تاہم ایرانی بیان میں مبینہ ڈرٹی بم منصوبہ بندی سے متعلق انٹیلی جنس اطلاعات کا براہ راست جواب نہیں دیا گیا۔

تک خالی رہنے والے اس کے کیمپ سے ایک ٹی شرٹ یا جائے کا کپ تک غائب نہیں ہوا تھا، یہ بلوچستان کے عوام کے کردار اور ثقافت کی ایک واضح مثال ہے۔ حکومت معدنی راہداری سمیت پورے صوبے میں سرمایہ کاروں کو مکمل سکیورٹی، ون ونڈو آپریشن اور تمام ضروری سہولیات فراہم کرے گی جبکہ ریڈ ٹیپ ازم کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ریکوڈک کے حوالے سے سوالات کا جواب دینے سے پہلے وہ دنیا کو بلوچستان کے عوام اور ان کی ثقافت کے بارے میں ایک خوبصورت کہانی بتانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب بیرک کمپنی چند سال قبل ریکوڈک منصوبے سے الگ ہوئی تو ایک دہائی سے زیادہ عرصے تک اس کا کیمپ خالی پڑا رہا اور وہاں کوئی سیکیورٹی گارڈ بھی تعینات نہیں تھا، لیکن جب کمپنی دس سال بعد واپس آئی تو کیمپ سے ایک ٹی شرٹ تک چوری نہیں ہوئی تھی اور نہ ہی جائے کا ایک کپ غائب تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہی بلوچستان ہے اور یہی یہاں کے عوام کی روایات، ثقافت اور مہمان نوازی کا حقیقی عکس ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جب سرمایہ کاری اور سیکیورٹی کی بات ہوتی ہے تو سب سے پہلے عوام اہمیت رکھتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام ملکی اور بین الاقوامی شراکت داروں کا خیرمقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ سرمایہ کار صوبے میں آئیں اور یہاں دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ حکومت کی پالیسی بھی یہی ہے کہ مقامی آبادی کو ساتھ ملا کر، ان کے دل اور ذہن جیت کر سرمایہ کاروں اور شراکت داروں کے لیے ایک محفوظ اور سازگار ماحول بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کے قیام کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتیں پوری طرح پرعزم ہیں جبکہ سیکیورٹی اداروں کے پاس مطلوبہ صلاحیت اور استعداد موجود ہے۔ معدنی راہداری کے تحفظ کے لیے ایک علیحدہ سیکیورٹی ڈویژن قائم کیا گیا ہے جبکہ فرنٹیئر کور کا نیا ونگ بھی تشکیل دیا جا رہا ہے تاکہ صوبے بھر بالخصوص معدنی راہداری میں سرمایہ کاروں کو مکمل سکیورٹی فراہم کی جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کے نزدیک بلوچستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے اصل چیلنج سکیورٹی سے زیادہ صوبے کے بارے میں پائے جانے والے منفی تاثر اور زمینی حقائق کے درمیان فرق ہے، کیونکہ منفی تاثر ہمیشہ حقیقت کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے پھیلتا ہے۔ بلوچستان کے بارے میں ذرائع ابلاغ پر دکھائے جانے والے مناظر پورے صوبے کی حقیقی تصویر پیش نہیں کرتے۔ بلوچستان ایک مختلف خطہ ہے، یہاں کے عوام سرمایہ کاروں کا خیرمقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ملکی وغیرملکی سرمایہ کار صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ میر سرفراز بگٹی نے ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت ان کے تحفظ اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کی ذمہ داری پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان معدنیات، تیل اور گیس سمیت قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور صوبے کی زیرزمین معدنی دولت میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ریکوڈک منصوبہ اس حوالے سے ایک نمایاں مثال ہے جو 2029 تک شروع ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے علاقے سرونہ سے بھی آئندہ چند ماہ میں تیل اور گیس کے ذخائر کے حوالے سے اچھی خبریں متوقع ہیں۔ وہاں موجود ذخائر کے بارے میں دستیاب معلومات کے مطابق ان کی مقدار سوئی کے تاریخی گیس ذخائر سے بھی زیادہ ہے، جنہوں نے سات دہائیوں سے زائد عرصے تک پاکستان کی توانائی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت وفاقی حکومت کے تعاون سے سوئی میں فرٹیلائزر سٹی کے قیام کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، کیونکہ علاقے میں کم بی ٹی یو گیس موجود ہے جسے صنعتی اور زرعی شعبے کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سرمایہ کاروں کو اس منصوبے سمیت دیگر صنعتی و معدنی منصوبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نہ صرف سیکیورٹی بلکہ سرمایہ کاروں کی ضروریات کے مطابق تمام شہری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرمایہ کاروں کا پہلا تقاضا تحفظ اور سرمایہ کاری کے لیے یقین دہانی ہے، جس کی ضمانت وہ صوبائی حکومت، وفاقی حکومت اور بلوچستان کے عوام کی جانب سے دیتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاروں کو سرخ فیتے کی رکاوٹوں کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا بلکہ ون ونڈو آپریشن کے ذریعے تمام ضروری امور کو سہل بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں معدنیات سے متعلق قانون سازی بھی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت ہے۔ صوبائی اسمبلی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ تمام سیاسی جماعتوں کے اتفاق رائے سے منظور کیا ہے اور اسے پاکستان کے مجموعی قانونی و پالیسی فریم ورک سے ہم آہنگ رکھا گیا ہے۔ اس قانون سازی کا مقصد معدنی شعبے میں شفافیت، سہولت اور سرمایہ کاری کے لیے ایک واضح نظام فراہم کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے ملکی و غیرملکی سرمایہ کاروں پر زور دیا کہ وہ بلوچستان کو محض خبروں اور منفی تاثر کی بنیاد پر نہ دیکھیں بلکہ خود صوبے کا دورہ کریں، یہاں کے عوام سے ملیں اور دستیاب سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان سرمایہ کاروں کے ساتھ محض انتظامی سطح پر نہیں بلکہ ایک حقیقی شراکت دار کے طور پر کام کرنا چاہتی ہے تاکہ صوبے کے قدرتی وسائل کو بروئے کار لا کر معاشی سرگرمیوں، روزگار اور ترقی کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکیں۔ تک خالی رہنے والے اس کے کیمپ سے ایک ٹی شرٹ یا جائے کا کپ تک غائب نہیں ہوا تھا،

حکمرانی کسی کی جاگیر نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے، طارق فضل

پیپلز پارٹی اپنی کارکردگی کا جائزہ لے، عوامی ریفرنڈم کو چور دروازہ کہنا جمہوری سوچ نہیں، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

نظام کی اصلاح کسی ایک جماعت کی اجارہ داری نہیں، عوام کو بھی براہ راست رائے دینے کا حق ہے، بلاول بھٹو کے بیان پر ردعمل

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ نظام کی اصلاح اور مستقبل کے فیصلوں کا اختیار کسی ایک سیاسی جماعت کی اجارہ داری نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے۔ عوامی ریفرنڈم کو چور دروازہ قرار دینا جمہوری سوچ کی عکاسی نہیں کرتا۔ چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پارلیمان میں بحث کے ساتھ عوام کو بھی اپنے مستقبل کے بارے میں آئینی طریقے سے رائے دینے کا حق ملنا چاہیے۔ ریفرنڈم آئین میں موجود ایک راستہ ہے، اسے غیر جمہوری قرار نہیں دیا جاسکتا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر جمہوریت، پارلیمان کی بالادستی اور آئین پر یقین ہے تو عوام کی براہ راست رائے پر اعتراض کیوں کیا

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 7 پر)



تربت، چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر تربت، بلوچستان میں بریفنگ میں شریک ہیں

پہلا پاکستانی خلاباز 25 نومبر کو چینی مشن کے ذریعے خلا کیلئے روانہ ہوگا

اسلام آباد (اے این این) خلائی تاریخ میں پاکستان ایک نئی منزل کی جانب گامزن ہے اور اسی تاریخی پیشرفت میں پہلا پاکستانی خلاباز 25 نومبر کو چین کے شین ژو 24 مشن کے ذریعے خلا میں روانہ ہوگا۔ پاک چین خلائی تعاون میں یہ ایک تاریخی سنگ میل ہے، سپارکو کے بیان کے مطابق محمد ذیشان علی اور خرم داد چین میں خلائی تربیت مکمل کر چکے

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر کیچ کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

174 اسکولوں کے دوروں کی رپورٹ پیش، بجلی و پانی کی عدم دستیابی اور غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا جائزہ

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد، تحصیل سطح کے ایجوکیشن آفیسران، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر سمیت محکمہ تعلیم اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران واہلکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کیچ کے تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی، انتظامی امور، تدریسی سرگرمیوں اور اسکولوں میں دستیاب بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے ضلعی اور تحصیل سطح کے افسران نے اپنے اپنے علاقوں میں واقع سرکاری اسکولوں کی صورتحال اور کارکردگی کے حوالے سے رپورٹس پیش کیں۔ افسران نے ڈپٹی کمشنر کیچ کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع کیچ کے مختلف علاقوں میں مجموعی طور پر 174 اسکولوں کے دورے کیے گئے، جہاں تعلیمی ماحول، اساتذہ کی حاضری اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 7 پر)

ڈی جی صحت بلوچستان کا گوادر میں زیر تعمیر ٹراما سینٹر اور او پی ڈی بلاک کا دورہ

منصوبوں کی بروقت تکمیل سے گوادر کے عوام کو جدید اور بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی: ڈاکٹر امین مندوخیل

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان ڈاکٹر امین خان مندوخیل نے میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر میں محکمہ مواصلات وتعمیرات، فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ حکومت بلوچستان گوادر کے زیر نگرانی زیر تعمیر ٹراما سینٹر اور او پی ڈی بلاک کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری تعمیراتی سرگرمیوں، کام کے معیار اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 7 پر)

قلعہ عبداللہ کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کیا جائے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

بھتہ خوری، اسمگلنگ اور منشیات کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی ہدایت، محکمہ داخلہ سے ایک ہفتے میں رپورٹ طلب

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلعہ عبداللہ میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کے مکمل خاتمے کے لیے متعلقہ حکام کو مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیاں کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھتہ خوری، اسمگلنگ، منشیات فروشی اور دیگر منظم جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں اور قلعہ عبداللہ کو

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 7 پر)

ڈیرہ بگٹی، پٹ فیڈر سے نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر دو افراد کو اغوا کرلیا

مغویوں میں حسین بخش اور غالب حسین مرہٹہ شامل ہیں، پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے تلاش شروع کردی

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے پٹ فیڈر سے نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر دو افراد کو اغوا کرلیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈیرہ بگٹی کے قریب سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے پٹ فیڈر کے مقام پر نامعلوم مسلح ملزمان نے اسلحہ کے زور پر حسین بخش اور غالب حسین مرہٹہ نامی دو شہریوں کو یرغمال بنا کر اپنے

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 7 پر)

بھارت کا پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا عالمی قانون کی خلاف ورزی ہے، پاکستان

سندھ طاس معاہدہ بدستور نافذ العمل، بھارت اس کے تحت اپنی ذمہ داریوں کا پابند ہے، اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب

کسی بھی ملک کو مشترکہ قدرتی وسائل کو دباؤ ڈالنے یا سیاسی مقاصد کے حصول کیلئے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، عثمان جدون کا خطاب

نیویارک (اے این این) پاکستان نے بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ اور غیر قانونی طور پر معطل کرنے کے اقدام اور پاکستان کی طرف آنے والے دریاؤں کا پانی روکنے کی دھمکیوں کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ مشترکہ قدرتی وسائل کو بطور ہتھیار استعمال کرنا بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی، 24 کروڑ سے زائد افراد کے روزگار اور فلاح و بہبود کیلئے خطرہ اور علاقائی امن و استحکام کے منافی ہے۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل کے رکن ملک لائبیریا کے زیر اہتمام قدرتی وسائل اور تنازعات، روک تھام اور امن کے لئے تعاون کا فروغ کے موضوع پر منعقدہ آریا فارمولا اجلاس سے خطاب

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 7 پر)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف قطر کی سیکورٹی فورس اور فیڈرل کانسٹیبلری پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے موقع پر موجود ہیں

خلیج میں کشیدگی کا اثر زائل، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مستحکم

واشنگٹن (اے این این) عالمی منڈی میں جمعرات کے روز خام تیل کی قیمتیں گزشتہ سیشن میں کمی کے بعد مستحکم ہیں، کیونکہ تیل کی رسد میں اضافے کی توقعات اور امریکی شرح سود میں ممکنہ اضافے کے خدشات نے ایران جنگ کے باعث آبنائے ہرمز میں جہاز رانی پر ہونے والے حملوں کے اثرات کو زائل کر دیا ہے۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی کے

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 7 پر)

کیسکو کی 2790 خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے خضدار میں واک اینڈ انٹرویو جاری

بھرتی کا عمل مکمل طور پر صاف، شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر ہوگا، حق حقدار کو ملے گا: ڈپٹی کمشنر

خضدار (خ ن) کیسکو کی 2790 خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے خضدار میں واک اینڈ انٹرویو کا سلسلہ جاری ہے۔ پانچ روزہ انٹرویوز کا آج چوتھا روز تھا۔ ڈی سی کمپلیکس خضدار میں منعقدہ انٹرویوز ایس ای کیسکو کرم بخش بادینی ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل کی نگرانی میں مختلف کیٹیگریز کی آسامیوں کے لیے امیدواروں سے انٹرویو لیے گئے۔ انٹرویو سینٹر کے

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، سینئر صحافی شاہد میتلا جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

درخواست ضمانت پر سماعت کل ہوگی، عدالت کی جانب سے فریقین کو نوٹسز جاری

کوئٹہ (یو این اے) سینئر صحافی شاہد میتلا کو جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت نے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا، جبکہ ان کی درخواست ضمانت کی سماعت کل بروز جمعہ مقرر کرتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی جانب سے پیکا ایکٹ کے تحت دائر ہتک عزت کے مقدمے میں نامزد سینئر صحافی

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 7 پر)

سبی میں سی ایس ایس کے خواہشمند طلباء وطالبات کے لیے کیریئر کونسلنگ سیشن

طلباء کو انٹرمیڈیٹ ہی سے تیاری کا آغاز کرنا چاہیے اور اعلیٰ تعلیم و اسکالرشپس سے فائدہ اٹھانا چاہیے: ایس ایس پی سبی

سیوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس ہال میں سی ایس ایس کے خواہشمند طلباء و طالبات کی رہنمائی کے لیے خصوصی کیریئر کونسلنگ سیشن کا انعقا د کیا گیا، جس میں ایس ایس پی سیوی عبدالحمید نے بطور مقرر شرکت کرتے ہوئے طلباء و طالبات کو سی ایس ایس کے امتحان، تیاری کے مؤثر طریقہ کار اور مستقبل میں کامیابی کے حوالے سے تفصیلی لیکچر دیا۔ ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے بھی سیشن میں خصوصی شرکت کی اور طلباء و طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں اعلیٰ تعلیم اور مقابلے کے امتحانات کی تیاری کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ سیشن کے دوران ایس ایس پی سیوی عبدالحمید نے اپنے سی ایس ایس کے سفر اور کامیابی کے تجربات طلباء و طالبات کے ساتھ شیئر کیے اور انہیں بتایا کہ مقابلے کے امتحان میں کامیابی کے لیے مستقل مزاجی، محنت،

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 7 پر)

ڈیرہ اللہ یار کی اہم شاہراہوں اور چوکوں سے غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ، سامان ضبط

عوامی راستوں اور شاہراہوں پر قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا: اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرا

جعفرآباد (خ ن) ضلع جعفرآباد میں عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرا کی سربراہی میں تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی عمل میں لائی گئی، جس میں میونسپل کارپوریشن کے چیف آفیسر احمد نواز جتک کی ٹیم اور ٹریفک پولیس کے اہلکاروں نے حصہ لیا۔ کارروائی کے دوران ڈیرہ اللہ

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 7 پر)

گوادر میں کیسکو کے جاری واک ان انٹرویوز کے انتظامات کا جائزہ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کا انٹرویو سینٹر، سیکیورٹی اور امیدواروں کی سہولیات کا معائنہ

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور حکومتِ بلوچستان کی عوامی سہولت، شفافیت اور میرٹ پر مبنی بھرتیوں کی پالیسی کے تحت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل گوادر ڈاکٹر عبدالشکور نے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس ہیڈکوارٹر حسین بلوچ، پی آر او جی ڈی اے حفیظ شیران اور ایس ایس پی آفس کے حمل بلوچ کے ہمراہ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 7 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر سلیم احمد کھوسہ لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان اور مالدیپ کا تجارت کے فروغ کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق

مشترکہ ورکنگ گروپ دونوں ممالک کے تجارتی تعلقات مضبوط اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے میں اہم کردار ادا کریگا

دوطرفہ تعلقات اور اقتصادی تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کا اعلیٰ سطح کا وفد جلد مالدیپ کا دورہ کرے گا، وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چوہدری اور مالدیپ کے وزیر تجارت محمد سعید کے درمیان آن لائن ملاقات ہوئی، جس میں دونوں ممالک نے تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ مشترکہ ورکنگ گروپ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات مضبوط بنانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کو چاول، چینی، پھل اور سبزیوں کی برآمدات بڑھانے کا خواہاں ہے، جبکہ ادویات اور ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں اضافے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیر بحری امور کا کہنا تھا کہ پاکستان

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 7 پر)



بنکاک، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سیوڈی چلڈرن پالیسی ڈائیلاگ کے موقع پر یادگاری شیلڈ وصول کررہے ہیں

حب میں فلیٹ سے ہندو میاں بیوی کی لاشیں برآمد

حب (اے این این) بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں فلیٹ سے ہندو میاں بیوی کی لاشیں برآمد ہوئیں تام وجہ ہلاکت معلوم نہ ہوسکی۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں لاسی روڈ پر واقع مندر کے قریب ایک رہائشی فلیٹ سے میاں بیوی کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والے میاں بیوی کا تعلق ہندو

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوہلو، ڈپٹی کمشنر عبدالحمید زہری کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

تعلیمی اداروں کی کارکردگی، اساتذہ کی حاضری اور تعلیمی سہولیات کا جائزہ، غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہوں میں بھاری کٹوتی کا فیصلہ

کوہلو (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے سرکاری تعلیمی ادار وں کی مجموعی صورتحال، تدریسی عملے کی حاضری، طلباو طالبات کے داخلوں، کلسٹر بجٹ کے استعمال اور تعلیمی شعبے کو درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر خان

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 7 پر)

29 نومبر کی تاریخ خالد مقبول نے دی، ہم سے مشورہ نہیں کیا، مصطفیٰ کمال

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر برائے صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ 29 نومبر کی ریلی کی تاریخ کا اعلان خالد مقبول صدیقی نے کیا ہے، اس سلسلے میں ہم سے کوئی مشورہ نہیں ہوا۔ ایک انٹرویو میں مصطفیٰ کمال نے کہا ہم تصادم نہیں چاہتے ہم کسی اور دن ریلی نکالیں گے، محسوس کیا جارہا ہے کہ ملک بڑے صوبوں سے چل نہیں پارہا، ڈاکٹرز کو سرجری کر دینی چاہیے، مریض سے پوچھنا نہیں چاہیے۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کے سربراہ اور وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے 2 نومبر کو اعلان کیا تھا کہ 29 نومبر کو شاہراہ فیصل پر ایک بڑی ریلی نکالی جائے

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

چھتر، منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں تیز، شاہراہ پر چیکنگ سخت

ای ٹی او جاوید بلوچ کی سربراہی میں ٹیم متحرک، نوجوان نسل کو منشیات سے بچانا ترجیح ہے

چھتر (یو این اے) نوجوان نسل کو منشیات کی تباہ کاریوں سے محفوظ رکھنے اور منشیات کی غیر قانونی ترسیل کی روک تھام کے لیے محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول کی جانب سے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ قومی شاہراہ پر منشیات اسمگلروں کے خلاف نگرانی اور چیکنگ کا عمل مزید سخت کردیا گیا ہے، جبکہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر (ETO)

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

جی ایم گڈا کی بی آر ایس پی دفتر گوادر آمد، ڈسٹرکٹ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر سے ملاقات

مقامی نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر صنعتی ترقی اور روزگار کے ثمرات میں شریک کرنا نا گزیر ہے: محمد ہاشم بزنجو

گوادر (خ ن) گوادر انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے جنرل منیجر محمد ہاشم بزنجو نے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (BRSP) کے دفتر گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈسٹرکٹ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر زبیر ہوت سے ملاقات کی۔ ملاقات میں RISE پروگرام، جاری فنی و پیشہ ورانہ تربیتی سرگرمیوں، نوجوانوں کی استعداد کار میں اضافے

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

جے یو آئی ضلع کوئٹہ کی قیادت کی مولانا فضل الرحمٰن اور مفتی اسعد محمود کی سیکیورٹی واپس لینے کی مذمت

سیاسی قیادت کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے، کارکنوں کو شیڈول فور میں شامل کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے، رہنماؤں کا بیان

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) ضلع کوئٹہ کی قیادت نے وفاقی حکومت کی جا نب سے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن اور مفتی اسعد محمود کی سیکیورٹی واپس لیے جانے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے اس پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

نصیر آباد، زرعی پانی کی عدم فراہمی کے خلاف زمینداروں کا لانگ مارچ، کامیاب مذاکرات کے بعد ختم

حاجی صدام حسین عمرانی کی سربراہی میں قافلہ ربیع کینال پہنچا، مطالبات کی منظوری کی یقین دہانی پر احتجاج موخر

نصیرآباد (یو این اے) معروف قبائلی شخصیت حاجی صدام حسین عمرانی کی سربراہی میں باباکوٹ کے زمینداروں نے زرعی پانی کی عدم فراہمی کے خلاف ڈیرہ مراد جمالی سے کوئٹہ وزیراعلیٰ ہاؤس کی جانب لانگ مارچ ریلی نکالی، جو ربیع کینال کے مقام پر کامیاب مذاکرات کے بعد اختتام پذیر ہو گئی۔ اطلاعات کے مطابق لانگ مارچ کے آغاز پر نصیرآباد پولیس اور متعلقہ انتظامی افسران کی جانب سے ریلی کو منسوخ کرانے کے لیے متعدد بار مذاکرات کی کوششیں کی گئیں، تاہم مظاہرین اپنے مقف پر قائم رہتے ہوئے آگے بڑھتے رہے۔ شرکا ڈیرہ مراد جمالی سے تقریبا 12 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرکے ربیع کینال کے قریب پہنچے، جہاں صوبائی وزیر آبپاشی بلوچستان میر محمد صادق عمرانی کے فرزند اور پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد ڈویژن کے صدر میر بلال خان عمرانی کی ہدایت پر سرکردہ رہنما محمد صدیق عمرانی اور دیگر نے حاجی صدام حسین عمرانی سے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آر ڈی ایم سی کے کنٹری مینیجر ضرار جمالی سوئیبئر کا تبادلہ کررہے ہیں

نئے صوبوں پر خونریزی کی بات پورے پاکستان کو دھمکی ہے، خالد مقبول

سندھ کے عوام کی اکثریت نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں ہے، اس حوالے سے سوالات کے جوابات سامنے آنے چاہئیں

دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، سندھ کے شہروں کو کسی کی جاگیر نہیں بننے دیں گے، وفاقی وزیر تعلیم کی پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر تعلیم و رہنما ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ بلاول خواہ مخواہ کے بھٹو ہیں، نئے صوبوں پر خونریزی کی بات پورے پاکستان کو دھمکی ہے، دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، ہم سندھ کے شہروں کو کسی کی جاگیر نہیں بننے دیں گے۔ جمعرات کو کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ نئے صوبوں کا مطالبہ اب محض شہری سندھ تک محدود نہیں رہا بلکہ پورے پاکستان کی ضرورت بن چکا ہے اور اس معاملے پر ملک بھر میں بات ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ اور ڈویژن کی طرح صوبے بھی انتظامی اکائیاں ہیں، تاہم اب صوبے ریاست کا درجہ اختیار کرتے جا رہے ہیں۔ خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا کہ جو بات

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 7 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان ملاقات کررہے ہیں

بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع

اسلام آباد (اے این این) پاکستان نے بھارت کیلئے فضائی حدود بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کردی۔ پاکستان ائیر پورٹ اتھارٹی کی جانب سے جاری نئے نوٹم کے مطابق بھارت کیلئے فضائی حدود بندش میں 23 دسمبر 2026 تک توسیع کردی گئی ہے۔ ائیر پورٹ اتھارٹی کے مطابق بھارت کے تمام رجسٹرڈ کمرشل، جیٹ مسافر اور ملٹری طیارے

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

مستونگ، بدامنی اور بنیادی سہولیات کی قلت کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال و مظاہرہ

سراوان پریس کلب کے سامنے احتجاج، شاہراہوں کے تحفظ، گیس و بجلی بحالی اور راستے کھولنے کا مطالبہ

مستونگ (یو این اے) آل پارٹیز اور تاجر تنظیموں کی مرکزی کال پر مستونگ میں بھی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی جبکہ سراوان پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا گیا۔ احتجاج صوبے بھر میں بڑھتے ہوئے بدامنی کے واقعات، قومی شاہراہوں پر ٹرانسپورٹروں اور مال بردار گاڑیوں سے بھتہ وصولی، اغوا کی وارداتوں، مسلح جتھوں کی سرگرمیوں،

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

بخت محمد کاکڑ کا گوادر مسافر بس حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے گوادر میں پیش آنے والے مسافر بس کے افسوسناک حادثے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ اس المناک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور دلخراش ہے۔ انہوں نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ ناقابلِ تلافی صدمہ برداشت کرنے کی ہمت و توفیق دے۔ بخت محمد کاکڑ

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی کی ڈپٹی کمشنر صحبت پور سے ملاقات

نصیرآباد ڈویژن میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم اور نہری نظام کی بہتری پر تفصیلی تبادلہ خیال

صحبت پور (خ ن) چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی نے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل مدثر ظفر کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال شمس الملک بادینی اور ایگزیکٹو انجینئر کچھی کینال الٰہی بخش گاجانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ضلع صحبت پور سمیت

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، ایڈیشنل سیکرٹریز محکمہ خزانہ حافظ محمد قاسم، فخر الدین اور فیاض علی انٹرنل آڈٹ یونٹ کے زیر تربیت افسران اور اہلکاروں کو تربیت فراہم کررہے ہیں

وزیراعظم کی ہدایت پر مولانا فضل الرحمان اور اسعد محمود سے سیکیورٹی واپس لے لی گئی

کارکن تیار رہیں، قائد جمعیت کے تحفظ کے لئے کسی بھی وقت کال دی جاسکتی ہے

مولانا فضل کو کسی قسم کے نقصان کی ذمہ داری وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی پر ہوگی، ترجمان جے یو آئی

اسلام آباد (اے این این) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن اور ان کے صاحبزادے مولانا اسعد محمود سے حکومت کی جانب سے فراہم کردہ سیکیورٹی واپس لے لی گئی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ رات وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات پر ڈیرہ اسماعیل خان میں مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ پر تعینات ایف سی کا پلاٹون واپس بلا لیا گیا، جبکہ مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ تعینات پولیس کی تمام سیکیورٹی بھی ختم کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ اسی طرح مولانا فضل الرحمٰن کے صاحبزادے مولانا اسعد محمود سے بھی ایف سی اور پولیس کی سیکیورٹی واپس لے لی گئی۔ سیکیورٹی اہلکاروں کو 15 منٹ کے اندر اپنی ڈیوٹیاں چھوڑ کر واپس روانہ ہونے کی ہدایات جاری کی

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 7 پر)

صحبت پور، نامعلوم افراد نے 10 ایکڑ رقبے پر جمع شدہ چاول کے ڈھیر کو آگ لگا دی

تحصیل پہنور سنہڑی میں مقامی مکینوں نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ پر قابو پالیا، پولیس نے تفتیش شروع کردی

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور کی تحصیل پہنور سنہڑی کے پولیس تھانہ RD-238 کی حدود میں نامعلوم شرپسند عناصر نے مقامی کاشتکار کے جمع شدہ

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 7 پر)

مشرق وسطی میں کشیدگی کے باوجود خلیجی ممالک محفوظ ترین ممالک میں سرفہرست

ریاض (اے این این) مشرق وسطی میں کشیدگی کے باوجود خلیجی ممالک محفوظ ترین ممالک کی فہرست میں

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 7 پر)

سول سیکرٹریٹ اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات میں شاہین پینل کی کامیابی

اصل امتحان الیکشن میں کامیابی نہیں بلکہ ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھانا ہے: میر محمد صادق عمرانی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات میں شاہین پینل کی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں صوبائی وزیر نے شاہین پینل کے نومنتخب صدر کامرید یونس زہری، جنرل سیکرٹری قائم خان کاکڑ اور پوری کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ حق رائے دہی کا درست استعمال اور ورکرز کی محنت سے انتخابات کا انعقاد جمہوریت کا حسن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اصل

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 7 پر)

وندر، پریس کلب وندر کا جمعیت علمائے اسلام تحصیل وندر کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان

صحافیوں کی پیشہ ورانہ ساکھ مجروح کرنے کی مبینہ کوشش پر باہمی مشاورت سے فیصلہ کیا گیا، تمام سرگرمیوں کی میڈیا کوریج معطل رہے گی

وندر (یو این اے) پریس کلب وندر نے جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) تحصیل وندر کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے سب ڈویژن وندر میں جماعت کی تمام سیاسی، تنظیمی اور عوامی سرگرمیوں کی میڈیا کوریج نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پریس کلب وندر کی جانب سے جاری کردہ باضابطہ اعلامیے کے مطابق یہ اقدام جمعیت علمائے اسلام وندر کے ایک ذمہ دار عہدیدار کی جانب سے صحافیوں کی پیشہ ورانہ ساکھ کو مجروح کرنے کی مبینہ کوشش کے بعد مقامی

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 7 پر)

مخالفین بھی تسلیم کر رہے ہیں عمران خان سیاسی قیدی ہیں، بیرسٹر گوہر

مقدمات میں رات کی تاریکی میں بند دروازوں کے پیچھے سزائیں سنائی گئیں، عدالت سے درخواست ہے دن کی روشنی میں کھلی عدالت میں ہمارا موقف سنا جائے

بانی کیخلاف مقدمات بے بنیاد اور سیاسی بنیادوں پر قائم کئے گئے ہیں، دن کی روشنی میں کھلی عدالت میں ہمارا موقف سنا جائے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہمارے سیاسی مخالفین بھی تسلیم کررہے ہیں کہ عمران خان ایک سیاسی قیدی ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عمران خان کیخلاف مقدمات بے بنیاد اور سیاسی بنیادوں پر قائم کئے گئے ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ان مقدمات میں رات کی تاریکی میں بند دروازوں کے پیچھے سزائیں سنائی گئیں، عدالت سے درخواست ہے دن کی روشنی میں کھلی عدالت میں ہمارا موقف سنا جائے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ہمارے سیاسی مخالفین بھی تسلیم کررہے ہیں کہ عمران خان ایک سیاسی قیدی ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہمارے سیاسی مخالفین بھی تسلیم کررہے ہیں کہ عمران خان

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 7 پر)

حنیف عباسی کا 22 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے خیبر پختونخوا کے اضلاع جنوبی

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 7 پر)

اوتھل، تحفظ حقوق بلوچستان ہڑتال کے تحت مکمل شٹر ڈاؤن، جے یو آئی کی احتجاجی ریلی

مقررین کا بدامنی، بارڈرز کی بندش اور مبینہ کردارکشی پر احتجاج، ایرانی تیل پر پابندی ختم کرنے کا مطالبہ

اوتھل (یو این اے) جمعیت علما اسلام (جے یو آئی) بلوچستان اور آل پارٹیز کی کال پر تحفظِ حقوق بلوچستان کے سلسلے میں دی گئی شٹر ڈاؤن ہڑتال کے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 7 پر)

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈیپینڈنٹ پرنٹر سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔ 0812092472 - 03318383955